★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | پیر 4 شعبان المعظم 1446ھ، 3 فروری 2025ء 21 ماگھ 2081 بکرمی (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 104

مریم نواز نے سپیشل بچوں کیلئے سپیشل پراجیکٹس کا سپیشل ریکارڈ قائم کردیا

سپیشل ایجوکیشن کے معیار تعلیم کو بلند کرنے کیلئے سکول انفارمیشن سسٹم ڈویلپمنٹ، سٹیزن ریلیشن شپ مینجمنٹ، سپیشل ایجوکیشن موبائل ایپ اور سمارٹ مانیٹرنگ ایپ کی تیاری

سپیشل بچے ہمارے لئے سپیشل ہیرو کی مانند ہیں، پنجاب میں سپیشل ایجوکیشن مراکز اور سسٹم میں بہتری کا ہدف ہرصورت پورا کرینگے: مریم نواز شریف

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف نے سپیشل بچوں کیلئے سپیشل پراجیکٹس کا سپیشل ریکارڈ قائم کردیا-وزیراعلی مریم نواز شریف کی ہدایت پر لاہور میں بننے والا پاکستان کا پہلا سرکاری آٹزم سکول تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہوچکا ہے-پاکستان کے پہلے سرکاری آٹزم سکول میں آٹزم کے مریض بچوں کا مفت علاج کیا جائے گا -وزیراعلی مریم نواز شریف کی ہدایت پر آٹزم سکول پراجیکٹ کی تکمیل ایک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

منڈی بہاوالدین، مراکش کشتی

حادثے میں ملوث ملزم گرفتار

منڈی بہاءالدین (این این آئی) ایف آئی اے نے منڈی بہاءالدین میں کارروائی کرکے مراکش کشتی حادثے میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے کے ترجمان کے مطابق ملزم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

خواجہ سعد رفیق نے بھی پیکا قانون کیخلاف آواز اٹھادی

یادرہے قوانین کی چھڑی ہمیشہ وقت بدلنے کے ساتھ اسے بنانے والوں کیخلاف استعمال ہوتی ہے

لاہور (ویب ڈیسک) سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے بھی پریوینشن آف الیکٹرانک کرائم ایکٹ (پیکا) قانون کے خلاف آواز اٹھادی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما نے کہا کہ بے شک فیک نیوز ایک بہت بڑا مسئلہ بن چکا ہے لیکن کسی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

ڈیرہ اسماعیل خان کار پر فائرنگ سے 4 لیویز اہلکاروں سمیت 5 افراد شہید

پانچوں افراد کو ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے درابن میں نشانہ بنایا گیا، اہلکار ٹرک کی چوری کے کیس کے سلسلے میں ڈیرہ اسماعیل خان جا رہے تھے، ذرائع لیویز فورس

چند روز قبل ضلع پشین کے علاقے خانوزئی سے چوری کیا گیا ٹرک ڈیرہ اسماعیل خان سے برآمد ہوا تھا، پولیس کی بھاری نفری نے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کردیا

ڈی آئی جی (این این آئی) ڈیرہ اسماعیل خان کے قریب گھات لگائے ملزمان نے کار پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں 4 لیویز اہلکاروں سمیت 5 افراد شہید ہوگئے، فائرنگ کے بعد گاڑی میں آگ بھڑک اٹھی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈیرہ اسماعیل خان کے قریب کوئٹہ روڈ پر درابن گرڈ اسٹیشن کے سامنے این 50 پر نامعلوم افراد نے کار پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں 4 لیویز اہلکاروں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

فضائی آلودگی کے خاتمے تک سکھ کا سانس نہیں لیں گے، مریم اورنگزیب

فضائی آلودگی کیخلاف جنگ کے لیے جدید ٹیکنالوجی سے کاربن مونو آکسائیڈ، سلفر ڈائی آکسائیڈ، اوزون کی مانیٹرنگ کی جا رہی ہے، پنجاب کی سینئر وزیر

صوبے بھر میں 30 جدید ایئر کوالٹی مانیٹرنگ اسٹیشنز نصب کردیے گئے، اسی سال 31 مارچ تک 30 مزید مانیٹرز لگائے جائیں گے، اس سے قبل ان مانیٹرز کی تعداد صرف 3 تھی

لاہور (ویب ڈیسک) پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے جب تک فضا صاف وسازگار نہیں ہوجاتی، سکھ کا سانس نہیں لیں گے، آخر یہ ہماری نسلوں کی بقا کا مسئلہ ہے۔ حکومت پنجاب کی جانب سے جاری بیان کے مطابق وزیراعلی مریم نواز کی قیادت میں صاف اور سرسبز پنجاب کے وژن کے تحت ماحولیاتی تحفظ کے بڑے اقدامات کرتے ہوئے پنجاب میں اربوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

فروری 2025
افتتاحی تقریب
اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف تقریب سے خطاب کررہے ہیں

حکومت کا مارچ سے بجلی کی قیمت میں نمایاں کمی کا فیصلہ

مالی سال 2024-25 کی دوسری سہ ماہی کے لیے 2 روپے فی یونٹ کمی متوقع ہے، ایڈجسٹمنٹ کی درخواست نیپرا کو جمع کروا دی گئی

عوام کو 25 ارب روپے سے زائد کا ریلیف ملے گا، نیپرا 12 فروری 2025 کو درخواستوں پر عوامی سماعت کرے گا: ذرائع

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی حکومت نے بجلی کی قیمت میں نمایاں کمی کا فیصلہ کرلیا جس کے تحت مالی سال 2024-25 کی دوسری سہ ماہی کے لیے 2 روپے فی یونٹ کمی متوقع ہے۔ پاور ڈسٹری بیوشن کمپنیوں نے ایڈجسٹمنٹ کی درخواست بھی نیپرا کو جمع کروا دی ہے۔ منظوری کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

مریم نواز شریف کا ورلڈ ویٹ لینڈز ڈے پر پیغام

ویٹ لینڈز ماحولیاتی تبدیلیوں کے خلاف دفاع ہے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ورلڈ ویٹ لینڈز ڈے پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ویٹ لینڈز ماحولیاتی تبدیلیوں کے خلاف دفاع ہے، اسکا تحفظ ماحولیاتی بقا کے لیے ناگزیر ہے- ویٹ لینڈز ہماری زمین کے پھیپھڑے کہلاتے ہیں اور آبی و جنگلی حیات کے مسکن ہیں-ویٹ لینڈز زمینی پانی کی سطح کو برقرار رکھتے اور کاربن جذب کرتے ہیں، سیلاب بھی کنٹرول کرتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

کرم، اسسٹنٹ کمشنر پر فائرنگ میں ملوث 2 دہشتگرد گرفتار

بوشہرہ میں فائرنگ کے واقعات میں ملوث ملزمان کیخلاف 3 مقدمات درج کرلیے گئے

کرم (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر کرم پر فائرنگ میں ملوث 2 دہشت گردوں کو گرفتار کرلیا گیا جبکہ بوشہرہ میں فائرنگ کے واقعات میں ملوث ملزمان کے خلاف 3 مقدمات درج کرلیے گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق گزشتہ روز اسسٹنٹ کمشنر سعید منان پر فائرنگ کرنے والے 2 دہشت گردوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

پاک فوج کا استور میں ریسکیو آپریشن

قیمتی جانیں بچ گئیں

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان کے علاقے کامری میں پاک فوج کی کامیاب ریسکیو آپریشن میں قیمتی جانیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر ملاقات کر رہے ہیں

بانی سے ملاقات نہیں کراسکتے، ان سے مذاکرات کیا کریں؟ عمر ایوب

پیپلز پارٹی نے متنازع پیکا اور ڈیجیٹل نیشن بل پر بے شرمی کے ساتھ ووٹ دیا، مسلط کی گئی حکومت کے پاس کچھ نہیں ہے

پنجاب پولیس کچے کے ڈاکوؤں کا مقابلہ نہیں کرسکتی، پی ٹی آئی پر چڑھ دوڑتی ہے، قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے حکومت اور اس کے اتحادیوں پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہیں کراسکتے، ان سے مذاکرات کیا کریں؟۔ اپنے ایک بیان میں عمر ایوب نے کہا کہ مسلط کی گئی حکومت کے پاس کچھ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول کا دوغلا پن متنازع پیکا ایکٹ میں سامنے آگیا، پیپلز پارٹی نے متنازع پیکا اور ڈیجیٹل نیشن بل پر بے شرمی کے ساتھ ووٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

عون چوہدری سے ملاقات عاطف خان کے گلے پڑ گئی، علی امین گنڈا پور کے طعنے

سابق گورنر شاہ فرمان نے واٹس ایپ گروپ میں عاطف اور عون چوہدری کی ملاقات کی تصویر شیئر کی تھی

پشاور (این این آئی) پی ٹی آئی کے اندرونی اختلافات میں مزید اضافہ ہوگیا ہے، پارٹی کے واٹس ایپ گروپ میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور کی جانب سے عاطف خان کو طعنے دیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق عون چوہدری سے ملاقات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد: مسلم سٹوڈنٹس لیگ کی جانب سے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے دوران انڈیا کے پرچم جلائے جارہے ہیں

بجلی ٹیرف کم کرنے کیلئے گردشی قرضے کو سرکاری قرض میں بدلنے پر کام شروع

حکومت 16.26 ارب ڈالر کے قرضے کی ری پروفائلنگ کیلئے بھی تیار، میڈیا رپورٹس

اسلام آباد (این این آئی) موجودہ حکومت نے گردشی قرضے کو سرکاری قرض میں بدلنے کیلئے ابتدائی کام شروع کردیا اور اس سے ٹیرف 3.37 روپے فی یونٹ کم ہوجائے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حکومت ہائیڈل، درآمدی کوئلے، تھر کے کوئلے، ہوا، شمسی بجلی کیلئے لیے گئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

زرعی شعبے کو سالانہ بنیادوں پر 1.266

ٹریلین روپے کے قرضے فراہم

اسلام آباد (این این آئی) زرعی شعبہ کو رواں مالی سال کے پہلے 6 ماہ کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

تقسیم کار کمپنیوں کا بجلی تقریباً 2 روپے فی

یونٹ سستی کرنے کیلئے نیپرا سے رجوع

اسلام آباد (این این آئی) کے الیکٹرک سمیت تقسیم کار کمپنیوں نے نیپرا سے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں تقریباً 2 روپے فی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

اسرائیلی ڈرون حملہ، مغربی کنارے

میں 14 سالہ فلسطینی شہید

مغربی کنارہ (این این آئی) مقبوضہ مغربی کنارے کے شہر جنین میں اسرائیلی فوج کے ڈرون حملے میں 14 سالہ فلسطینی احمد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

واشنگٹن طیارہ حادثے میں جاں بحق

پاکستانی خاتون اسریٰ حسین کی لاش مل گئی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ریاست واشنگٹن میں ہونے والے ایک دل دہلا دینے والے طیارہ حادثے میں جاں بحق ہونے والی پاکستانی خاتون اسریٰ حسین کی میت الخانہ کے حوالے کردی گئی ہے۔ اسریٰ حسین کی تدفین اتوار کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

کراچی، ایکسپو سنٹر میں نمائش کے دوسرے روز شہری سٹال پر موجود ہیں

لاہور: صوبائی وزیر اوقاف ومذہبی امور چوہدری شفیع حسین دینی سکالر مفتی احمد علی سے ملاقات کررہے ہیں

رواں ہفتے لاہور ہائیکورٹ میں پرنسپل سیٹ پر 22 ججز کیسز سماعت کرینگے

پرنسپل سیٹ پر 8 ڈویژن بنچ سول اور فوجداری اپیلوں پر سماعت کریں گے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں رواں ہفتے پرنسپل سیٹ پر 22 ججز کیسز سماعت کریں گے، پرنسپل سیٹ پر 8 ڈویژن بنچ سول اور فوجداری اپیلوں پر سماعت کریں گے۔ جاری کئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

چوہدری شافع حسین کی جامعہ اشرفیہ آمد، استاد الحدیث مفتی احمد علی سے ملاقات

علمائے کرام کی تجاویز کی روشنی میں خاتم النبیین یونیورسٹی کو فعال کیا جائے گا' صوبائی وزیر اوقاف

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی امور چوہدری شافع حسین نے جامعہ اشرفیہ میں دینی سکالر و استاد الحدیث جامعہ اشرفیہ مفتی احمد علی سے ملاقات کی جس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

پیکا ایکٹ جیسے قوانین بنانے سے پاکستان کو شمالی کوریا بنا دیا گیا، حافظ حمد اللہ

پی پی پی، مسلم لیگ اپوزیشن میں پیکا قانون کو سیاہ قانون کہا کرتی تھی، کیا یہ کھلا تضاد نہیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) جے یو آئی (ف) کے رہنما حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ پیکا ایکٹ جیسے قوانین بنانے سے پاکستان کو شمالی کوریا بنا دیا گیا۔ جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ صدر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد: صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود سے امیر جماعت اسلامی نعیم الرحمٰن ملاقات کر رہے ہیں

وزیر اعظم آزاد کشمیر سے حافظ نعیم الرحمان کی ملاقات

جماعت اسلامی نے آزاد کشمیر میں ہمیشہ مثبت کردار ادا کیا، چودھری انوار الحق کی گفتگو

مظفر آباد (این این آئی) وزیر اعظم آزاد کشمیر چودھری انوار الحق سے امیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

59 میڈیکل افسران کی گریڈ 18 میں

ترقی کیلئے محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری

ہیلتھ کیئر کو مراسلہ ارسال

لاہور (این این آئی) محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

ناروال: جماعت اسلامی کی جانب سے احتجاج کیا جارہا ہے

پاکستان اور ملائیشیا کا قیدیوں کے تبادلے کا معاہدہ حتمی مراحل میں داخل

معاہدے پر دستخط اسحٰق ڈار کے دورہ ملائیشیا کے دوران متوقع ہیں، سفارتی ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان قیدیوں کے تبادلے کا معاہدہ حتمی مراحل میں داخل ہوگیا۔ سفارتی ذرائع کے مطابق ملائیشیا نے قیدیوں کے تبادلے کے معاہدے کا مجوزہ ڈرافٹ پاکستان کے حوالے کردیا ہے، ملائیشیا میں اس وقت 384 پاکستانی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے ای وی پالیسی کا نفاذ

ای وی چارجنگ اسٹیشنز کیلئے بجلی کے نرخوں میں 44 فیصد کمی کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں ای وی چارجنگ اسٹیشنز اور ای وی انڈسٹری کے فروغ کیلئے پہلی بار قوانین کا نفاذ کیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایس آئی ایف سی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

اراکین پارلیمنٹ بھی قبضہ مافیہ کے شکنجے میں آ گئے

رکن قومی اسمبلی سید سمیع الحسن گیلانی کی زمین پر بھی ناجائز قبضے کا انکشاف

اسلام آباد (آن لائن) اراکین پارلیمنٹ بھی قبضہ مافیہ کے شکنجے میں آ گئے، رکن قومی اسمبلی سید سمیع الحسن گیلانی کی زمین پر بھی ناجائز قبضے کا انکشاف، سمیع الحسن گیلانی نے اپنی زمین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

تحریک انصاف نے چیف الیکشن کمشنر و ممبران کیخلاف ریفرنس دائر کر دیا

پنجاب کے 66 میں سے 46 حلقوں سمیت نواز شریف، شہباز شریف اور مریم نواز کے حلقوں میں ہمارے انتخابی کیمپ اکھاڑے گئے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف نے بطور سیاسی جماعت اور اپنے رہنماء قائد حزب اختلاف عمر ایوب خان کے ذریعے چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا ممبران الیکشن کمیشن ممبر پنجاب بابر بھروانہ ممبر سندھ احمد دورانی ممبر بلوچستان شاہ محمد جتوئی ممبر کے پی کے جسٹس (ر) اکرام اللہ خان کے خلاف

مظفر آباد: وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق سے امیر جماعت اسلامی نعیم الرحمٰن ملاقات کررہے ہیں

وزیراعظم کے رمضان پیکیج کو مستحق افراد

میں نقدی کی صورت میں تقسیم کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے وزیراعظم کے رمضان پیکیج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

آئی ایم ایف کی ایک اور شرط پوری، کیپٹو پاور

پلانٹس پر لیوی لگانے کیلئے آرڈیننس کی منظوری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے آئی ایم ایف کی ایک اور شرط (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

وکلا برادری نے تبادلے کے ذریعے بھجوائے گئے ججز کو مسترد کردیا

ہڑتال کا اعلان، وکلاء برادری مختلف ہائی کورٹس سے ججز کے تبادلے کو مسترد کرتی ہے، اور پیر کو ہڑتال کا اعلان کرتی ہے

پیر کو کوئی وکیل کسی بھی عدالت میں پیش نہیں ہوگا یہ ٹرانسفرز عدلیہ میں تقسیم اور بدنیتی پر مبنی ہیں، پریس کانفرنس

اسلام آباد (آن لائن) وکلا برادری نے اسلام آباد ہائی کورٹ میں تین مختلف ہائی کورٹس سے تبادلے کے ذریعے بھجوائے گئے ججز کو مسترد کرتے ہوئے ہڑتال کا اعلان کردیا ہے اتوار کو مختلف صوبوں سے اسلام آباد ہائیکورٹ میں ججز کی ٹرانسفرز کا معاملہ پر اسلام آباد بار کونسل، اسلام آباد ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن، ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کی مشترکہ پریس کانفرنس میں کہا ہے کہ وکلاء برادری مختلف ہائی کورٹس سے ججز کے تبادلے کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

اراکین کی تنخواہ میں اضافے کے متعلق سینیٹ

کی فنانس کمیٹی کا اجلاس (آج) طلب

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی فنانس کمیٹی کا اجلاس (آج) پیر کو طلب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

وکلاء پر سیون اے ٹی اے کے تحت درج مقدمات ختم کئے جائیں' پنجاب بار کونسل

وکلاء نے ہمیشہ جمہوریت کی مضبوطی، آئین وقانون کی حکمرانی کا علم بلند کیا ہے' وائس چیئرمین عرفان صادق تارڑ

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین عرفان صادق تارڑ نے کہا ہے کہ وکلاء پر سیون اے ٹی اے کے تحت درج مقدمات ختم کئے جائیں، وکلاء نے ہمیشہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

جہلم، بھائیوں نے ٹک ٹاک بنانے

پر بہن کی جان لے لی

جہلم (این این آئی) جہلم میں ٹک ٹاک ویڈیوز بنانے پر 20 سالہ لڑکی کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

پارک ملازم نے جان بوجھ کر شیر کا پنجرہ

کھول دیا، حکام کی دوڑیں لگ گئیں

لاہور (این این آئی) محکمہ وائلڈ لائف پنجاب نے جان بوجھ کر شیر کا پنجرہ' (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

لاہور: پرنسپل جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر گزشتہ سال کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بانی جیسی ہدایت دیں گے اسلام آباد کا رخ کریں گے، جنید اکبر

پی ٹی آئی قیادت پہلے بھی اداروں سے رابطے میں تھی، یہ رابطے مرضی سے کیے گئے تھے، صدر پی ٹی آئی کے پی کے

سب مل کر ماضی کے تجربات سے سیکھیں گے، پی ٹی آئی دوبارہ اسلام آباد کیلئے منظم پلان کیساتھ میدان میں آئیگی، میڈیا سے گفتگو

پشاور (این این آئی) پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے صدر جنید اکبر نے کہا ہے کہ بانی عمران خان جیسے ہی ہدایت دیں گے ہم اسلام آباد کا رخ کریں گے۔ جنید اکبر نے اتوار کو میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے آٹھ فروری کو صوابی میں ہونے والے احتجاجی جلسے کی تیاریوں اور حکمت عملی پر بات کی۔ جنید اکبر نے کہا کہ صوابی کا جلسہ خیبر پختونخوا کا سب سے بڑا جلسہ ہوگا اور اس جلسے میں بھرپور شرکت کی توقع ہے۔ انہوں نے وزیر داخلہ پر تنقید کرتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

لاہور: مودت اہل بیت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام حضرت امام حسینؑ و عباس علمدارؑ باسعادت کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے فرید احمد پراچہ خطاب کررہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی ہدایت پر تجاوزات کے خلاف کارروائیوں میں تیزی

اسسٹنٹ کمشنرز کی فیلڈ میں تجاوزات کے خلاف کارروائیاں جاری، اہم پیش رفت

لاہور (خبر نگار) ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی ہدایت پر تجاوزات کے خلاف کارروائیاں سے تیزی جاری ہے۔ اسسٹنٹ کمشنرز کی فیلڈ میں تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کے دوران اہم پیش رفت ہوئی۔ اسسٹنٹ کمشنر شالیمار ڈاکٹر انعم فاطمہ نے باغبانپورہ بازار میں تجاوزات کے خلاف کارروائی کے دوران باغبانپورہ بازار سے 70 فیصد تجاوزات کا خاتمہ اور 13 دکانیں سیل کیں۔ اسسٹنٹ کمشنر شالیمار نے فتح گڑھ، لال پل اور نبی پورہ نہر روڈ پر تجاوزات کے خلاف کارروائیاں کیں اور ایک ٹرک سامان اور 7 ریڑھیاں ضبط کروائی۔ اسسٹنٹ کمشنر علامہ اقبال ٹاؤن نے رائیونڈ روڈ پر تجاوزات کے خلاف کارروائی کے دوران ایک ٹرک سامان ضبط کیا۔ اسی لیے اسسٹنٹ کمشنر نشتر نے نشتر بازار میں تجاوزات کے خلاف کارروائی کی۔ اسسٹنٹ کمشنر کینٹ نے تجاوزات کے خلاف ہفتہ وار کارروائی کا جائزہ لینے کے لیے میٹنگ کی۔ اسسٹنٹ کمشنر راوی نے شاہ میران روڈ، اسسٹنٹ کمشنر صدر کی صدر میں تجاوزات کے خلاف کارروائی کی۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ تجاوزات مافیا کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا کیونکہ تجاوزات سے ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے اور تجاوزات سے سروس روڈ، فٹ پاتھ اور مرکزی روڈز بند ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تجاوزات سے شہر کی خوبصورتی متاثر ہوتی ہے اور تجاوزات صفائی کے مسائل کا بھی باعث بنتی ہیں، ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ تجاوزات کے خاتمے کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز اپنا کردار ادا کریں۔

حافظ آباد میں بھی آج سے پانچ روزہ انسداد پولیو مہم شروع ہوگئی

ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے جھگیوں میں رہنے والے بچوں کو حفاظتی قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا افتتاح کیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں بھی آج سے پانچ روزہ انسداد پولیو مہم شروع ہوگئی۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے جھگیوں میں رہنے والے بچوں کو حفاظتی قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا افتتاح کیا۔ ڈی ایچ او ڈاکٹر فائق علی تارڑ بھی اس موقعہ پر موجود تھے۔ پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کے دوران ضلع بھر کے پانچ سال تک کی عمر کے 2 لاکھ 38 ہزار 551 بچوں کو حفاظتی قطرے پلائے جائینگے۔ بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کے لیے محکمہ صحت کی 998 ٹیمیں بس اڈوں، ریلوے اسٹیشن، بازارو، عوامی مقامات، سکولوں اور گھر گھر جا کر بچوں کو حفاظتی قطرے پلائینگی۔ ڈپٹی کمشنر نے مقامی علمائے کرام، تاجروں، اساتذہ، میڈیا کے نمائندوں سمیت سول سوسائٹی کے سرکردہ افراد سے پولیو مہم کو کامیاب بنانے اور عوام میں اسکی آگاہی بارے تعاون کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے بالخصوص والدین سے اپیل کی کہ اپنے بچوں کو پولیو جیسی خطرناک بیماری سے بچانے کے لیے حفاظتی قطرے ضرور پلائیں تاکہ پاکستان پولیو فری ملک بن سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے محکمہ صحت کے افسران اور پولیو ٹیموں کو ہدایت کی کہ پانچ سال تک کی عمر کا کوئی بچہ پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پینے سے نہ رہ جائے۔ تمام ٹیمیں اپنے مائیکرو پلان کے تحت اپنے تمام علاقوں میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلانے کا ٹارگٹ مکمل کریں۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ محکمہ صحت کی ٹیمیں بس اڈوں، ریلوے اسٹیشن اور تمام ٹرانزٹ پوائنٹ پر خاص طور پر بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کا فریضہ سرانجام دیں اور ان مقامات سے کوئی بھی بچہ بغیر قطرے پیے بغیر نہیں رہنا چاہیے۔

لاہور: مجلس وحدت مسلمین کے ڈپٹی سیکرٹری سیاسیت حیدر عباس حیدری وفد کے ہمراہ بابا گرونانک صاحب کرتار پور حاضری دیتے ہوئے

لاہور: پرنسپل جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر گزشتہ سال کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جنرل ہسپتال: سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری، تقریباً 2 ملین مریضوں کا علاج

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژن ''صحت سب کیلئے'' پر عملدرآمد یقینی بنا رہے ہیں: پرنسپل امیر الدین

مریضوں ولواحقین کو مفت کھانا اور مہمان خانوں کی تعمیر سے شہریوں نے سکھ کا سانس لیا: ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن صحت سب کیلئے پر عملدرآمد یقینی بناتے ہوئے 2024 کے دوران لاہور جنرل ہسپتال میں تقریباً 20 لاکھ مریضوں کا بغیر پرچی فیس علاج معالجہ ہوا جبکہ اسی عرصے کے دوران ہسپتال میں مختلف نوعیت کے 98 ہزار 925 مریضوں کے چھوٹے بڑے آپریشنز بھی کیے گئے، اس امر کا اظہار پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ وامیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے گزشتہ سال کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا جس میں پروفیسرز صاحبان، ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین، ڈائریکٹر ایمرجنسی پروفیسر خضر حیات گوندل، ڈائریکٹر ویجیلنس ڈاکٹر عدنان مسعود، ڈاکٹر جعفر حسین شاہ، ڈاکٹر لیلیٰ شفیق، ڈاکٹر عمارہ اختر، ڈاکٹر نادیہ ارشد، ڈاکٹر عبدالعزیز، ڈاکٹر سلمان شکیل سمیت دیگر ڈاکٹرز موجود تھے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی رہنمائی میں ہسپتال میں سینئر کنسلٹنٹ کی دستیابی، معیاری طبی سہولیات کی فراہمی، مانیٹرنگ وفیڈ بیک کا نظام اور مخیر حضرات کے تعاون سے مریضوں ولواحقین کو مفت کھانے کی سہولت اور تیمارداروں کے لئے مہمان خانوں کی تعمیر سے شہریوں نے سکھ کا سانس لیا اور ایل جی ایچ انتظامیہ پر اعتماد بڑھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دکھی انسانیت کی بہتر سے بہتر خدمت جنرل ہسپتال کے ہیلتھ پروفیشنلز کا طرہ امتیاز ہے، ماضی کی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے امسال 2025 میں بھی مریض دوست پالیسیوں کا سلسلہ جاری رکھیں گے تاکہ پنجاب اور دوسرے صوبوں سے علاج معالجے کے لئے آنے والے لوگوں کو بر وقت معیاری طبی سہولیات میسر آسکیں۔ پروفیسر الفرید ظفر نے مزید کہا کہ انسانی جان سے بڑھ کر کوئی چیز مقدم نہیں ہو سکتی لہذا ہیلتھ پروفیشنلز کو چاہیے کہ وہ بہترین اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے ہمہ وقت چاق وچوبند رہیں۔ پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ گزشتہ برسوں کے مقابلے میں اس سال لاہور جنرل ہسپتال کی کارکردگی میں مزید مثبت اضافہ ہوا ہے جو بلاشبہ ایک ٹیم ورک ہے۔ انہوں نے کہا کہ سینئر ڈاکٹرز اور نرسز اور پیرا میڈیکل سٹاف اس ہسپتال میں ایک فیملی کی طرح شہریوں کو طبی امداد کی فراہمی کے لئے سرگرم عمل ہیں اور اس امر کے لئے پر عزم ہیں کہ لاہور جنرل ہسپتال جیسے تاریخی ادارے کو مثالی اور سٹیٹ آف دی آرٹ بنانے کا سفر جاری رکھیں گے جس کے لئے حکومتی سرپرستی کے ساتھ ساتھ ہماری انفرادی اور اجتماعی کاوشوں کو کلیدی عمل دخل حاصل ہوتا ہے۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر فریاد حسین نے ہسپتال کی کارکردگی پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ 12 ماہ کے دوران 119757 الٹرا ساؤنڈ، 289574 ایکسرے، 73586 سی ٹی سکین، 15898 ایم آر آئی اور 18364 ڈائلسز کیے گئے۔ اسی دوران 68164 ای سی جی، 6651 گیسٹرو سکوپی، 522 نیورو انجیوگرافی اور 12767 بچوں کی پیدائش ہوئی۔ انہوں نے اس امر پر اطمینان کا اظہار کیا کہ پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر کی سربراہی میں لاہور جنرل ہسپتال ہر سال پہلے سے زیادہ شہریوں کو طبی سہولتیں فراہم کرتا ہے۔

ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کی نگرانی میں لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام (ایل ڈی پی) پر کام جاری

لاہور (خبر نگار) لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام (ایل ڈی پی) ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی نگرانی میں تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنرز اپنے اپنے علاقوں میں جاری ترقیاتی کاموں کی نگرانی کر رہے ہیں اور اس بات کو یقینی بنا رہے ہیں کہ کام مقررہ معیار اور وقت کے مطابق ہو۔ اسسٹنٹ کمشنر نشتر محمد سلیم آسی نے یوسی 241، 247 اور 248 کا دورہ کیا اور ترقیاتی کاموں کے ساتھ ساتھ ڈیٹا اپ لوڈ کی نگرانی کی۔ اسسٹنٹ کمشنر علامہ اقبال ٹاؤن خواجہ محمد عمیر محمود نے ایل ڈی پی پر ایک میٹنگ کی جس میں ایم سی ایل اور واسا کی اسکیموں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ ایک ٹھیکیدار کی جانب سے استعمال کیے جانے والے ریڈ ٹائل کا معیار ناقص پایا گیا جس پر اسسٹنٹ کمشنر علامہ اقبال ٹاؤن خواجہ محمد عمیر محمود نے نئے ٹائل لگانے کی ہدایت کی۔ اسسٹنٹ کمشنر راوی طارق شبیر نے کشمیری گھاٹی کا دورہ کیا جہاں آئندہ ہفتے پی سی سی کا کام شروع ہوگا۔ اسسٹنٹ کمشنر شالیمار ڈاکٹر انعم فاطمہ نے یوسی 153 کا دورہ کیا جہاں سڑکوں پر کام جاری ہے۔ ایک سڑک پر واسا کی کلیئرنس نہ ملنے کی وجہ سے کام رکا ہوا تھا، جس کا مسئلہ اسسٹنٹ کمشنر شالیمار ڈاکٹر انعم فاطمہ نے حل کروا دیا۔ ڈی سی لاہور نے ہدایت کی ہے کہ ایل ڈی پی کو بروقت اور معیاری انداز میں مکمل کیا جائے۔

پاکستان میں دہشت گردی کے پیچھے عناصر کیخلاف ریاست کو پوری قوت سے کھڑا ہونا ہوگا، ڈاکٹر مزمل ہاشمی

لاہور (خبر نگار) مرکزی مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی نے بلوچستان میں ہونے والے حالیہ دہشت گرد حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دشمن عناصر پاکستان کے استحکام اور ترقی کو سبوتاژ کرنے کی سازشوں میں مصروف ہیں، پاکستان میں دہشت گردی کے پیچھے عناصر کیخلاف ریاست کو پوری قوت سے کھڑا ہونا ہوگا۔ بلوچستان میں دشمن کی پالیسی ناکام بنائیں گے۔ بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف آپریشن کے دوران 18 بہادر سپاہیوں کی شہادت ایک عظیم قربانی ہے، جس پر پوری قوم شہداء کے لواحقین کے ساتھ کھڑی ہے۔ یہ حملے پاکستان کے امن اور ترقی کے خلاف ایک گہری سازش ہیں، جنہیں ریاست اور عوام کے مکمل اتحاد سے ناکام بنایا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور میں سیاسی حلقوں اور یکجہتی کشمیر کیمپوں 5 فروری کی مناسبت سے بلائے گئے تنظیمی اجلاس سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی کا کہنا تھا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے۔ جس کو ہر صورت چھڑائیں گے۔ کشمیر تقسیم برصغیر کا نامکمل ایجنڈا ہے اور مسلم اکثریتی علاقہ ہونے کی وجہ سے پاکستان کا حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام نے تحریک آزادی کے لیے بے پناہ قربانیاں دی ہیں۔

پنجاب میں پتنگ بازی پر مکمل پابندی

پنجاب اسمبلی نے پتنگ بازی پر مکمل پابندی کا بل منظور کرلیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) حکومت پنجاب کی جانب سے قیمتی انسانی جانوں کے تحفظ کیلئے پنجاب میں پتنگ بازی پر مکمل پابندی پنجاب اسمبلی نے پتنگ بازی پر مکمل پابندی کا بل منظور کرلیا جس کے تحت خلاف ورزی پر سخت سزائیں ہوں گی۔ تفصیلات کے مطابق حکومت پنجاب کی جانب سے قیمتی انسانی جانوں کے تحفظ کیلئے پنجاب میں پتنگ بازی پر مکمل پابندی پنجاب اسمبلی نے پتنگ بازی پر مکمل پابندی عائد جس پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ محمد راشد ہدایت کے احکامات کی روشنی میں پولیس فورس متحرک پنجاب میں پتنگ بازی ناقابل ضمانت جرم قرار، 7 سال تک قید ہوگی پتنگ بازی، تیاری، فروخت ونقل وحمل پر 5 لاکھ سے 50 لاکھ تک جرمانہ ہوگا پابندی کا اطلاق پتنگوں، دھاتی تاروں، نائلون کی ڈوری، تندی اور پتنگ بازی کے مقصد کے لیے تیز دھار مانجھے کے ساتھ تمام دھاگوں پر ہوگا۔ پتنگ بازی سے متعلقہ مواد کی تیاری اور نقل وحمل پر مکمل پابندی ہوگی۔

47 لاکھ کے بوگس چیک دینے پر تین ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) 47 لاکھ کے بوگس چیک دینے پر تین ملزمان کیخلاف مقدمہ درج ڈسکہ کے اللہ رکھا اور منقوش نے ملزمان حافظ حسن فاروق، شعیب اور یاسر کو 47 لاکھ روپے دیئے کافی عرصہ گزرنے پر جب انہوں نے ملزمان سے اپنی دی ہوئی رقم کی واپسی کا مطالبہ کیا تو ملزمان نے ٹال مٹول کے بعد مقامی بینک کے بوگس چیک دے دیئے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

شعبہ صحت میں دوررس اصلاحات یقینی بنانا ہوں گی: محمد علی

لاہور (خبر نگار) انٹرنیشنل ہیومن رائٹس موومنٹ پنجاب کے صوبائی نائب صدر محمد علی نے کہا ہے کہ ریاست کو مرکز سمیت چاروں صوبوں کی سطح پر شعبہ صحت میں دوررس اصلاحات یقینی بنانا ہوں گی۔ پنجاب میں محض جہازی سائز کے اشتہارات سے کچھ نہیں ہوگا، قومی وسائل کے ضیاع سے مزید مسائل پیدا ہوں گے۔ حکومت کی طرف سے فلاحی طبی مراکز کی بھرپور حوصلہ افزائی کی جائے۔ جو فلاحی ہسپتال فی سبیل اللہ بنیادوں پر ناداروں اور بیماروں کو طبی میدان میں ریلیف فراہم کر رہے ہیں، ان کیلئے انتظامی سطح پر مزید آسانیاں پیدا کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ اپنے ایک بیان میں محمد علی نے مزید کہا کہ بدقسمتی سے مہنگائی کی صورتحال میں مزید ابتری دیکھنے میں آئی ہے، بیمار ہونے پر نادار عوام کی بڑی تعداد بیشتر ادویات کی قیمت ادا کرنے کی سکت نہیں رکھتی۔ مہلک بیماریوں کو شکست دینے کیلئے شعبہ صحت میں انقلاب برپا کرنا اور طبی مراکز کے نظام کو سہل بنانا ہوگا۔

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:15

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

انجمن راجپوتاں ضلع شیخوپورہ کا ماہانہ اجلاس سرپرست رانا وزیر علی سینئر ایڈووکیٹ کے چیمبر ضلع کچہری شیخوپورہ میں منعقد

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) انجمن راجپوتاں ضلع شیخوپورہ کا ماہانہ اجلاس سرپرست رانا وزیر علی سینئر ایڈووکیٹ کے چیمبر ضلع کچہری شیخوپورہ میں منعقد ہوا جس کی صدارت ڈپٹی چیئرمین رانا ہارون الرشید نے کی جبکہ چوہدری اسرار احمد خاں ضلعی نائب صدر، رانا حسن رضا ضلعی فنانس سیکرٹری، رانا اختر رسول (سینئر ہیڈ ماسٹر) اور رانا سیف اللہ نے شرکت کی۔ نظامت کے فرائض پروفیسر رانا محمد اشفاق ضلعی جنرل سیکرٹری و دیگر عہدیداروں نے شرکت کی اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت مفتی رانا محمد عتیق انور نے حاصل کی جبکہ نعت رسول مقبول کی سعادت رانا محمد سلیم اختر (نائب صدر) نے حاصل کی مقررین نے انجمن راجپوتاں ضلع شیخوپورہ کے 08 جنوری کے سالانہ اجتماع، تقریب حلف برادری وتعلیمی شیلڈز کے پروقار اور منظم جلسہ کے انعقاد پر سرپرست اعلیٰ حاجی عاشق حسین منج، سرپرست رانا وزیر علی ایڈووکیٹ، سرپرست رانا محمد اشرف خاں، چیئرمین رانا محمد اکرم، سینئر ڈپٹی چیئرمین عبدالحمید بھٹی، ڈپٹی چیئرمین حاجی نثار احمد، ضلعی صدر رانا خالد حسین، تحصیل صدر رانا ذوالفقار احمد، سینئر نائب صدر رانا احسان الحق، رانا حسن رضا اور دیگر عہدیداروں کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اور مبارکباد دی، باہمی اتفاق رائے سے طے ہوا کہ رمضان المبارک کے پیش نظر آئندہ ماہانہ اجلاس 26 فروری بروز بدھ بعد دوپہر ٹھیک 3 بجے رانا وزیر علی ایڈووکیٹ صاحب کے چیمبر میں منعقد ہوگا جس کی صدارت سرپرست اعلیٰ حاجی عاشق حسین منج کریں گے جس میں مجلس عاملہ، ضلعی اور تحصیل باڈی کے بوجہ مصروفیت حلف نہ اٹھانے والے عہدیداران سے حلف لیا جائے گا۔

چیف منسٹر سستین ایبل ڈویلپمنٹ گولز پروگرام کے تحت فیصل آباد ڈویژن میں 6 ارب روپے کی لاگت سے 308 ترقیاتی سکیموں پر عملدرآمد جاری

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) چیف منسٹر سستین ایبل ڈویلپمنٹ گولز پروگرام کے تحت فیصل آباد ڈویژن میں 6 ارب روپے کی لاگت سے 308 ترقیاتی سکیموں پر عملدرآمد جاری ہے اور منصوبوں کا مجموعی طور پر 44 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ کمشنر مریم خان نے ایس ڈی جیز پروگرام پر عملدرآمد کے جائزہ اجلاس کی صدارت کی اور سکیموں کو 30 جون 2025 تک مکمل کرنے کی ڈیڈ لائن دے دی۔ ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ڈاکٹر نوید افتخار اولکھ نے بتایا کہ منصوبوں میں 1.477 ملین کی بچت اور 80 نئی تجویز سکیموں کی منظوری کا عمل جاری ہے۔ عوامی نمائندوں کی تجویز کردہ گلیوں، سوریج و نالیاں، ٹیوب ویل، چھوٹی سڑکیں، تعلیمی اداروں میں اضافی سہولیات کی فراہمی کی سکیمیں مکمل کی جارہی ہیں۔ کمشنر نے متعلقہ انجینئرز کو کارکردگی سے مسلسل آگاہ رکھنے کی ہدایت کی اور کہا کہ شفافیت کو ہر صورت ملحوظ خاطر رکھیں تاکہ شہریوں کو اعلی معیار کی بنیادی ضروریات میسر آئیں۔ چاروں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز نے ویڈیو لنک جبکہ ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن عامر رضا نے کمشنر آفس سے اجلاس میں شرکت کی۔

کالج روڈ اوکاڑہ پر واقع مدرسہ میں فحش مجرا ڈانس پر مدرسہ کے قاری اپنے ساتھیوں کے ہمراہ رقاصاؤں کے ساتھ ڈانس اور نوٹ نشاور کرتا رہا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) کالج روڈ اوکاڑہ پر واقع مدرسہ میں فحش مجرا ڈانس پر مدرسہ کے قاری اپنے ساتھیوں کے ہمراہ رقاصاؤں کے ساتھ ڈانس اور نوٹ نشاور کرتا رہا۔ تفصیلات کے مطابق کالج روڈ اوکاڑہ پر واقع جامعہ برکات القرآن ہجویری مسجد کے قاری عاشق حسین کی بیٹی کی رسم مہندی کے موقع پر قاری نے مسجد میں لاؤڈ سپیکر پر فحش گانوں پر رقاصاؤں کے ساتھ فحش ڈانس اور نوٹ نشاور کرتے رہے جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوتے ہی تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے مسجد کے قاری عاشق حسین ولد ملوک حسین، صابر علی ولد عارف اور محمد سلیم ولد محمد صدیق سمیت چار افراد کو گرفتار کر کے دس افراد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔

امتحانات سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ اور انٹرمیڈیٹ فرسٹ اینول 2025ء کے بہترین انعقاد

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) امتحانات سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ اور انٹرمیڈیٹ (فرسٹ اینول) 2025ء کے بہترین انعقاد کے سلسلہ میں سید نوید حیدر شیرازی، کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن/ چیئرمین تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ کی سربراہی میں تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ میں یکم فروری 2025ء کو ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈائریکٹر (کالجز) گوجرانوالہ ڈویژن اور چھ اضلاع کے چیف ایگزیکٹو آفیسرز (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی)، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز اور ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز/ضلعی فوکل پرسنز امتحانات نے شمولیت کی۔ کنٹرولر امتحانات پروفیسر محمد نعیم بٹ نے عنقریب شروع ہونے والے مذکورہ امتحانات کے انتظامات کے حوالہ سے شرکاء کو بریفنگ دی۔ سیر حاصل گفتگو کے بعد کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن/ چیئرمین تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ نے جملہ شرکاء کو ہدایات جاری کیں کہ امتحانات کے صاف اور شفاف انعقاد کیلئے اچھی شہرت کے حامل اساتذہ اکرام کے نام تجویز کر کے بورڈ کو مہیا کریں اور وہ معزز اساتذہ اکرام جنہیں امتحانی ڈیوٹیاں تفویض کی جائیں انہیں امتحانی ڈیوٹی جائن کروانا متعلقہ ضلع کی ایجوکیشن اتھارٹی کی ذمہ داری ہوگی۔ کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن/ چیئرمین تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ نے جملہ ڈویژنل/ضلعی ایجوکیشن اتھارٹیز کو واضح پیغام دیا کہ بغیر کسی عذر ڈیوٹی جائن نہ کرنے کی صورت میں سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

معاشی استحکام کی علامات کئی محاذوں پر ظاہر ہو رہی ہیں: راجہ راحیل اشفاق

لاہور (پ ر) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ 8 فروری کو عوام پر امن احتجاج کر کے حکمرانوں پر واضح کر دیں گے وہ اپنے مینڈیٹ پر ڈالے گئے ڈاکے کو ہرگز نہیں بھولے، وہ دن دور نہیں جب عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی باعزت سرخرو ہوں گے اور جھوٹے اور بے بنیاد مقدمات بنانے والے منہ چھپاتے پھریں گے، عمران خان کی مسلسل اور انتھک سیاسی جدوجہد کی وجہ سے عوام کو اپنے حقوق کا شعور ملا اسی وجہ سے حکمران بدترین خوف کا شکار ہیں۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ عمران خان کو دباؤ میں لانے کے لئے ان کی فیملی پر بھی جبر کے پہاڑ توڑے گئے لیکن ایسا کرنے والے پہلے بھی ناکام اور نامراد رہے اور ان شاء اللہ انہیں آئندہ بھی اس سے مختلف نتائج نہیں ملیں گے۔ جیل میں قید عمران خان آج بھی دہائیوں سے حکومتیں کرنے والی مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی سیاست کے لئے حقیقی خطرہ ہیں اس لئے ان کی راتوں کی نیندیں اڑی ہوئی ہیں۔ وہ دن دور نہیں جب عمران خان اور بشریٰ بی بی سرخرو ہو کر باہر آئیں گے اور پھر نام نہاد مقبول حکمرانوں کو اپنی سیاست کو سمیٹنے کا بھی موقع میسر نہیں آئے گا۔

دیپالپور کا نواحی گاؤں لکڑ اوالا میں چوری کی واردات چور ٹرانسفارمر لے گئے

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور کا نواحی گاؤں لکڑ اوالا میں چوری کی واردات چوروں نے پروفیسر چوہدری عبداللہ کا بجلی کا ٹرانسفارمر چوروں نے چوری کر کے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے تفصیل کے مطابق پروفیسر عبداللہ گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ چوروں نے ہمارا بجلی کا ٹرانسفارمر چوری کر کے فرار ہو گئے ہیں ہمارا تقریباً 300000 تین لاکھ کا نقصان ہوا ہے ہمارے علاقے میں چوری کی وارداتوں میں کمی نہ ہو سکی ہم جائیں تو کہاں جائیں ہمارے علاقے میں ٹرانسفارمر گینگ گرفتار نہ ہو سکا ہمارے علاقے میں گینگ بہت بڑا گینگ ہے جو پنجاب بھر میں پھیلا ہوا ہے کبھی کسی کی بجلی کی کیبل چوری ہو جاتی ہے کبھی ٹرانسفارمر چوری ہو جاتا ہے کسان پہلے بجلی کے بھاری بھاری بل پے کر رہے ہیں ایک چور نے ہمارا جینا حرام کر رکھا ہے آئے دن چوری کی وارداتیں ہو رہی ہیں کوئی پوچھنے والا نہیں ہے چوروں کو سزائیں نہیں مل رہی ہماری وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت صاحب سے گزارش ہے کہ نوٹس لیا جائے ان چوروں ڈکیتوں کو گرفتار کر کے سخت سے سخت سزا دی جائے اور ہماری ریکوری واپس کرائی جائے

پاک افواج نے کبھی بھی ملکی خودمختاری، قومی عزت اور عوام کی امنگوں پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاک افواج نے کبھی بھی ملکی خودمختاری، قومی عزت اور عوام کی امنگوں پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا۔ شہدا اور غازی ہمارے قومی ہیرو ہیں اور قوم کی آزادی اور سلامتی ان بہادر جنگوؤں کی قربانیوں کی مرہون منت ہے۔ پاک فوج کے جوان اپنی جانوں کا نذرانہ پیش نہ کریں تو نہ ہی سکون سے ہم اپنی نیندیں پوری کر سکیں اور نہ ہی پر امن فضا میں سانس لے سکیں۔ ملکی معیشت کی مضبوطی میں پاک افواج کے کردار کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ پاک فوج کا ہر سپاہی اور افسر قابل فخر ہے۔ پاکستان کا دشمن پاک افواج اور عوام میں خلیج پیدا کرنا چاہتا ہے جس میں عوام کبھی بھی ان کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے عوام اپنی پاک افواج کو دل کی گہرائیوں سے محبت کرتی ہے اور آج ان کی لازوال قربانیوں کو خراج تحسین پیش

لاہور شاپنگ فیسٹیول اختتام پذیر، آخری روز ہزاروں افراد کی شرکت

LAHORE SHOPPING FESTIVAL

لاہور (خبر نگار) تین روزہ شاپنگ فیسٹیول انتہائی شاندار طریقے سے اختتام پذیر ہوگیا۔ اختتامی تقریب میں ایران کے صوبہ خراسان رضوی کے گورنر جنرل غلام حسین مظفری، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر، لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوذر شاد، سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان، نائب صدر شاہد نذیر چوہدری، سارک کے نائب صدر میاں انجم نثار، سابق صدر محمد علی میاں، سابق سینئر نائب صدر علی حسام اصغر، سابق نائب صدر طاہر منظور چوہدری اور ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران نے بھی خطاب کیا۔ تین روزہ فیسٹیول میں مختلف صنعتوں کے متنوع مصنوعات کی نمائش کی گئی، جن میں ٹیکسٹائل، ہینڈی کرافٹس، کنزیومر گڈز، ٹیکنالوجی اور ہوم ایسینشلز شامل تھے۔ یہ فیسٹیول کاروباری حضرات کے لیے ایک نادر موقع تھا کہ وہ سرمایہ کاروں سے رابطہ کریں، مارکیٹ کے دائرہ کار کو وسیع کریں اور بین الاقوامی تجارتی امکانات کو دریافت کریں۔ سارک کے نائب صدر میاں انجم نثار نے ایل سی سی آئی کی کامیاب میزبانی کو سراہا اور اسے علاقائی تجارت کے لیے انتہائی اہم قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا، "یہ فیسٹیول کاروباری اداروں کو بین الاقوامی مارکیٹ سے ج×±ڑنے کے مواقع فراہم کرتا ہے۔ اس طرح کے ایونٹس کے ذریعے علاقائی تجارتی تعاون کو فروغ دینا طویل مدتی اقتصادی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔" سابق صدر ایل سی سی آئی محمد علی میاں نے فیسٹیول کی کامیابی اور کاروباری روابط پر اس کے اثرات کو سراہا۔ انہوں نے کہا، "یہ ایونٹ مقامی اور بین الاقوامی کاروباری اداروں کے درمیان فاصلے کم کرنے میں معاون ثابت ہوا ہے۔"

نواز لیگ کے سینئر رہنما چوہدری شہباز چھینہ نے پریس کلب شیخوپورہ کی تزئین وآرائش کے منصوبہ کیلئے وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کی نصب کی گئی خستہ حال تختی کی تبدیلی اور نئی تختی کی تنصیب کی رونمائی کی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) نواز لیگ کے سینئر رہنما چوہدری شہباز چھینہ نے پریس کلب شیخوپورہ کی تزئین وآرائش کے منصوبہ کیلئے وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کی نصب کی گئی خستہ حال تختی کی تبدیلی اور نئی تختی کی تنصیب کی رونمائی کی اس موقع پر صدر پریس کلب مبشر حسن بٹ، جنرل سیکرٹری فاروق ملک، ملک یوسف سعید کھوکھر، سابق صدر رانا محمد عثمان، جاوید معراج، عظیم احمد یزدانی، نواز لیگ کے ضلعی رہنما کامران علی ورک و دیگر موجود تھے، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری شہباز چھینہ نے کہا کہ حکومت آزادی صحافت پر مکمل یقین رکھتی ہے اور آزادی اظہار رائے پر کسی قسم کی کوئی قدغن نہیں لگائی جارہی پیڈا ایکٹ کا نفاذ صحافیوں کیلئے نہیں بلکہ سوشل میڈیا پر فیک نیوز اور ریاست مخالف کام کرنیوالے عناصر کیلئے کیا گیا ہے

وہالی زیر تحریک منہاج القرآن کے زیر اہتمام حسن نعت مقابلہ ہوا

چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) وہالی زیر تحریک منہاج القرآن کے زیر اہتمام حسن نعت مقابلہ ہوا جس میں چوآسیدن شاہ سلطانیہ نعت اکیڈمی محمد ایوب سلطانی صاحب کے شاگرد محمد حمزہ قادری نے پوری تحصیل چوآسیدن شاہ میں دوسری پوزیشن حاصل کی ہم مبارک باد پیش کرتے ہیں اور اللہ پاک حمزہ قادری صاحب کو مزید عزتیں عطا فرمائے آمین بہترین جج کے فرائض سرانجام دینے پر محمد ایوب سلطانی صاحب کو توفے میں تحریک منہاج القرآن کی جانب سے ایک کتاب پیش کی گئی پہلے بھی ایوب سلطانی صاحب کے شاگرد محمد حمزہ قادری دوسری پوزیشن حاصل کر چکے ہیں اور اس بار بھی حاصل کی

چناب نگر میں انوار ختم نبوت کے زیر اہتمام رفیق میڈیکل سنٹر کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا

لالیاں (رانا کاشف کلیم سے) چناب نگر میں انوار ختم نبوت کے زیر اہتمام رفیق میڈیکل سنٹر کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا۔ اس موقع پر سفیر ختم نبوت وایم پی اے مولانا الیاس چنیوٹی و دیگر سیاسی و سماجی شخصیات کی خصوصی شرکت تفصیلات کے مطابق چناب نگر کے علاقہ چھنی قریشیاں میں انوار ختم نبوت کے زیر اہتمام پہلا رفیق میڈیکل سنٹر کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا۔ اس موقع پر ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جسمیں سفیر ختم نبوت ایم پی اے مولانا الیاس چنیوٹی۔ پاکستان علماء کونسل ڈسٹرکٹ چنیوٹ کے صدر حافظ محمد کفایت اللہ۔ مہر رضوان کھانہ لالی۔ مولانا مغیرہ۔ قاری مولانا رفیق۔ اور محمد عمر رضا گکھڑ کے علاوہ لوگوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اور سنگ بنیاد رکھا۔ سنگ بنیاد کے بعد مولانا محمد الیاس چنیوٹی صاحب نے دعائے خیر کرائی۔ مولانا قاری رفیق صاحب نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ اللہ کا شکر ہے جسنے ہمیں چناب نگر میں نوکری کی توفیق دی۔ یہ ہماری دیرینہ خواہش تھی کہ قادیانیوں کے ہسپتال کی وجہ سے علاقہ کے غریب مسلمانوں کے ایمان کو لاحق خطرات سے کسی طرح بچایا جائے۔ الحمدللہ آج ہماری خواہش کی تکمیل کا پہلا قدم اٹھایا جا رہا ہے۔ ہم اس ہسپتال کو پنجاب کا خدمات کے لحاظ سے ماڈل ہسپتال بنائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ اس سے پہلے چناب نگر احمد نگر اور لالیاں کے غریب گھرانوں میں ماہانہ راشن کی تقسیم کے ساتھ۔ صاف شفاف پانی کا پلانٹ بھی چھنی قریشیاں میں چل رہا ہے۔

لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں ویمن ایمپاورمنٹ اور منٹورشپ پروگرام لانچ کر دیا گیا

پروگرام کا مقصد خواتین کو زندگی کے مختلف شعبوں میں کامیابی سے آگے بڑھنے کیلئے آگاہی دینا ہے۔۔ پروفیسر عظمیٰ قریشی

لاہور (خبر نگار) لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں ویمن ایمپاورمنٹ اور منٹورشپ پروگرام لانچ کر دیا گیا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی نے بتایا کہ پروگرام کا مقصد خواتین کو زندگی کے مختلف شعبوں میں کامیابی سے آگے بڑھنے کیلئے آگاہی دینا ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر فرزانہ راشد پروگرام کی صدارت میں پروگرام کی ورکشاپ منعقد ہوئی جس میں سینئر فیکلٹی ارکان ڈاکٹر عفیفہ خانم، ڈاکٹر طاہرہ کلثوم و دیگر نے شرکت کی۔ ورکشاپ میں منٹورشپ کی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا گیا اور اس ضمن میں خواتین کو درپیش چیلنجز کا جائزہ لیا گیا۔ ڈاکٹر فرزانہ راشد کا کہنا تھا کہ تربیت اور رہنمائی سے خواتین کی ترقی ممکن بنائی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں ایک جامع اور مربوط نیٹ ورک تشکیل دیا جائے گا جس میں ویمن ایمپاورمنٹ کے اہداف حاصل کرنے کی بھرپور صلاحیت ہوگی

یونیسکو-ایچ ای سی کی میڈیا اور انفارمیشن لٹریسی نصاب کو مضبوط بنانے کے لیے ورکشاپ

لاہور (خبر نگار) یونیسکو نے ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) پاکستان اور میڈیا فاؤنڈیشن 360 کے تعاون سے میڈیا اور انفارمیشن لٹریسی کا نصاب بنانے کے حوالے سے پنجاب کی سرکاری و غیر سرکاری جامعات کے اساتذہ کے لیے ڈیپارٹمنٹ آف ڈیجیٹل میڈیا، پنجاب یونیورسٹی میں ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ یونیسکو کے نیشنل پروگرام کمیونیکیشن آفیسر حمزہ سواتی نے شرکاء کو میڈیا اور انفارمیشن لٹریسی کو نصاب میں شامل کرنے کی اہمیت پر بریفنگ دی تاکہ طلبہ کو آج کے پیچیدہ میڈیا ماحول میں مؤثر طور پر کام کرنے کے لیے ضروری مہارت فراہم کی جا سکے۔ ورکشاپ میں ماہرین نے اپنے خیالات اور تجربات پیش کیے، جن میں ہدایت اللہ کاسی، ڈپٹی ڈائریکٹر (اکیڈمکس) ایچ ای سی؛ ڈاکٹر مہوش رضا، ڈپٹی ہیڈ، سینٹر فار لرننگ اینڈ ٹیچنگ، فارمین کرسچن کالج یونیورسٹی شامل تھے۔ اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر سویرا شامی، چیئر پرسن ڈیپارٹمنٹ آف ڈیجیٹل میڈیا جو یونیسکو کے میڈیا اور انفارمیشن لٹریسی فریم ورک پروجیکٹ کی ریسرچ لیڈ بھی ہیں اور ایچ ای سی کی قومی نصاب ریویو کمیٹی (NCRC) برائے میڈیا اینڈ کمیونیکیشن اسٹڈیز کی شریک کنوینر بھی ہیں، نے ورکشاپ میں اپنے تحقیقی نتائج اور حکمت عملی کے مسودے کا تفصیلی تجزیہ پیش کیا۔

وکلاء پر سیون اے ٹی اے کے تحت درج مقدمات ختم کئے جائیں: پنجاب بار کونسل

لاہور (پ ر) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین عرفان صادق تارڑ نے کہا ہے کہ وکلاء پر سیون اے ٹی اے کے تحت درج مقدمات ختم کئے جائیں، وکلاء نے ہمیشہ جمہوریت کی مضبوطی اور آئین و قانون کی حکمرانی کا علم بلند کیا ہے، وکلاء برادری نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے اس پر پورا اترنے کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھوں گا۔ ان خیالات کا اظہار وائس چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد دینے کے لئے آنے والے وکلاء کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی فاروق ڈوگر، سابق وائس چیئرمینز چودھری بابر وحید، کامران بشیر مغل، فرحان شہزاد، چودھری امجد اقبال میو، سابق چیئرمینز ایگزیکٹو کمیٹی راؤ فضل الرحمن، افضل دھرالہ اور دیگر بھی موجود تھے۔ وائس چیئرمین عرفان صادق تارڑ نے کہا کہ وکلاء کا انصاف کی فراہمی میں کلیدی کردار ہے جس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ وکلاء مشکل حالات کے باوجود سائلین کو انصاف کی فراہمی کیلئے کوشاں رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جعلی وکلاء اس شعبے پر دھبہ لگا رہے ہیں اور پروفیشنل وکلاء کے لئے بدنامی کا باعث ہیں۔ مجھے جو ذمہ داری سونپی گئی ہے اس پر پورا اترنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھوں گا، ہم نے اپنے اتحاد سے وکلاء کے مسائل کو حل کرانا ہے

حافظ آباد کے نواحی قصبہ جلالپور بھٹیاں کے قریب دھند کے باعث تیز رفتار کار چوک کی دیوار سے ٹکرا گئی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے نواحی قصبہ جلالپور بھٹیاں کے قریب دھند کے باعث تیز رفتار کار چوک کی دیوار سے ٹکرا گئی۔ جس کے نتیجہ میں 5 افراد جاں بحق جبکہ دو شدید زخمی ہوگئے۔ ریسکیو کی امدادی ٹیموں نے زخمیوں اور جاں بحق افراد کی لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ایک کار میں ڈرائیور سمیت سات افراد سوار ہو کر لاہور سے راولپنڈی شادی کی تقریب میں جا رہے تھے کہ جلالپور بھٹیاں کے قریب انکی کار تیز رفتاری کے باعث اصغر بھٹی چوک کی دیوار سے ٹکرا گئی۔

ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کا جائزہ اجلاس

لاہور: اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد شوجین وِسطرو اور سی او ہیلتھ ڈاکٹر زوہیب حسن خان کی شرکت۔ لاہور: پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کو پولیو کے قطرے پلانے کا عزم

قومی انسداد پولیو مہم
دروازہ کھولیں، خوش آمدید کہیں اور قطرے پلوائیں
#EndPolio

لاہور (خبر نگار) ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کا جائزہ اجلاس ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد شوجین وِسطرو اور سی او ہیلتھ ڈاکٹر زوہیب حسن خان نے شرکت کی۔ پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کو پولیو کے قطرے پلانے کا عزم ہے۔ ڈی سی لاہور نے تمام ڈیٹا موبائل ایپلی کیشنز پر اپ لوڈ کرنے کی ہدایت کی۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ پولیو مہم کو قومی فریضہ سمجھ کر سرانجام دیا جائے، ڈپٹی کمشنر لاہور نے کہا کہ پولیو مہم میں کوتاہی ناقابل برداشت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو مہم کی کامیابی کے لئے تمام اسٹیک ہولڈرز کا تعاون ضروری ہے۔ ڈپٹی کمشنر لاہور نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لئے ضروری اقدامات بروقت مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ پولیو مہم کو کامیاب بنا کر بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچایا جائے، ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ لاہور میں انسداد پولیو مہم 3 فروری سے 9 فروری 2025 تک جاری رہے گی۔

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت
لاہور

عمران خان نے پھلتے پھولتے پاکستان کو کھنڈرات میں تبدیل کر دیا

میاں ذیشان رفیق

مسلم لیگ ن کی حکومت ملک میں ترقی اور خوشحالی کی ضامن ہے اور خدمت کا یہ سفر جاری و ساری رہے گا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ عمران نیازی کو سابق چیف جسٹس بابا رحمت نے جعل سازی سے اقتدار میں پہنچایا اور 2017ء میں پھلتے پھولتے پاکستان کو کھنڈرات میں تبدیل کردیا بانی پی ٹی آئی یہودیوں اور اسرائیل کا ایجنٹ ہے اور اس نے اقتدار میں آکر ہر وہ کام کیا جو ملکی سلامتی اور استحکام کے خلاف ہو بچوں کے ہاتھوں سے لیپ ٹاپ لیکر ان کے ہاتھوں میں پرول بم پکڑا دیئے اور نوجوانوں کو اپنی ہی فوج سے بدگمان کر دیا ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے حلقہ انتخاب کی ٹاؤن کمیٹی جامکے چیمہ میں پی ایس ای آر سنٹر کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کی حکومت ملک میں ترقی اور خوشحالی کی ضامن ہے اور خدمت کا یہ سفر جاری و ساری رہے گا پنجاب سوشو اکنامک سروے صوبے کی عوام کی ترقی اور خوشحالی کا عظیم منصوبہ ہے جس کا مقصد پنجاب کے مستحق افراد کی حکومت کی جانب سے معاونت اور شراکت داری ہے انہوں نے کہا کہ کسان کارڈ ہو یا اپنی چھت اپنا گھر یا رمضان پیکج ہر سہولت کے حقدار تک فراہمی کیلئے ایک مستند ڈیٹا بیس کی ضرورت تھی جو پی ایس ای آر کی صورت میں موجود ہیں اس کی ذمہ داری بلدیات کے محکموں کو سونپی گئی ہے اور صوبہ بھی 4 ہزار سے زائد یونین کونسل اور ٹاؤن کمیٹیوں میں قائم رجسٹریشن سنٹر 15 فروری تک رات گئے تک کام کریں گے۔

دین اسلام انسانیت کا درس دیتا ہے: کنوینئر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم

رمضان المبارک کی آمد کے موقع پر خیر خواہی و خوشحالی کے خواہاں ہیں

سیالکوٹ (بیورو چیف) کنوینئر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ دین اسلام انسانیت کی خدمت کا درس دیتا ہے موجودہ دور میں بے شمار لوگ بے بسی اور غربت کی نچلی لکیر کی سطح پر زندگی گزار رہے ہیں دینی تعلیم سے ہمیں اخذ ہوتا ہے کہ ہمیں اسلام کے سنہری اصولوں پر عمل پیرا ہو کر انسانی اقدار کی پاسداری کو یقینی بنانا ہے حج روزہ زکوۃ اور نماز ہم پر فرض ہیں اب جب ماہ رمضان کی آمد آمد ہے تو اس ماہ رمضان میں ہماری ذمہ داری بنتی ہے کہ ہم پسے ہوئے طبقات کی خیر خواہی اور خوشحالی کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر علماء کرام اور رفقاء کے اعزاز بھی ایک منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ ماہ رمضان برکتوں اور رحمتوں کا مہینہ ہے اس میں ہمیں روزہ کی پابندی کے ساتھ ساتھ ایسے کام کرنے کی ضرورت ہے جس سے دین اسلام اصولوں کا چرچا ہو ہم ایسے اقدام کریں جس سے مجبور اور بے کس لوگوں کی ضروریات پوری ہوسکیں تقریب کے دوران علماء کرام نے وسیم فیملی کے لیے خصوصی دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالی وسیم فیملی کو ہمیشہ اپنی برکات اور فضائل سے مالا مال کرے اور یہ خاندان لوگوں کی خدمت میں روز بروز آگے بڑھتا جائے اور خدمت کا عمل جاری و ساری رہے

جہلم پریس کلب کے صحافی پیکا ایکٹ کے کالے قانون کو مسترد کرتے ہیں

پیکا کالا قانون ہے اس قسم کی قانون آزادی صحافت کو تباہ کرنے کے مترادف ہے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پریس کلب کے صحافی پیکا ایکٹ کے کالے قانون کو مسترد کرتے ہیں، میڈیا کی آزادی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ان خیالات کا اظہار صدر جہلم پریس کلب مہر محمد الیاس صدر الیکٹرانک میڈیا چوہدری عابد محمود جنرل سیکرٹری الیاس صادق وٹو صدر ڈسٹرکٹ یونین آف جرنلسٹ چوہدری مہربان حسین نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔انہوں نے کہا کہ پیکا ایکٹ صحافت کی آزادی پر حملہ ہے، پیکا ایکٹ ایک کالے قانون کی مانند ہے جو صحافیوں کو آزادانہ رپورٹنگ سے روکتا ہے اور ان کے پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی میں مشکلات پیدا کرتا ہے۔ پیکا کالا قانون ہے اس قسم کی قانون آزادی صحافت کو تباہ کرنے کے مترادف ہے، یہ قانون جمہوری عمل و بنیادی حقوق کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہے جسے ملک بھر کے صحافی مسترد کرتے ہیں۔ پیکا ترمیمی ایکٹ اصلاحی تنقید کا گلا گھونٹنے کی سوچی بھی سازش ہے، متنازع پیکا ترمیمی ایکٹ سے آزادی اظہار رائے پر قدغن لگائی گئی ہے۔اسلام آباد میں صحافیوں کے پر امن احتجاج پر بہیمانہ ریاستی تشدد کی بھی بھرپور مذمت کرتے ہیں، پیشہ وارانہ صحافت کا آزاد ہونا کسی بھی معاشرے کے لیے آئینے کی مانند ہے۔ حکمران پیکا ایکٹ کو واپس لیں تا کہ تنقید برائے اصلاح سے بہتری آسکے

شرقپور شریف: الیکٹرونک میڈیا فورم کے 2025 کے لئے ہونے والے انتخابات

عبدالخالق ورک الیکٹرانک میڈیا فورم فاروق آباد کے 9ویں بار بلا مقابلہ صدر منتخب

شرقپور شریف (نامہ نگار) فاروق آباد میں الیکٹرونک میڈیا فورم کے 2025 کے لئے ہونے والے انتخابات۔عبدالخالق ورک الیکٹرانک میڈیا فورم فاروق آباد کے 9ویں بار بلا مقابلہ صدر منتخب۔جبکہ فرمان علی مرزا 9ویں مرتبہ جنرل سیکرٹری، عباد احمد چیئرمین، عباد احمد خان سرپرست اعلیٰ، ساجد علی ہاشمی سینئر نائب صدر شاہد علی سینئر وائس چیئرمین رانا وسیم اسلم منتخب ہوئے۔شرقپور شریف کی صحافی برادری کی جانب سے نوویں بار صدر منتخب ہونے پر عبدالخالق ورک اور انکی پوری ٹیم کو مبارکباد، اس حوالے سے فاروق آباد میں الیکٹرانک میڈیا فورم اور پاکستان میڈیا کونسل رجسٹرڈ کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں تمام مکاتب فکر کے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی تقریب کا اہتمام نجی شادی ہال میں کیا گیا تقریب میں چوہدری امجد علی گوپے راہ ایڈووکیٹ صدر سید وقار سعید شاہ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ، چوہدری حفیظ اللہ مان ایڈووکیٹ ہائی کورٹ و دیگر نے شرکت کی۔

کوٹ رادھاکشن ویلفیئر سوسائٹی کے چک 55 میں فلاحی کاموں کا آغاز

کوٹ رادھاکشن (تحصیل رپورٹر حاجی رمضان سے) کوٹ رادھاکشن کے گاؤں چک 55 میں آئے روز روڈ پر ڈکیتی، واردات اور چوری کے واقعات رونما ہو چکے ہیں جہاں پر کوٹ رادھاکشن ویلفیئر سوسائٹی نے ایک احسن قدم کو سرانجام دیا ہے جہاں ہر چک 55 روڈ پر لائٹس کا لگا دی گئی ہیں۔ کوٹ رادھاکشن میں اب تک بہت سے فلاحی کام سر انجام ہو چکے ہیں جس میں بانی کوٹ رادھاکشن ویلفیئر سوسائٹی مہر حافظ اشتیاق احمد سرپرست حاجی شہباز احمد چیئرمین راجہ زبیر احمد کیانی جنرل سیکرٹری شوکت علی یوٹ صدر انجینئر آفتاب رفیق و دیگر کی خصوصی کاوش شامل ہیں۔ بانی کوٹ رادھاکشن ویلفیئر سوسائٹی نے کہا ہے ہم لوگوں کی فلاح و بہبود کے ہر وقت موجود ہیں۔

غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے ڈویلپرز قانونی خامیوں کو دور کریں

ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے

نادھندگان کی طرف سے بقایاجات ادا کرنے میں تاخیر نہ کی جائے بصورت دیگر وہ اس حوالے سے سرگرمیاں جاری نہیں رکھ سکیں گے

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری نے کہا ہے کہ غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے ڈویلپرز فوری طور پر قانونی خامیوں کو دور کریں اور نادھندگان کی طرف سے بقایاجات ادا کرنے میں تاخیر نہ کی جائے بصورت دیگر وہ اس حوالے سے سرگرمیاں جاری نہیں رکھ سکیں گے اور غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف جاری آپریشن کی زد میں آئیں گے۔انہوں نے یہ بات سمندری روڈ پر قائم کی جانے والی پرائیویٹ ہاؤسنگ سکیموں کے ڈویلپرز سے میٹنگ کے دوران کہی۔ایڈیشنل ڈائریکٹر یاسر اعجاز چٹھہ، ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ اسماء حسن اور دیگر افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔میٹنگ میں سمندری روڈ، ڈجکوٹ اور سمندری سمیت مختلف ہاؤسنگ سکیموں کے سترہ ڈویلپرز نے شرکت کی اور انہیں ہاؤسنگ سکیموں کی منظوری کیلئے جمع کرائی گئی فائلوں میں قانونی سقم و دستاویزی خامیوں اور بقایاجات کی رقوم کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے نے پنجاب ڈویلپمنٹ اتھارٹیز پرائیویٹ ہاؤسنگ سکیمز ایکٹ کی متعلقہ شقوں سے آگاہ کیا اور بتایا کہ ہاؤسنگ سکیموں کے قیام کی منظوری کی درخواستوں پر تیز رفتار محکمانہ کارروائی کی جارہی ہے تاہم درخواست دھندگان کو چاہیئے کہ مختلف محکموں کے این او سی، اراضی کی ملکیت کے ثبوت و دیگر مطلوبہ دستاویزات کے علاوہ کنورژن فیس اور غیر قانونی ڈویلپمنٹ پر عائد شدہ جرمانہ جات کی رقوم فی الفور ادا کریں۔

محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی نومنتخب عہدیداران سیالکوٹ بار کو مبارکباد

ساتھیوں سمیت کامیابی پر نومنتخب صدر نائب صدر سیکرٹری و جائنٹ سیکرٹری کو مبارکباد

سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) سیالکوٹ الیکٹرونکس ویلفیئر ایسوسی ایشن کے سرپرست اعلیٰ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی قیادت میں ملک راحت اعوان، شمس عمران و دیگر عہدیداروں کے ایک وفد نے ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے صدر عرفان اللہ وڑائچ سیکرٹری چوہدری محمد افضال اسلم، نائب صدر چوہدری حسن اکرم، جوائنٹ سیکرٹری رانا عادل خالد کو الیکشن میں بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کرنے پر مبارکباد دی اور پھولوں کے گلدستے پیش کیے سابق صدر شاہد میر، ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کے روح رواں ملک شہباز احمد اعوان سجاول علی وسیم ایڈووکیٹ ہائی کورٹس اور دیگر وکلا بھی ہمراہ تھے جبکہ سیالکوٹ الیکٹرونکس ایسوسی ایشن کی جانب مٹھائیاں تقسیم کی گئیں صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ عرفان اللہ وڑائچ نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سیالکوٹ الیکٹرونکس ویلفیئر ایسوسی ایشن کے مشکور و ممنون ہیں جنہوں نے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی قیادت میں اپنی والہانہ محبت کا اظہار کرتے ہوئے مبارکباد دی وعدہ کرتے ہیں کہ ایسوسی ایشن کے مسائل کے حل لیے کوشاں رہیں گے بھائی محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے الیکشن کے دوران جیت کے لیے ہمارے لیے جتنی محنت کی ہے وہ قابل قدر ہے، ہم ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اس موقع پر عوامی لیڈر محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عرفان اللہ وڑائچ ایک سلجھے ہوئے ماہر قانون ہیں وہ وکلاء کے مسائل کے ساتھ ساتھ دیگر مسائل میں پھنسے ہوئے لوگوں کی فلاح کیلئے کوشاں رہیں گے سابق صدر شاہد میر نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ انسانی اقدار کی پاسداری کے لیے پیار محبت اور بھائی چارے کی فضا کو قائم رکھا جائے

ایل پی ڈی آئی میں بیداری سیالکوٹ کی سرٹیفکیٹس تقسیم

سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) ایل پی ڈی آئی میں بیداری سیالکوٹ کی سرٹیفکیٹس تقسیم۔ایگزیکٹو ڈائریکٹر بیداری ارشد مرزا اور رانا امجد نے شرکاء میں سرٹیفکیٹس تقسیم کئے۔ بیداری سیالکوٹ نے روڑس میں ویمن ایمپاورمنٹ پروگرام کے تحت ورکشاپ منعقد کی جو میں پروگرام میں شریک بچیوں کی کلاسز مکمل ہونے کے بعد بچیوں میں سرٹیفکیٹس تقسیم کرنے کی باقاعدہ تقریب ایل پی ڈی آئی میگ ٹاؤن میں منعقد ہوئی جس میں سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق سینیر وائس پریذیڈنٹ ملک نصیر احمد، ڈائریکٹر ایل پی ڈی آئی رانا امجد علی اور ڈسٹرکٹ سیالکوٹ کی سینیر سوشل ایکٹوسٹ مون جی طارق نے خصوصی شرکت کی۔ پروفیسر ارشد مرزا نے بیداری ویمن ایمپاورمنٹ کے حوالہ سے شرکاء کو بریفنگ دی۔ تقریب کے آخر میں بچیوں میں سرٹیفکیٹس تقسیم کئے گئے۔

ملک اعجاز حسین کی زیر قیادت آپریشن انکروچمنٹ جاری ہے: مستنصر بلوخان

تحصیل بازار و وسطی بازاروں سے ناجائز تجاوزات ختم کیں۔انسپکٹر عمر شہزاد

چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ ملک اعجاز حسین کی زیر نگرانی انچارج انکروچمنٹ سیل میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ مستنصر بلو خان و انسپکٹر انکروچمنٹ عمر شہزاد کا عملہ انکروچمنٹ کے شہر کے وسطی بازاروں میں ناجائز تجاوزات مافیا کیخلاف گرینڈ اپریشن جاری۔ گنجان آباد وسطی بازاروں تحصیل بازار، لہائی بازار، شہاپورہ روڈ کے بعد ڈیفنس روڈ سیالکوٹ سمیت روڑس روڈ موڑ ناجائز تجاوزات کیخلاف آپریشن کرتے ہوئے برلب سڑک وفٹ پاتھ کنکریٹ، ریڑھی و چھپر بھاری مشینری کیساتھ گرا دیئے۔اس موقع پر انسپکٹر ٹریفک پولیس انچارج انکروچمنٹ خرم شہزاد بھی موجود تھے نے متعلقہ عملہ انکروچمنٹ انچارج مستنصر بلو خان کا میڈیا سے گفتگو میں کہنا تھا کہ ایڈمنسٹریٹر سیالکوٹ محمد اقبال سنکھیڑہ کے حکم پر اینٹی انکروچمنٹ آپریشن کامیابی سے جاری ہے۔

الیکٹرانک میڈیا فورم فاروق آباد اور پاکستان میڈیا کونسل رجسٹرڈ کی تقریب حلف برداری

مہمان خصوصی مہر حمید انور اور صدر ڈسٹرکٹ بار امجد علی نے نو منتخب عہدیداران سے حلف لیا اور پاکستان میڈیا کونسل اور الیکٹرانک میڈیا فورم فاروق آباد کے عہدیداران کو مبارکباد پیش کی

فاروق آباد (محمد اعجاز سلیم سے) الیکٹرانک میڈیا فورم فاروق آباد اور پاکستان میڈیا کونسل رجسٹرڈ کی تقریب حلف برداری مقامی میرج ہال میں منعقد ہوئی جس کے مہمانان خصوصی صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن امجد علی گوپے راہ شمس حسن بھٹی جنرل سیکرٹری بار ایسوسی ایشن، مرکزی صدر پاکستان میڈیا کونسل رجسٹرڈ مہر حمید انور، نائب صدر عرفان چوہدری، سابق صدر پریس کلب شیخوپورہ شہباز احمد خان اور صدر پریس کلب فاروق آباد کاشف منصور احمد بھٹی تھے۔ مہمان خصوصی مہر حمید انور اور صدر ڈسٹرکٹ بار امجد علی نے نو منتخب عہدیداران سے حلف لیا اور پاکستان میڈیا کونسل اور الیکٹرانک میڈیا فورم فاروق آباد کے عہدیداران کو مبارکباد پیش کی اور ان میں نئے عہدوں کے نوٹیفکیشن تقسیم کئے۔اس موقع پر پریس کلب فاروق آباد کے جنرل سیکرٹری شہزاد افتخار، سینئر نائب صدر قاسم الرشید طاہر، نائب صدر وسیم اسلم جوائنٹ سیکرٹری وقاص زاہد بھی موجود تھے۔مہمان خصوصی مہر حمید انور نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پیکا ایکٹ آزادی صحافت پہ قدغن ہے، حکومت سیاست دانوں کے جھوٹ بولنے اور جھوٹے وعدے کرنے پہ بھی سزا کا قانون بنائے۔صدر بار ایسوسی ایشن شیخوپورہ امجد علی نے کہا کہ میڈیا کے نمائندے مظلوموں کی آواز اقتدار کے اعلیٰ ایوانوں تک پہنچا کر حق اور سچ کو اجاگر کرنے میں اپنا کردار ادا کا اہم فریضہ انجام دیتے ہیں۔صدر پریس کلب فاروق آباد کاشف منصور احمد بھٹی نے کہا کہ صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان ہوتے ہیں ہیں۔ جو وہ دیکھتے اور سنتے ہیں وہ اپنے قلم کی نوک اور زبان پہ لاکر مظلوم کی آواز حکام بالا تک پہنچاتے ہیں۔ پیکا ایکٹ صحافیوں کے حقوق سلب کرنے کی کوشش ہے۔ جسے صحافی برادری نے مسترد کردیا ہے۔

وزیر اعلی پنجاب کی خصوصی ہدایت پر پنجاب بھر کی طرح ضلع ننکانہ صاحب کی تینوں تحصیلوں میں بھی ریونیو عوامی خدمت کھلی کچہریوں کا انعقاد

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر پنجاب بھر کی طرح ضلع ننکانہ صاحب کی تینوں تحصیلوں میں بھی ریونیو عوامی خدمت کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا گیا۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل رائے ذوالفقار علی نے ضلع کونسل ہال میں عوامی خدمت کچہری کی صدارت کی جبکہ تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز نے بھی ریونیو سے متعلقہ عوامی مسائل سنے۔ تحصیلداران، نائب تحصیلداران، سب رجسٹرار، پٹواری حضرات، عملہ اراضی ریکارڈ سینٹر سمیت سائلین کی بڑی تعداد بھی عوامی خدمت کچہری میں موجود تھی۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے آنے والے سائلین کے مسائل سنے اور انکے حل کے لیے موقع پر احکامات جاری کیے۔سائلین نے مسائل موقع پر حل ہونے پر حکومت پنجاب اور ضلعی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔سائلین نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کئی دنوں سے پٹواریوں کے دفاتر کے چکر لگا رہے تھے لیکن مسائل حل نہیں ہوئے۔

آئل کا غیر قانونی کاروبار کرنے والوں کے خلاف ایکشن

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب اور ڈپٹی کمشنر/کنٹرولر سول ڈیفنس چنیوٹ صفی اللہ گوندل کی ہدایات پر سول ڈیفنس ٹیم نے اسسٹنٹ کمشنر بھوانہ میڈم سعدیہ جمال کے عملہ کے ہمراہ تحصیل بھوانہ میں آئل کا غیر قانونی کاروبار کرنے والوں کے خلاف مختلف مقامات کا وزٹ کیا۔اور 2 غیر قانونی آئل مشین کو ضبط کر کے اسسٹنٹ کمشنر آفس بھوانہ میں جمع کروا دیا۔ آئل اور گیس کا غیر قانونی کاروبار کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں ان کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر کاروائیاں جاری رہیں گی۔

پاک افواج نے قربانیاں دے کر ملک میں امن امان قائم کیا

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ) مرکزی چیرمین میاں فخر حیات بودلہ میاں اشتیاق داؤد بودلہ سردار ہارون ڈوگر نے کہا ہے کہ پاک فوج نے قربانیاں دے کر ملک میں امن و امان قائم کیا تاریخ میں یہ قربانیاں سنہری حروف سے لکھی جا چکی ہیں آج جو پاکستان میں جو امن ہے اور معیشت کی مضبوطی ہے اس کے پیچھے افواج پاکستان کا کردار اور اس کے شہداء کی لازوال قربانیاں پوشیدہ ہیں عوام ہر مشکل گھڑی میں پاک افواج سے امیدیں وابستہ کرتی ہے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے میاں فخر حیات بودلہ زاہد عمران جنجوعہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہماری فوج ہے تو ہم ہے پاک افواج زندہ باد پاکستان پائندہ باد۔

ڈاکٹر یوسف کاظمی اور ڈاکٹر منظر امیر کاظمی کی جانب سے ایوان امیر الہ پور سیداں میں پر تکلف ظہرانے کا اہتمام

ملکی ترقی اور بہتری کیلئے پڑھی لکھی قیادت کا آگے آنا ضروری ہے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) امیدوار صوبائی اسمبلی پی پی 136 ڈاکٹر یوسف کاظمی گولڈ میڈلسٹ اور سماجی شخصیت ڈاکٹر منظر امیر کاظمی کی جانب سے ایوان امیر الہ پور سیداں میں پر تکلف ظہرانے کا اہتمام کیا گیا جس میں امریکہ ناروے اور کوریا سے آئے مہمانوں ڈاکٹر عاطف چیمہ ڈاکٹر محسن گھمن اور ڈاکٹر کاشف گھمن سمیت مقامی صحافیوں نے شرکت کی ڈاکٹر یوسف کاظمی گولڈ میڈلسٹ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملکی ترقی اور بہتری کیلئے پڑھی لکھی قیادت کا آگے آنا ضروری ہے ہم تھانہ کلچر اور کوٹ کچہری کی سیاست کو ترک کرکے تعلیم انصاف اور خوشحالی کی طرف قدم بڑھانا ہے علاقے میں امن اور خوشحالی کیلئے تعلیم انصاف اور خوشحالی کا مشن لے کر میدان میں اترے ہیں گولڈ میڈلسٹ ڈاکٹر منظر امیر کاظمی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مختلف ممالک سے تشریف لانے والے دوستوں کے شکر گزار ہیں ہم مل کر پاکستان اور علاقے کی بہتری کیلئے کوشاں ہیں جس کے لئے جو ممکن ہوسکا کریں گے ظہرانے میں ملکی معیشت ترقی اور فلاح و بہبود سمیت مختلف موضوعات پر انٹرنیشنل تجربات شیئر کیے گئے ہیں آج کا یہ ظہرانہ انٹرنیشنل کانفرنس کی شکل اختیار کر گیا ہے اس موقع پر چیئرمین سٹی پریس کلب نارنگ شاہد یوسف صدر میاں محمد معظم نواز مرید کے پریس کلب سے میاں کرم الہی رانا اکبر علی اور نارنگ سے عثمان منیر کھوکھر نے پر تکلف ظہرانے پر ڈاکٹر یوسف کاظمی کا شکریہ ادا کیا۔

آسان کاروبار فنانس آسان کارڈ گوجرانوالہ میں سیمینار کا انعقاد

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سیشن کو گوجرانوالہ اور وزیر آباد انڈسٹریل اسٹیٹ کے مقامی کاروباریوں اور الائیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے ڈیزائن کیا گیا تھا جس سے انہیں صفر مارک اپ کے ساتھ قرضوں تک رسائی کا ایک منفرد موقع فراہم کیا گیا تھا جو کہ اپنے کاروبار کو بڑھانے کے خواہاں ہر کسی کے لیے گیم چینجر ہے۔ٹیم نے اہلیت کے معیار اور سادہ درخواست کے عمل کا اشتراک کیا اس بات پر زور دیا کہ یہ اقدام چھوٹے کاروباروں کے لیے مالی رکاوٹوں کو توڑنے میں کس طرح مدد کرسکتا ہے۔یہ کوشش کاروباری توسیع کو مزید قابل رسائی بنانے کاروباری افراد کو ان ٹولز سے بااختیار بنانے کے بارے میں ہے جن کی انہیں کامیابی کے لیے ضرورت ہے۔

دی نالج ان سکول طلباء کو کوالٹی ایجوکیشن یقینی بنا رہا ہے: شاف علی کھانڈ

پرنسپل ذوالفقار زکریا کی قوم کے معماروں کیلئے قابل تعریف کاوشیں ہیں۔ سینٹرل گورنر پنجاب

سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) دی نالج ان سکول اینول رزلٹ کا انعقاد زیر صدارت جناح کا پاکستان کے سینٹرل گورنر شاف علی کھانڈ ہوا۔ اس دوران پرنسپل سکول ہذا پروفیسر ذوالفقار علی زکریا نے مہمان خصوصی معروف موٹیوشنل سپیکر و جناح کا پاکستان سینٹرل گورنر پنجاب شاف علی کھانڈ و پوزیشن ہولڈر بچوں کے والدین سے پوزیشن ہولڈر بچوں کو شیلڈز دلوائیں۔معروف سکالر و یوتھ لیڈر حافظ شاف علی کھانڈ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں بچوں کے بہترین سالانہ رزلٹس اور طلباء کی جانب سے پیش کیے گئے ملی نغموں اور وطن سے محبت میں پیش کیے گئے ٹیبلوز میں انکا اعتماد دیکھ کر انتہائی مسرت ہورہی ہے۔اس عمر میں بچوں میں اسقدر اعتماد کیساتھ پرفارمنس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ مفکر پاکستان ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کے یہ شاہین مستقبل میں وطن عزیز کے افق پر گولڈن سٹارز بن کر چمکیں گے اور ملک و قوم کا مستقبل سنواریں گے۔اس موقع پر اپنے مختصر خطاب میں سنئیر صحافی و اینکر پرسن خواجہ عامر جاوید نے خطاب کرتے ہوئے دی نالج ان سکول پرنسپل، اساتذہ اکرام، انتظامیہ و والدین کو بچوں کے شاندار رزلٹ پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ بلاشبہ دی نالج ان سکول ماڈل ٹاؤن اگوکی کا شمار سیالکوٹ کے بہترین تعلیمی اداروں میں ہوتا ہے جہاں انتہائی مناسب فیس میں قوم کے مستقبل کے معماروں کو کوالٹی ایجوکیشن کی فراہمی کیساتھ غیر نصابی سرگرمیوں و کھیلوں میں بھی ٹاپ پرسٹوڈنٹس دے رہے ہیں۔اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کے دوران بچوں کے والدین کا کہنا تھا کہ واحد تعلیمی ادارہ ہے جہاں والدین پر غیر ضروری اخراجات کا بوجھ نہیں ڈالا جاتا جو آج کے مٹیرلسٹک بکی تعلیمی اداروں سے مختلف ایک خوش آئند بات ہے۔

کنزالایمان بیکن سکول کی دسویں تقریب تقسیم ایوارڈ کا شاندار انعقاد

85+
KANZ-UL-IMAN
KANZ-UL-IMAN

مصطفی آباد (نمائندہ قوت محمد فیصل خاں) کنزالایمان بیکن سکول کی دسویں تقریب تقسیم ایوارڈ کا شاندار انعقاد کیا گیا۔سکول کے سی او شاہد محمود مدنی تقریب کے روح رواں تھے مہمان خصوصی صدر لاہور مسلم لیگ ن سیف الملوک کھوکھر تقریب میں وزیر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے خصوصی شرکت کی۔ چیف ایگزیکٹو مفتی شاہد محمود مدنی نے کہا کہ کنزالایمان بیکن سکول دینی، دنیاوی، ایمیلیجنس بیس، آرٹیفیشل انٹیلیجنس بیس اور فنی تعلیم کا ایک سسٹم ہے جو پنجاب کے ہر اضلاع کے علاوہ خیبر پختونخواہ میں بھی ترقی کی منازل طے کر رہا ہے۔ہمارا مقصد کم فیس میں اعلیٰ معیاری اور جدید تقاضوں کے مطابق تعلیم دینا ہے کنزالایمان بیکن سکول کے حفاظ قرآن کی دستار بندی علامہ مفتی عبد الستار سعیدی نے کرائی تقریب میں 136 حفاظ قرآن کی دستار بندی کی گئی اور نمایاں کارکردگی والے طلباء و طالبات میں انعامات تقسیم کیے گئے تقریب میں والدین اور طلباء کی بڑی تعداد نے شرکت کی جنہوں نے اساتذہ اور سکول انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا۔ مقررین نے کہا کہ کنزالایمان سکول جدید تقاضوں کے مطابق علوم مہیا کر رہا ہے یہ ادارہ قرآن پاک و دین کی حفاظت اور اسلاف کے عقائد کو بچوں اور بچیوں میں مزید مفید ثابت ہوگا دیگر مہمانوں میں حافظ میاں نعمان، سیٹھ محمد اشفاق۔ علی جان صحافی و کالم نگار، پروفیسر محمد اکرم، مصدف حسین، مولانا عبد الرزاق جامی، ساجد محمود مدنی، مولانا اسلام شریف و دیگر شریک تھے۔

ٹیچرز کالونی میں مسلم لیگ (ن) کے ضلعی سیکریٹریٹ والہ گلہ میں گٹروں کے ابلنے سے گندا پانی کھڑا ہو اگیا

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ٹیچرز کالونی میں مسلم لیگ (ن) کے ضلعی سیکریٹریٹ والہ گلہ میں گٹروں کے ابلنے سے گندا پانی کھڑا ہو اگیا جس سے



علاقہ مکینوں کا گھروں سے باہر نکلنا بھی محال ہوگیا۔ علاقہ مکینوں نے میونسپل کمیٹی کے افسران اور عملہ کی غفلت پر شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ ن کے ضلعی سیکریٹریٹ کے گلہ کے گٹر گذشتہ کئی روز سے ابل رہے ہیں جبکہ مین لائن بھی بند ہو چکی ہے جس سے جگہ جگہ گٹروں سے گندگی ابلنے سے تعفن پھوٹ رہا ہے۔لیکن میونسپل کمیٹی کے عملہ اس جانب کوئی توجہ نہیں دے رہا۔انہوں نے ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ کیا کہ ٹیچرز کالونی میں مسلم لیگ ن کے ضلعی سیکریٹریٹ والہ گلہ میں گٹروں کی فوری صفائی کروا کے علاقہ مکینوں کی پریشانی کا ازالہ کیا جائے۔

ڈپٹی کمشنر کا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال چنیوٹ کا تفصیلی دورہ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے طبی و انتظامی امور چیک کرنے کیلئے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال چنیوٹ کا تفصیلی دورہ کیا۔ڈپٹی ایم ایس ڈاکٹر ارسلان قادر، ڈی ایچ او ڈاکٹر کوشنود حسین و دیگر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ڈپٹی کمشنر نے ڈی ایچ کیو میں ڈاکٹرز و سٹاف کی حاضری چیک کی، صفائی کا معیار دیکھا اور ایمرجنسی سمیت وارڈز میں زیر علاج مریضوں سے ملاقات کی اور علاج معالجہ کی سہولیات بارے فیڈ بیک لیا۔انہوں نے میڈیکل ایمرجنسی سروسز کو چوکس رکھنے کی ہدایت کی جبکہ دستیاب مشینری کو ہر قیمت پر فعال رکھنے کی تاکید کی۔انہوں نے ادویات کی دستیابی اور ریکارڈ چیک کرتے ہوئے کہا کہ مریضوں کو ادویات نہ ملنے کی شکایت نہیں ملنی چاہیے۔انہوں نے ڈپٹی ایم ایس کو ہدایت کی کہ تمام وارڈز میں مریض کے ساتھ صرف ایک شخص کو رکنے دیا جائے اور رش ہر گز نہ ہونے دیا جائے۔انہوں نے کہا کہ ہسپتال کو درکار وسائل کی فراہمی کے لئے بھی موثر اقدامات کئے جائیں گے۔انہوں نے ہسپتال میں آنے والے مریضوں کو علاج معالجہ کی معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کی ہدایت کی، ڈپٹی کمشنر نے زیر تعمیر نئے سرجیکل وارڈ کا بھی دورہ کیا اور جاری کاموں کا جائزہ لیا۔

محکمہ صحت ڈسٹرکٹ قصور کی جانب سے آر ایچ سی ہسپتال مصطفی آباد میں پولیو مہم کے سلسلہ میں ٹریننگ سیشن کا انعقاد

ورکرز ٹیمیں فیلڈ میں پہنچ کر بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلائیں اور عوام الناس میں مزید شعور اجاگر کریں



مصطفی آباد للیانی (نامہ نگار) محکمہ صحت ڈسٹرکٹ قصور کی جانب سے آر ایچ سی ہسپتال مصطفی آباد میں پولیو مہم کے سلسلہ میں ٹریننگ سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس میں ہیلتھ آفیسر ڈسٹرکٹ قصور ڈاکٹر ولید منصور کے خصوصی احکامات کی روشنی میں سی او غلام مصطفی، یوسی 12 اور 13 کے ایم او زمحمد وارث انور، خالد محمود اور ہیلتھ ورکرز ٹیم نے شرکت کی، اس موقع پر سی او غلام مصطفی نے تین فروری سے شروع ہونے پولیو مہم میں شرکت کرنے والی ہیلتھ ورکرز ٹیموں سے دوران خطاب کہا کہ پولیو انتہائی خطرناک اور موذی مرض ہے، ورکرز ٹیمیں فیلڈ میں پہنچ کر بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلائیں اور عوام الناس میں مزید شعور اجاگر کریں، پولیو فری پاکستان بنانے میں ہیلتھ ورکرز کا کلیدی کردار ہے۔

وکلاء برادری کے مسائل کا حل ان کی اولین ترجیحات میں شامل

سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ لاہور جسٹس عالیہ نیلم نے کہا ہے کہ وکلاء برادری کے مسائل کا حل ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ بار اور بینچ کے تعلق کو مضبوط بنا کر انصاف کی فوری فراہمی کو یقینی بنایا جاسکتا ہے وکلاء اور ہائیکورٹ عبہر گل خان، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سید ندیم طاہر، سینئر سول جج احسن یعقوب ثاقب کے علاوہ ایڈیشنل اینڈ سیشن، سول ججز کی کثیر تعداد موجود تھی۔ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر عرفان اللہ وڑائچ، سیکرٹری چوہدری محمد افضال اسلم، نائب صدر چوہدری

حسن اکرم، جوائنٹ سیکرٹری رانا عادل خالد نے چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ لاہور جسٹس عالیہ نیلم کو پھولوں کا گلدستہ اور یادگاری شیلڈ پیش کیں۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ لاہور جسٹس عالیہ نیلم کو ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سید ندیم طاہر، سینئر سول جج احسن یعقوب ثاقب نے سوئینیر پیش کیا۔ بعد ازاں نے چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ لاہور جسٹس عالیہ نیلم نے فیملی کورٹس کمپلیکس کا افتتاح کرنے کے بعد شجر کاری کرتے ہوئے پودا لگایا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ لاہور جسٹس عالیہ نیلم نے کہا کہ ریپ کے ملزمان کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ ججز اپنے پیشہ وارانہ کام میں لگن اور احساس ذمہ داری کے اصولوں پر عمل کر کے شہریوں کو جلد انصاف فراہم کریں۔ وکلاء ججز محبت کا رشتہ قائم رکھیں اور تمام عدالتی امور کو نمٹانے کے لئے آپس میں رابطہ کاری کے تحت بہتر انداز میں انجام دیں۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ لاہور جسٹس عالیہ نیلم نے سیشن کورٹ سیالکوٹ کے دورہ کرنے کے موقع پر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر عرفان اللہ وڑائچ، سیکرٹری چوہدری محمد افضال اسلم، نائب صدر چوہدری حسن اکرم، جوائنٹ سیکرٹری رانا عادل خالد سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر انسپکشن جج جسٹس فاروق حیدر، رجسٹرار

نواسہ رسول ﷺ سید الشہداء حضرت سیدنا امام حسینؓ کا یوم ولادت یہاں نہایت ہی عقیدت و احترام سے منایا گیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) نواسہ رسول ﷺ سید الشہداء حضرت سیدنا امام حسینؓ کا یوم ولادت یہاں نہایت ہی عقیدت و احترام سے منایا گیا۔اس سلسلہ میں علماء و ذاکرین نے نواسہ رسول ﷺ اور آپؓ کے جانثاران کی عظیم قربانیوں کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ فلسفہ حسینیؓ طاغوتی اور یزیدی قوتوں کے سامنے ڈٹ جانے کا نام ہے۔ حضرت سیدنا امام حسینؓ نے کربلا کے میدان میں اپنی اور اپنے جانثارانؓ کی عظیم قربانیاں دیکر دین اسلام کے پرچم کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے بلند کر دیا۔

چیف وارڈن سول ڈیفنس طاہر مجید کھور کی زیر صدارت پر وقار تقریب منعقد ہوئی

سیالکوٹ (بیورو چیف) سول ڈیفنس سیالکوٹ کے زیر اہتمام اور طاہر مجید کھور (چیف وارڈن سول ڈیفنس) کے زیر صدارت ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں ڈپٹی چیف وارڈنز سے لیکر پوسٹ وارڈنز صاحبان نے شرکت کی۔تقریب میں چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ کی جانب سے جوائننگ لیٹر، نئی یونیفارم برائے رضاکاران اور سروس کارڈز دیئے گئے۔

مرکزی انجمن تاجران موبائل فون ایسوسی ایشن کے صدر کا انتخاب، تقریب کا انعقاد

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) مرکزی انجمن تاجران موبائل فون ایسوسی ایشن کے صدر کا چناؤ اور تقریب حلف برداری کی شاندار تقریب کا انعقاد تفصیلات کے مطابق مرکزی انجمن تاجران موبائل فون ایسوسی ایشن کے صدر کا چناؤ اور تقریب حلف برداری کی شاندار تقریب کا انعقاد چیئرمین سپریم کونسل مرکزی انجمن تاجران پاکستان محمد نعیم میر کی زیر صدارت مقامی شادی ہال میں منعقد ہوا اس پروگرام کے مہمان خصوصی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ننکانہ رائے ذوالفقار علی تھے، تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک اور نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہوا موبائل فون یونین کے سالانہ انتخابات میں متفقہ طور سرپرست اعلیٰ رانا احسن ، چیف آرگنائزر محمد ایوب ، چیف کوآرڈینیٹر اندر پال سنگھ ، چیئرمین چوہدری عبداللہ، وائس چیئرمین رانا حامد علی، سینئر وائس چیئرمین شہزاد الحق شہزاد ، صدر حافظ زاہد جاوید، سینئر نائب صدر منہیر یت سنگھ، نائب صدر چوہدری محسنین، جنرل سیکرٹری رانا سرمد بشیر گادھی، جوائنٹ سیکرٹری وقار احمد، ایڈیشنل سیکرٹری محمد شکیل ، فنانس سیکرٹری ملک عمیر، جوائنٹ فنانس سیکرٹری سجاد مغل سیکرٹری نشر و اشاعت محمد سعید، منتخب کر لیا گیا اس دوران موبائل یونین کے تمام ممبران کے علاوہ مذہبی، سیاسی و سماجی رہنماؤں، صحافیوں، اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔



ڈسٹرکٹ انچارج احسان یاسر محبوب اور ٹیم پٹرولنگ کی شاندار کارکردگی

ٹیم پٹرولنگ پوسٹ گلوٹیاں موڑ دوران چیکنگ اسلحہ کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 3 اشخاص کو ناجائز قابو کر کے ایک رائفل، 2 پسٹل اور گولیاں برآمد کرلی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ریجنل انچارج ایس ایس پی فتح احمد اور ڈسٹرکٹ انچارج احسان یاسر محبوب اور ٹیم پٹرولنگ پوسٹ گلوٹیاں موڑ نے ہمیشہ کی طرح ماہ جنوری میں بھی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی پہلی پوزیشن برقرار رکھی ٹیم پٹرولنگ پوسٹ گلوٹیاں موڑ نے ماہ جنوری میں دوران ناکہ بندی چیکنگ کے دوران اسلحہ کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے تین اشخاص کو ناجائز اسلحہ سمیت قابو کر کے ایک رائفل، 2 پسٹل اور گولیاں برآمد کرلی جدید سافٹ ویئر کی مدد سے دوران چیکنگ مختلف تھانہ جات پیپلز کالونی گوجرانوالہ اور شاہ غریب نارووال کو مطلوب 2 اشتہاری اور تھانہ پھلورہ، پیپلز کالونی، بڈیانہ صدر پسرور کو مطلوب 4 عدالتی مفروران کو گرفتار کر کے ضلع پولیس کے حوالے کیا گیا شاہراہوں کو نقصان پہنچانے والی اوور لوڈ گاڑیوں اور پبلک ٹرانسپورٹ میں ناقص گیس سلنڈر استعمال کرنے والوں کے خلاف 6 مقدمات کا اندراج کروایا۔ دوران سفر 74 فیملیز کو مدد فراہم کی گئی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ انچارج احسان ظفر سندھو کا کہنا تھا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کاروائی جاری رہے گی پٹرولنگ پولیس عوام کی خدمت میں 24 گھنٹے مصروف عمل رہے گی۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

الیکٹرک بس سروس کا افتتاح

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پاکستان کی پہلی مکمل ای وی بس سروس کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے الیکٹرک بس میں سواری کی اور تفصیلی معائنہ بھی کیا۔ الیکٹرک بس میں جی پی ایس لوکیشن ریکارڈر، وائی فائی، یو ایس بی پورٹ اور دیگر سہولیات موجود ہیں۔ الیکٹرک بس میں 30 نشستیں، 80 مسافروں کی گنجائش ہوگی۔ الیکٹرک بس میں سپیشل افراد کے لئے ریمپ اور نشستیں مخصوص ہونگی۔ پنجاب حکومت کی طرف سے ڈیمسکلز کو تیزی سے الیکٹرک پر منتقل کیا جا رہا ہے۔ اس سے ایک تو شہر پولیوشن فری ہوسکیں گے دوسرے پٹرول کی بجائے بجلی کا استعمال سستا ذریعہ بھی ہے۔ چارجنگ کے حوالے سے کچھ مشکلات درپیش تھیں، ان کو بھی دور کیا جا رہا ہے۔ الیکٹرک بس کے لیے گرین ٹاؤن ہمدرد چوک ڈپو میں 9 مخصوص چارجنگ سٹیشن قائم کیے گئے، ہر چارجنگ کے بعد بس 250 کلومیٹر فاصلہ طے کر سکے گی اور چار مرتبہ روٹ مکمل کرے گی۔ بس میں مسافروں کی سہولت کے لئے روٹ ڈسپلے بھی نظر آئے گا۔ الیکٹرک بس میں خواتین کے لئے الگ فی میل سیکشن ہوگا اور اس کے ساتھ ساتھ ہراسانی کے واقعات کے سدباب کے لئے کیمرے بھی نصب ہوں گے۔ لاہور کے سب سے بڑے اور طویل ترین 21 کلومیٹر روٹ پر 27 الیکٹرک بسیں چلائی جائیں گی۔ ریلوے سٹیشن تا گرین ٹاؤن براستہ کوئینز روڈ، مزنگ، فیروز پور روڈ، کیمپس پل اور اچھرہ نہر سے ای بس سروس شروع ہوگی۔ لاہور کی پہلی ای بس سروس پر 17 ہزار مسافر روزانہ سفر کر سکیں گے۔ پہلی مرتبہ یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ معذوروں کے بس میں سوار ہونے کے لیے باقاعدہ ریمپ کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے۔ الیکٹرک بس حکومت کے انقلابی اقدامات میں سے ایک ہے۔ جو لوگ گاڑی افورڈ نہیں کر سکتے ان کے لیے پہلے سے جاری اورنج ٹرین، میٹرو بس اور اب الیکٹرک بس سروس لگژری گاڑیوں کی سہولت سے کم نہیں ہے اور یہ تینوں سفر کے سستے ترین ذرائع بھی ہیں۔ میٹرو بس تو دوسرے کئی شہروں میں بھی چل رہی ہے۔ الیکٹرک بسیں اب ہر شہر کی ضرورت بن گئی ہیں۔ امید ہے کہ مریم نواز شریف کی سربراہی میں پورے پنجاب کی ٹرانسپورٹ الیکٹرک پر منتقل ہو جائے گی جو دوسرے صوبوں کے لیے قابل تقلید مثال ہے۔

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پاکستان کی پہلی مکمل ای وی بس سروس کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے الیکٹرک بس میں سواری کی اور تفصیلی معائنہ بھی کیا۔ الیکٹرک بس میں جی پی ایس لوکیشن ریکارڈر، وائی فائی، یو ایس بی پورٹ اور دیگر سہولیات موجود ہیں۔ الیکٹرک بس میں 30 نشستیں، 80 مسافروں کی گنجائش ہوگی۔ الیکٹرک بس میں سپیشل افراد کے لئے ریمپ اور نشستیں مخصوص ہونگی۔ پنجاب حکومت کی طرف سے ڈیمسکلز کو تیزی سے الیکٹرک پر منتقل کیا جا رہا ہے۔ اس سے ایک تو شہر پولیوشن فری ہوسکیں گے دوسرے پٹرول کی بجائے بجلی کا استعمال سستا ذریعہ بھی ہے۔ چارجنگ کے حوالے سے کچھ مشکلات درپیش تھیں، ان کو بھی دور کیا جا رہا ہے۔ الیکٹرک بس کے لیے گرین ٹاؤن ہمدرد چوک ڈپو میں 9 مخصوص چارجنگ سٹیشن قائم کیے گئے، ہر چارجنگ کے بعد بس 250 کلومیٹر فاصلہ طے کر سکے گی اور چار مرتبہ روٹ مکمل کرے گی۔ بس میں مسافروں کی سہولت کے لئے روٹ ڈسپلے بھی نظر آئے گا۔ الیکٹرک بس میں خواتین کے لئے الگ فی میل سیکشن ہوگا اور اس کے ساتھ ساتھ ہراسانی کے واقعات کے سدباب کے لئے کیمرے بھی نصب ہوں گے۔ لاہور کے سب سے بڑے اور طویل ترین 21 کلومیٹر روٹ پر 27 الیکٹرک بسیں چلائی جائیں گی۔ ریلوے سٹیشن تا گرین ٹاؤن براستہ کوئینز روڈ، مزنگ، فیروز پور روڈ، کیمپس پل اور اچھرہ نہر سے ای بس سروس شروع ہوگی۔ لاہور کی پہلی ای بس سروس پر 17 ہزار مسافر روزانہ سفر کر سکیں گے۔ پہلی مرتبہ یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ معذوروں کے بس میں سوار ہونے کے لیے باقاعدہ ریمپ کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے۔ الیکٹرک بس حکومت کے انقلابی اقدامات میں سے ایک ہے۔ جو لوگ گاڑی افورڈ نہیں کر سکتے ان کے لیے پہلے سے جاری اورنج ٹرین، میٹرو بس اور اب الیکٹرک بس سروس لگژری گاڑیوں کی سہولت سے کم نہیں ہے اور یہ تینوں سفر کے سستے ترین ذرائع بھی ہیں۔ میٹرو بس تو دوسرے کئی شہروں میں بھی چل رہی ہے۔ الیکٹرک بسیں اب ہر شہر کی ضرورت بن گئی ہیں۔ امید ہے کہ مریم نواز شریف کی سربراہی میں پورے پنجاب کی ٹرانسپورٹ الیکٹرک پر منتقل ہو جائے گی جو دوسرے صوبوں کے لیے قابل تقلید مثال ہے۔

چھوٹا سا گاڈ فادر

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

آج وہ چوتھی بار مجھے خریدنے آیا تھا وہ ہر بار دنیا کی مہنگی ترین گاڑی میں آتا ہر بار مختلف گاڑی میں آتا اسطرح وہ مجھے مرعوب کرنے کی لگاتار کوششوں میں لگا ہوا تھا بات گاڑی تک محدود رہتی تو ٹھیک تھا قابل نفرت بات یہ تھی کہ وہ ہر بار نئی خوبصورت عورت کے ساتھ آتا آج چوتھی گاڑی اور چوتھی عورت تھی بقول اس کے میں نے چار شادیاں کر رکھی ہیں ہمارا مذہب چار شادیوں کی اجازت دیتا ہے بعد میں پتہ چلا کہ وہ ایک وقت میں چار نوجوان عورتوں کو اپنے نکاح میں رکھتا ہے جس عورت کی جوانی کا رنگ پھیکا پڑتا اسکو چھوڑ کر اس کی جگہ نوخیز لڑکی کو بیوی کے طور پر اپنی زندگی میں شامل کر لیتا ہے انتہائی چالاک اور ذہین آدمی انسانی نفسیات سے خوب کھیلنا جانتا تھا ہفتہ پہلے یہ پرتعیش جہازی گاڑی میں میرے پاس آیا آتے ہی گاڑی سے اترا میرے پاس آ کر ٹھنڈے جوس کی بوتل میرے ہاتھ میں پکڑائی اور ٹشو پیپر سے میرے جوتے صاف کرنے کی کوشش کی جو میں نے سختی سے منع کر دیا میری برہمی سے اس نے تیزی سے اپنا موڈ تبدیل کیا اب وہ انتہائی تابعدار ہو کر سر جھکا کر کھڑا ہو گیا اس کی واضح ڈرامہ بازی سے میں اس کو پہچان چکا تھا میں نے کہا آپ آرام سے اپنی گاڑی میں بیٹھ جائیں میں فری ہو کر میں آپ سے ملتا ہوں میں نے جان بوجھ کر اس کو طویل انتظار کرایا وہ وقفے وقفے سے مجھے کبھی ٹشو پیپر کبھی ٹھنڈا پانی کبھی جوس دینے کی کوشش کرتا رہا اور میں اسے نظر انداز کرتا رہا لیکن کیونکہ اسے مجھ سے کام تھا اس لیے کمال ضبط کا مظاہرہ خوش دلی سے کر رہا تھا آخر میں اس کی گاڑی میں جا کر بیٹھ گیا تو اس نے خوشامدی لہجے میں کہا جناب آپ نے مجھے بہت انتظار کروایا ہے مجھے اپنے غلاموں میں شامل کریں میں آپ کی ہر قسم کی خدمت کروں گا اب اس نے اپنی امارت اور تعلقات کے قصے سنانے شروع کر دیئے دنیا جہاں میں جہاں جہاں وہ گیا تھا ان ملکوں میں جو کاروبار کیے ان کے قصے سنانے شروع کر دیئے وہ مسلسل اپنی ویلیو بنا رہا تھا بار بار بے تکلف ہونے کی کوشش بھی کر رہا تھا پچھلی سیٹ پر بیٹھی نوجوان اور خوبصورت عورت بھی اپنی اداؤں کے سنہری بال بار بار میری طرف پھینک رہی تھی میں خاموشی سے اس کی باتیں سنتا رہا اس دوران میں لوگوں کے آئے ہوئے میسج پڑھتا اور ان کے جواب بھی دیتا رہا جب وہ خوب بول چکا تو میں اس کی طرف متوجہ ہوا جناب آپ بہت بااثر انسان ہیں تو مجھ فقیر کے پاس کس لیے آئے ہیں میرے اِس فقرے کے لیے وہ تیار نہیں تھا وہ سمجھ رہا تھا کہ میں اس کی گفتگو اور تعلقات سے متاثر ہو چکا ہوں لیکن میرے لہجے اور چہرے کے تاثرات اس کی خوش فہمی کی نفی کر رہے تھے اب اس نے میرے پاس آنے کی وجہ بتائی تو میں نے کہا آپ کے اتنے تعلقات ہیں آپ کسی سے کہلوا دیں تو وہ بولا میں پوری کوشش کر چکا ہوں اس بندے کو نیکی اور مذہب کا دورہ پڑا ہوا ہے وہ میرٹ کی بات کرتا ہے وہ دنیا میں صرف آپ کی بات مانتا ہے اب آپ اسے سفارش کریں۔ جس بندے کا اس نے نام لیا وہ واقعی نیک آدمی تھا میں نے کہا میں اس سے بات کروں گا۔ وہ خوشامد کرتا ہوا چلا گیا میں نے اس نیک بندے سے پوچھا تو اس نے کہا یہ مجھے کئی مہینوں سے تنگ کر رہا ہے رشوت کی آفر اور سفارش بھی کروا چکا ہے میں نے اسے کہا کہ آپ میرٹ پر کام کرو کیونکہ روز محشر بھی برپا ہونا ہے وہ بندہ اگلے دن پھر میرے سر پر سوار تھا میں نے ٹال دیا تو یہ چند دن کے انتظار کے بعد آج پھر چوتھی دفعہ میرے پاس آیا ہوا تھا پچھلے چند دنوں کے دوران اس نے ایک اور انوکھا کام کیا میرے بہت سارے جاننے والے اس نے پتہ نہیں کیسے ڈھونڈ لیے وہ تمام مجھے بار بار اِس کی سفارش کے فون کرتے بڑی رقم کی آفر بھی اِس نے کر دی تھیں میں دو دن پہلے اس کے سفارشی سے اِس کا ڈیٹا لے چکا تھا وہ میرا جاننے والا تھا اور اِس کا بھی پرانا دوست تھا میرے پوچھنے پر اس نے اِس چالاک آدمی کے بارے میں بتایا کہ یہ بہت امیر چالاک ذہین اور تعلقات رکھنے والا بندہ ہے اِس کا طریقہ واردات یہ ہے کہ نئے بھرتی ہونے والے افسران کے ساتھ یاری لگا لیتا ہے بلکہ ذہین طالبعلموں کے اخراجات تک برداشت کرتا ہے پھر اِن کو مختلف محکموں میں بھرتی کراتا ہے سرکاری افسران کے گھروں کے بل اخراجات پورے کرتا ہے افسران کے گھروں میں کھانے پینے کی اشیا ہر ماہ بھجواتا ہے ان کی اچھی جگہ پوسٹیں کرواتا ہے بااثر لوگوں کو عورتیں سپلائی کرتا ہے شاپنگ کراتا ہے ہر انسان کی کمزوری اور ضرورت سے کھیلتا ہے جو افسران اِس کے خرچے پر پل رہے ہیں وہ اِس کے اشاروں پر کام کرتے ہیں بدمعاشوں سے بھی تعلقات ہیں اگر کوئی بات نہ مانے تو بدمعاشوں کو بھی دھمکی کے طور پر استعمال کرتا ہے اِس کے تعارف کے بعد مجھے گاڈ فادر یاد آ گیا جو جرائم کی دنیا کا پراسرار اور چالاک کردار تھا جس پر فلمیں بھی بن چکی ہیں گاڈ فادر نے اپنے شیطانی ذہن کے بل بوتے پر کامیابیاں حاصل کیں جرائم کو سائنسی بنیادوں پر شروع کیا اسی نے انڈر ورلڈ جیسی اصطلاحیں ایجاد کیں مجرموں کو باقاعدہ جرائم کی تربیت دی جاتی مجرموں کا بین الاقوامی نیٹ ورک بنایا اس کا نیٹ ورک دنیا کے کونے کونے میں پھیلا ہوا تھا وہ چند لمحوں میں ایک ملک سے دوسرے ملک پہنچ جاتا تھا جعلی دستاویزات اسلحہ بارود اور منشیات کی تیاری کے لیے باقاعدہ لیبارٹریاں بنائیں دنیا کے سفاک ترین قاتلوں کو اکٹھا کیا اِن کے چار عالمی سکواڈ تشکیل دیئے یہ قاتل پھرتیلے ذہین اور سنگدل تھے کہ چشم ذرہ میں لوگوں کو قتل اسطرح کرتے کہ کسی بھی قسم کا نشان نہ چھوڑتے اِن کی کارروائیوں سے دنیا بھر کے حکمرانوں کی نیندیں حرام ہو گئیں تھیں گاڈ فادر پراسرار چھلاوا بن گیا تھا جو آندھی کی طرح کسی بھی جگہ آتش فشاں کی طرح پھٹ کر دشمن کو نیست و نابود کر دیتا گاڈ فادر ابتدا میں ایک چھوٹا سا مجرم تھا بے پناہ شیطانی قائدانہ صلاحیتوں کا مالک تھا غیر معمولی ذہین آدمی تھا جرائم پیشہ گروپوں کو کنٹرول کرنا یہ آرٹ اسے خوب آتا تھا 1934 میں اس نے اپنے خوفناک منصوبے کو اسطرح شروع کیا کہ یونیورسٹی کے پروفیسرز اور ریٹائرڈ سیاستدانوں کی خدمات حاصل کیں پروفیسروں نے مختلف یونیورسٹیوں کے دورے کئے اور ذہین ترین طالب علموں کی لسٹیں بنا دیں سیاستدانوں نے اِن نوجوان سیاستدانوں کے نام بتائے جو مستقبل میں بڑے سیاستدان بن سکتے تھے اب گاڈ فادر نے اِن طالب علموں اور سیاستدانوں کی سماجی مدد کرنا شروع کر دی طالب علموں کو وظائف دے کر ترقی یافتہ ملکوں سے اعلیٰ تعلیم دلانا اور پھر اِن طالب علموں کو اٹلی کے سرکاری پرائیوٹ اداروں میں بھرتی کروایا سیاستدانوں کو پروان چڑھنے میں مدد کی وکیلوں کو جج بنوایا اپنے بندوں کو سفیر وزیر مشیر بنوایا کچھ کو تاجر صنعت کار بروکر بنوایا ماہر معاشیات بنوایا اور پھر یہ لوگ تمام اٹلی میں پھیل گئے پھر گاڈ فادر دوم نے اپنے والد کے سلسلے کو پورے یورپ میں پھیلا دیا گاڈ فادر کے ایک اشارے پر منٹوں میں یورپ کے قوانین تبدیل ہو جاتے سامنے حکمران اور تھے لیکن حقیقی حکومت گاڈ فادر کی ہی تھی چپڑاسی سے لے کر وزیراعظم تک ہر بندہ گاڈ فادر کا ہی ہرکارہ نکلتا اگر کبھی کوئی جرم اس کے کھاتے پڑتا تو ایف آئی آر کرنے والا مہر لگانے والا گرفتاری کا حکم دینے والا عدالت میں وکیل اور جج کی پوسٹ پر بیٹھا ہر شخص وزیر مشیر یا وزیراعظم ہر بندہ اس کا خریدا ہوا ہوتا تھا حکومتی عہدے دار دن رات اس کے پاؤں کو چھو کر گھر سے نکلتے اس کے اشاروں پر چلنا ان کی زندگی کا مقصد یہی تھا اِس طرح گاڈ فادر کے بااثر افراد کے اذہان شعور عقل و فہم میں اتر گیا تھا اس کے حق میں بولنے والے اور اس کی مخالفت میں بولنے والے دونوں اس کے جوتے چاٹتے تھے دونوں کی رگوں میں اس کی وفاداری کا خون دوڑتا تھا بعد میں اِسی سسٹم کو امریکہ نے اپنا لیا آج دنیا کے اکثر ممالک میں امریکہ کے ہرکارے امریکی مفادات کی خاطر اپنی زندگیاں تک داؤ پر لگانے سے گریز نہیں کرتے آپ پاکستان کی تمام جماعتیں دیکھ لیں آپ کو امریکہ کے پٹھو ہر جماعت میں امریکہ کی جگالی کرتے نظر آئیں گے گاڑی میں میرے سامنے بھی چھوٹا سا گاڈ فادر بیٹھا تھا جو مجھے خریدنے پر تیار تھا میں نے اس کی آنکھوں میں گہری نظروں سے دیکھا اور کہا مجھے خریدنے سے پہلے خدا کو خریدو کیونکہ میں اس کی بات مانتا ہوں یہ کہہ کر میں گاڑی سے نیچے اتر آیا لیکن اترنے سے پہلے اسے کہا کبھی دوبارہ میرے پاس آنے کی غلطی نہ کرنا۔

آزادی اظہار اور پیکا ایکٹ ترمیمی بل!

بلا امتیاز
امتیاز علی شاکر
imtiazali470@gmail.com

آزادی اظہار رائے بنیادی انسانی حقوق میں انتہائی اہم، جاندار اور انسانی معاشرے میں افراد کے درمیان تبادلہ خیال، تنقید و اصلاح کیلئے لازم و ملزوم سمجھا جاتا ہے، آزادی اظہار رائے کو بطور بنیادی انسانی حق دنیا بھر میں انسانی حقوق کے قوانین اور بین الاقوامی معاہدوں کے ذریعے تسلیم کیا گیا ہے۔ یہ آزادی جمہوری معاشروں کے بنیادی ستونوں میں شامل ہے اور انفرادی آزادی، سیاسی استحکام اور معاشرتی ترقی کے لیے کلیدی حیثیت رکھتی ہے۔ آزادی اظہار رائے سے مراد ہے کہ ہر فرد کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنے خیالات، نظریات، اور احساسات کو کسی بھی قسم کے دباؤ کے بغیر آزادانہ طور پر بیان کرے۔ یہ آزادی اظہار کے تمام ذرائع (تحریر، تقریر، صحافت، فنون، وغیرہ) پر لاگو ہوتی ہے۔ آزادی اظہار رائے کے متعلق عالمی قوانین اور معاہدے 1 اقوام متحدہ کا عالمی اعلامیہ برائے انسانی حقوق (1948) آزادی اظہار رائے کو آرٹیکل 19 کے تحت تسلیم کیا گیا ہے۔ ہر شخص کو رائے اور اظہار کی آزادی کا حق حاصل ہے، اس میں یہ حق بھی شامل ہے کہ وہ بلا خوف وخطر رائے قائم کرے اور معلومات و نظریات کو کسی بھی ذریعے سے تلاش کرے، وصول کرے، اور پھیلائے۔ 2بین الاقوامی عہد نامہ برائے شہری و سیاسی حقوق (ICCPR) (1966) آرٹیکل 19 میں آزادی اظہار رائے کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے کہ ہر فرد کو رائے رکھنے کا حق حاصل ہے، ہر فرد کو معلومات، خیالات، اور آراء کو کسی بھی وسیلے سے پھیلانے کی آزادی حاصل ہے۔ 3یورپی کنونشن برائے انسانی حقوق (ECHR) (1950) آرٹیکل 10 میں آزادی اظہار رائے کی ضمانت دی گئی ہے، اس پر کچھ حدود بھی عائد کی گئی ہیں، جیسے کہ قومی سلامتی، عوامی نظم، دوسروں کے حقوق یا عزت کا تحفظ۔ 4امریکی کنونشن برائے انسانی حقوق (ACHR) آرٹیکل 13 میں آزادی اظہار رائے کی حمایت کے ساتھ یہ واضح کیا گیا ہے کہ کوئی بھی فرد معلومات کو روکنے یا محدود کرنے کے حق سے محروم نہیں کیا جائے گا۔ 5افریقی چارٹر برائے انسانی و عوامی حقوق۔ یہ چارٹر آزادی اظہار کو انسانی حقوق کے بنیادی جز کے طور پر تسلیم کرتا ہے اور ریاستوں کو پابند کرتا ہے کہ وہ اس حق کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔ آزادی اظہار کی حدود۔ آزادی اظہار رائے ایک وسیع اور اہم حق ضرور ہے پر یہ حق درج ذیل حدود کے اندر رہنے کا پابند بھی ہے۔ نفرت انگیز تقاریر، تحریر یا دیگر ذرائع سے پھیلایا جانے والا کسی بھی قسم کا مواد، جھوٹی معلومات کا پھیلاؤ، دہشت گردی یا تشدد کو فروغ دینا، اخلاقی حدود، مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچانا، فحاشی یا غیر اخلاقی مواد کی تشہیر، قومی سلامتی، ایسی معلومات جو قومی سلامتی، عوامی نظم، یا ریاستی راز کو نقصان پہنچا سکتی ہیں، ان کے متعلق آزادی اظہار رائے کو محدود کیا جا سکتا ہے یا مکمل پابندی بھی لگائی جا سکتی ہے۔ آزادی اظہار رائے ہرگز کسی دوسرے کی عزت و وقار، شہرت، یا رازداری کو نقصان پہنچانے کا جواز فراہم نہیں کرتی۔ دنیا بھر میں میڈیا آزادی اظہار رائے کا سب سے اہم اور تیز ترین ذریعہ ہے، پرنٹ میڈیا، الیکٹرانک میڈیا اور دور جدید میں تیز ترین سوشل میڈیا معلومات کے پھیلاؤ کیلئے استعمال کیا جاتا ہے، یہ سچ ہے کہ عالمی قوانین میڈیا کی آزادی کو تحفظ فراہم کرتے ہیں پر ساتھ ہی میڈیا پر سخت اخلاقی اور قانونی ذمہ داریاں بھی عائد کرتے ہیں۔ دنیا کی بہت سی حکومتیں آزادی اظہار پر پابندیاں عائد کرتی ہیں، جیسے سنسرشپ، انٹرنیٹ کی بندش، صحافتی اداروں پر معاشی پابندیاں، اشتہارات کی بندش یا صحافیوں کیخلاف مقدمات۔ الیکٹرانکس اور پرنٹ میڈیا پر کسی قسم کی پابندی عائد کرنا اور دائرہ حدود میں تبدیلی کسی بھی ریاست کا اندرونی اور آسان عملی اختیار ہے جبکہ دور جدید میں تیز ترین ٹیکنالوجی کے بل بوتے پر سوشل میڈیا بڑی حد تک بے لگام معلوم ہو رہا ہے۔ سوشل میڈیا پر غلط معلومات اور نفرت انگیز مواد کا پھیلاؤ عالمی سطح پر ایک بڑا چیلنج بنتا جا رہا ہے۔ حکومت پاکستان نے بھی سوشل میڈیا پر غیر قانونی مواد اور فیک معلومات کے پھیلاؤ کی روک تھام کیلئے پیکا قوانین میں ترمیم کا بل منظور کیا ہے، پیکا قوانین میں ترامیم سوشل میڈیا پر غیر قانونی اور جھوٹی خبروں کے پھیلاؤ کی روک تھام کیلئے کی گئی ہیں تا کہ کوئی بھی شخص کسی دوسرے شخص یا ادارے کو بدنام نہ کرے۔ ترمیمی بل کے مطابق سوشل میڈیا پروٹیکشن اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی قائم کی جائے گی، اتھارٹی کا مرکزی دفتر اسلام آباد میں ہوگا، صوبائی دارالحکومتوں میں بھی قائم کیا جائے گا۔ ترمیمی بل میں کہا گیا ہے کہ اتھارٹی سوشل میڈیا کے پلیٹ فارم کی سہولت کاری کرے گی، اتھارٹی سوشل میڈیا صارفین کے تحفظ اور حقوق کو یقینی بنائے گی، اتھارٹی سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کی رجسٹریشن کی مجاز ہوگی۔ پیکا ترمیمی بل کے مطابق اتھارٹی سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کی رجسٹریشن کی منسوخی، معیارات کے تعین کی مجاز ہوگی، پیکا ایکٹ کی خلاف ورزی پر اتھارٹی سوشل میڈیا پلیٹ فارم کے خلاف تادیبی کارروائی کی مجاز ہوگی، اتھارٹی متعلقہ اداروں کو سوشل میڈیا سے غیر قانونی مواد ہٹانے کی ہدایت جاری کرنے کی بھی مجاز ہوگی۔ پیکا ترمیمی قوانین کے مطابق سوشل میڈیا پر غیر قانونی سرگرمیوں کا متاثرہ فرد 24 گھنٹے میں اتھارٹی کو درخواست دینے کا پابند ہوگا۔ اتھارٹی کل 9 اراکین پر مشتمل ہوگی، سیکرٹری داخلہ، چیئرمین پی ٹی اے، چیئرمین پیمرا ریٹائر سرکاری اہلکار ہوں گے۔ بیچلرز ڈگری ہولڈر اور متعلقہ شعبے میں کم ازکم 15 سالہ تجربہ رکھنے والا شخص اتھارٹی کا چیئرمین تعینات کیا جا سکے گا، چیئرمین اور پانچ اراکین کی تعیناتی پانچ سالہ مدت کے لئے کی جائے گی۔ حکومت کی جانب سے اتھارٹی میں صحافیوں کو نمائندگی دینے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔ ریٹائر سرکاری اراکین کے علاوہ دیگر پانچ اراکین میں دس سالہ تجربہ رکھنے والا صحافی، سافٹ ویئر انجینئر، ایک وکیل، سوشل میڈیا پروفیشنل نجی شعبے سے آئی ٹی ماہر بھی شامل ہوگا۔ بل کے مطابق چیئرمین اتھارٹی کے پاس سوشل میڈیا پر کسی بھی غیر قانونی مواد کو فوری بلاک کرنے کی ہدایت دینے کا اختیار ہوگا۔ اتھارٹی کا چیئرمین اور اراکین کوئی دوسرا کاروبار نہیں کر سکیں گے۔ نئے ترمیم شدہ پیکا آرڈیننس کے تحت سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو اتھارٹی سے رجسٹر کرانا لازمی قرار دیا گیا ہے، اتھارٹی نظریہ پاکستان کیخلاف، شہریوں کو قانون توڑنے، تشدد پر اکسانے یا کسی دیگر غیر قانونی سرگرمی پر آمادہ کرنے والے مواد کو بلاک کرنے کی مجاز ہوگی۔ اتھارٹی افواج، عدلیہ، پارلیمنٹ یا صوبائی اسمبلیوں کیخلاف غیر قانونی مواد کو بلاک کرنے کی مجاز ہوگی۔ پارلیمنٹ کی کارروائی کے دوران حذف کیے گئے مواد کو سوشل میڈیا پر اپلوڈ کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ پابندی کا شکار ادارے، تنظیم یا شخصیات کے بیانات سوشل میڈیا پر بھی اپلوڈ نہیں کیے جا سکیں گے۔ ترمیم کے تحت سوشل میڈیا شکایت کمیٹی قائم کی جائے گی۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کی جانب سے ہدایات پر عملدرآمد نہ ہونے کی صورت میں اتھارٹی ٹریبونل سے رجوع کرے گی، پیکا ایکٹ ترمیمی بل 2025ء پر عملدرآمد کے لئے وفاقی حکومت سوشل میڈیا پروٹیکشن ٹریبونل قائم کرے گی۔ ٹریبونل کا چیئرمین ہائی کورٹ کا سابق جج ہوگا۔ ٹریبونل کے فیصلے کو سپریم کورٹ آف پاکستان میں 60 دنوں کے اندر چیلنج کیا جا سکے گا۔ پیکا ترمیمی بل کے تحت فیک نیوز پھیلانے والے افراد کو تین سال قید یا 20 لاکھ جرمانہ عائد کیا جا سکے گا۔ سوشل میڈیا پر غیر قانونی سرگرمیوں کی تحقیقات کے لئے وفاقی حکومت قومی سائبر کرائم تحقیقاتی ایجنسی قائم کرے گی۔ ایجنسی کا سربراہ ڈائریکٹر جنرل ہوگا، جس کی تعیناتی تین سال کے لیے ہوگی۔ اتھارٹی کے افسران اور اہلکاروں کے پاس مساوی پوسٹ کے پولیس افسران کے اختیارات ہوں گے۔ نئی تحقیقاتی ایجنسی کے قیام کے ساتھ ہی ایف آئی اے کا سائبر کرائم ونگ تحلیل کر دیا جائے گا۔ منظور شدہ بل میں ایک نئی شق، سیکشن 26 (اے) کو شامل کیا گیا ہے جو آن لائن فیک نیوز پھیلانے والوں کیخلاف سزا سے متعلق ہے۔ فیک نیوز یعنی جعلی خبریں سوشل میڈیا پر شیئر کرنے پر نہ صرف پانچ سال تک کی قید اور دس لاکھ روپے جرمانہ ہوسکتا ہے بلکہ اسے ناقابل ضمانت جرم بھی قرار دیا گیا ہے۔ اس قانون کے تحت کارروائی کرنے کیلئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو گرفتاری کے لیے کسی وارنٹ کی بھی ضرورت نہیں ہوگی، پیکا آرڈیننس کے مخالفین کا کہنا ہے کہ حکومت نے اس ترمیم میں فیک نیوز کی تشریح نہیں کی اس لئے قانون کا غلط استعمال ہوسکتا ہے۔ حکومت کی کسی بھی اتحادی جماعت کی جانب سے پیکا ایکٹ ترمیمی بل 2025ء کی مخالفت نہیں کی گئی جبکہ اپوزیشن کی جانب سے بل پیش کیے جانے سے قبل ہی واک آؤٹ کر دیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ صحافتی تنظیموں نے پیکا ایکٹ میں ترامیم کا بل مسترد کر دیا ہے۔ پیکا ترمیمی بل کیخلاف صحافتی تنظیموں نے سڑکوں پر احتجاج کیساتھ واضح اعلان کیا ہے کہ عدالت کا دروازہ بھی کھٹکھٹایا جائیگا۔ اظہار رائے کی آزادی جیسے بنیادی انسانی حق کے متعلق اس قدر سخت قانون سازی کرتے وقت صحافی برادری کو اعتماد میں نہ لینا حکومت کی جلد بازی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ جس طرح فیک نیوز اور غیر قانونی مواد کیخلاف قانون سازی وقت کی اہم ترین ضرورت ہے اسی طرح صحافی برادری کو اعتماد میں لینا اور اس قانون کے غلط استعمال کو روکنے کیلئے ضروری قدامات کرنا بھی نہایت ضروری ہے۔ ریاست کا صحافت یا صحافت کا ریاست کے ساتھ ٹکراو ہمیشہ نقصان دہ ثابت ہوا ہے۔ ایسی قانون سازی جو لوگوں کو آزادی اظہار رائے جیسے بنیادی حق سے محروم کر دے کسی بھی معاشرے یا ریاست کیلئے مفید نہیں ہو سکتی۔ آزادی اظہار رائے ایسا حق ہے جو انسانی معاشرے کو ترقی اور ہم آہنگی کی راہ پر گامزن کرتا ہے۔ عالمی قوانین بھی اس حق کو تحفظ فراہم کرتے ہیں پر اس کے غلط استعمال کو روکنے کے لیے حدود کا تعین بھی ضروری ہے لہٰذا ریاست، صحافت اور عوام کو مل کر اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ آزادی اظہار رائے کے حق کا غلط استعمال نہ ہونے پائے!

شاہ زیب رند کی جیت اور خالی آسامیاں



میری بات
روہیل اکبر
www.facebook.com/Rohailakbar
03004821200
E-mail: rohailakbar@gmail.com

بلوچستان سے تعلق رکھنے والے شاہ زیب رند نے دوسری بار کراٹے کی ورلڈ چیمپئن شپ جیت لی میں سمجھتا ہوں کہ یہ سردار یار محمد رند کا لگایا ہوا وہ پودا ہے جو پاکستان کے لیے ریکارڈ پر ریکارڈ بنا رہا ہے جبکہ ہماری باقی کھیلوں اور انکی تنظیموں میں بیٹھے ہوئے مگرمچھوں نے اپنے ہی بچے کھانے شروع کر رکھے ہیں سردار یار محمد رند کے بیٹے میر میرک رند نے بھی چولستان جیپ ریلی فتح کر رکھی ہے سیاست کے سلطان ہونے کے ساتھ ساتھ وہ کھیلوں کے بھی بے تاج بادشاہ ہیں وہی پہلی بار شاہ زیب رند کو اپنے والد سردار یار محمد رند کے پاس لیکر گئے تھے کہ اس بچے میں بہت ٹیلنٹ ہے اور مقابلہ لڑنے امریکہ جانا ہے لیکن اسکے پاس کرایہ تک نہیں حکومت نے ویسے ہی آنکھیں پھیر رکھی ہیں اس لیے اس کی مدد کریں جس پر سردار صاحب نے اسے کھلے دل سے آفر دی کہ آپ کا سارا خرچہ میرے ذمے بس آپ اپنی تیاری کر جس کے بعد شاہ زیب رند کراٹے کا ورلڈ چیمپئن بن گیا اور اب اسی تسلسل کو قائم رکھتے ہوئے دوسری بار ورلڈ چیمپئن بن گیا پاکستان میں کسی بھی شعبہ میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے اگر کمی ہے تو ہمارے حکمرانوں کے پاس فہم وفراست کی کمی ہے ہم نے چن چن کر نااہل لوگوں کو اپنی کھیلوں کا سربراہ بنا رکھا ہے اگر سردار یار محمد رند جیسے لوگوں کو ملک میں کھیلوں کو پروان چڑھانے کی ذمہ داری دیدی جائے تو ہم دنیا کو ہر کھیل میں فتح کر سکتے ہیں لیکن بدقسمتی سے یہاں کھیلوں کے ساتھ ساتھ غریب کسانوں اور پڑھے لکھے لوگوں کا گلا گھونٹا جا رہا ہے پنجاب کے کاشتکار پہلے گندم کے ہاتھوں خراب ہوئے اور اب سبزیوں نے انکا کباڑہ نکال دیا ہے اور رہی بات بے روزگاری کی اسکا تو حشر نشر کر رکھا ہے اس وقت رائٹ سائزنگ کے باوجود وفاقی حکومت کے اداروں میں ڈیڑھ لاکھ اسامیاں خالی ہیں وفاقی حکومت کی ملازمین کے بارے میں تازہ ترین سالانہ شماریاتی رپورٹ برائے 2022-23 میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ وفاقی حکومت اور اس سے منسلک محکموں اور خودمختار اداروں کی کل منظور شدہ تعداد 12لاکھ 39ہزار 619 سے زائد ہے لیکن مالی سال 2022-23 تک اس کے ملازمین کی تعداد 9لاکھ 47ہزار 610 تھی۔ ان میں سے تقریبا آدھے عہدوں (زیادہ تر وفاقی حکومت میں) کو حال ہی میں ختم کر دیا گیا تھا جب کہ کارپوریشنز اور خودمختار اداروں کو اس سے کوئی فرق نہیں پڑا تھا اس وقت وفاقی حکومت میں کام کرنے والے ملازمین کی تعداد 7لاکھ 10ہزار 808 کے مقابلے میں 5لاکھ 90ہزار 585 ہے اس طرح ایک لاکھ 20ہزار 223 اسامیاں خالی ہیں دوسری جانب خودمختار اداروں میں 5لاکھ 28 ہزار 811 منظور شدہ عہدوں کے مقابلے میں 3 لاکھ 57ہزار 25 ملازمین کام کر رہے ہیں جس کا مطلب ہے کہ ایک لاکھ 71ہزار 786 عہدے خالی ہیں حالیہ برسوں میں کم بھرتیوں کو دیکھتے ہوئے مالی سال 23 کے بعد سے خالی اسامیوں میں اضافہ ہوا ہے آبادی کے مقابلے میں خیبر پختونخوا میں مجموعی طور پر وفاقی ملازمتوں کا تناسب سب سے زیادہ ہے اگرچہ وفاقی روزگار کے پول میں پنجاب کا حصہ سب سے زیادہ ہے لیکن اس کی آبادی کے حصے سے نمایاں طور پر کم ہے سندھ اور بلوچستان میں بھی وفاقی ملازمتوں میں ان کی آبادی کے مقابلے میں کم نمائندگی تھی خیبرپختونخوا کے ڈومیسائل کے حامل ملازمین 28فیصد سے زیادہ ہیں جب کہ وہاں کی آبادی کا حصہ 17 فیصد ہے، وفاقی ملازمتوں میں پنجاب کا حصہ 46 فیصد ہے لیکن اس کی آبادی کا حصہ 53فیصد ہے۔ مجموعی اعداد وشمار کے مطابق پنجاب میں 2لاکھ 72ہزار 773 ملازمین ہیں، جب کہ خیبر پختونخوا میں ایک لاکھ 67ہزار 25 ملازمین ہیں، اس کی بنیادی وجہ صوبے کے تقریبا ایک لاکھ 20ہزار ملازمین ہیں، جو سول آرمڈ فورسز میں کام کرتے ہیں، جو ان فورسز کا 52فیصد ہے، اس کے علاوہ وفاقی ملازمتوں میں سے 22.4فیصد (24ہزار 945) کا تعلق بھی خیبر پختونخوا کے ضم شدہ اضلاع سے ہے جس سے اس کی مجموعی نمائندگی 32.5فیصد ہوگئی ہے۔ اس کے مقابلے میں سول آرمڈ فورسز میں پنجاب کا حصہ 26فیصد، بلوچستان کا 5.36فیصد اور سندھ کا 4.4فیصد رہا، وفاقی ملازمتوں میں آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کا حصہ بالترتیب 1.2فیصد اور 1.3 فیصد ہے سندھ سے تعلق رکھنے والے افراد کے پاس مرکز میں 81ہزار 619 اور بلوچستان میں 29 ہزار 479 سرکاری نوکریاں ہیں سندھ کی 23فیصد آبادی کے مقابلے میں ملازمتوں کا شیئر 13.8فیصد ہے جب کہ بلوچستان کی 6.2فیصد آبادی کے مقابلے میں ملازمتیں 4.99فیصد ہیں تاہم صرف وفاقی سیکریٹریٹ (جس میں کل 13ہزار 503 اسامیاں ہیں) میں بنیادی طور پر پنجاب کے ڈومیسائل والے ملازمین کی تعداد 66.6فیصد 9ہزار ہے اس کے بعد خیبر پختونخوا کے 14.2فیصد ایک ہزار (911، سندھ کے 11.5فیصد) ایک ہزار (550 اور بلوچستان کے 2.8فیصد (375) ملازمین ہیں منظور شدہ اسامیوں میں سے 83فیصد پوسٹیں بھری ہوئی ہیں جب کہ 17فیصد خالی بتائی گئی ہیں کام کرنے والوں کی اصل تعداد کی بنیادی پیمانے کے لحاظ سے تقسیم سے پتا چلتا ہے کہ 4.6فیصد کا ایک چھوٹا سا حصہ بنیادی اسکیل یعنی گریڈ 17 سے 22 میں کام کرنے والے افسران کے پاس ہے جب کہ 95.4 فیصد بنیادی اسکیل یعنی گریڈ 1 سے 16 میں کام کرنے والے ملازمین ہیں وفاقی حکومت میں خواتین کی کل تعداد 30ہزار 190 ہے جن میں گریڈ 17 سے 22 تک کی 6ہزار 715 خواتین بھی شامل ہیں 2022-23 کے دوران وفاقی حکومت کے 5 لاکھ 90ہزار 585 ملازمین کی کل تعداد میں سے خواتین ملازمین کا حصہ 5.11فیصد رہا خواتین ملازمین کی اصل تعداد کی تقسیم سے یہ بھی پتا چلتا ہے کہ گریڈ 17 سے 22 میں 22.2فیصد عہدوں پر خواتین افسران موجود ہیں اور باقی 77.8فیصد حصہ گریڈ 1 سے 16 تک کی خواتین ملازمین کے پاس ہے ملازمین کی کل ورکنگ فورس میں بی ایس 5 کے ملازمین کی تعداد سب سے زیادہ تھی، جس کا حصہ 22.8فیصد تھا۔ بنیادی پیمانے کے لحاظ سے تجزیے سے مزید ظاہر ہوتا ہے کہ بی ایس 20 میں 1.3 فیصد کمی کا رجحان رہا، جب کہ بی ایس 22، بی ایس 21، بی ایس 19، بی ایس 18 اور بی ایس 17 میں بالترتیب 11فیصد، 0.5فیصد، 4.1فیصد، 7.8فیصد اور 2.5فیصد اضافہ ہوا۔ گریڈز 16، 13،12، 9 اور 7 کی اصل تعداد میں بھی نمایاں کمی دیکھی گئی ہے۔

مذاکرات آگے بڑھانے کا عندیہ!

صدائے سحر
شاہد ندیم احمد
sadaaysehar@gmail.com

ملک میں مذاکرات کا شور تو بہت ہے، مگر مذاکرات کا اونٹ کسی کروٹ بیٹھ ہی نہیں رہا ہے، گزشتہ ہفتے پی ٹی آئی نے تین مذاکراتی ادوار کے بعد حکومت کی جانب سے نو مئی اور چھبیس نومبر کے واقعات کی تحقیقات کیلئے عدالتی کمیشن نہ بنانے پر مذاکرات کا سلسلہ معطل کر دیا تھا، تاہم وزیراعظم شہباز شریف نے تحریک انصاف کو پارلیمانی کمیٹی بنانے کی پیشکش کرتے ہوئے مذاکراتی عمل کو آگے بڑھانے کا عندیہ دیا ہے، جبکہ وزیراعظم کی جانب سے پارلیمانی کمیٹی بنانے کی پیشکش کو پی ٹی آئی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے یہ کہتے ہوئے مسترد کر دیا ہے کہ ہاؤس کمیٹی بنانے کی تجویز بہتر نہیں' عدالتی کمیشن پر ہی لوگوں کا اعتماد ہوتا ہے۔ اس میں کوئی دورائے نہیں ہے کہ ہمارے ہاں پارلیمانی کمیٹی اور عدالتی کمیشنوں کی تاریخ کوئی قابل رشک نہیں رہی ہے اور انکی رپورٹس پر بھی جانبداری کے الزامات لگتے رہے ہیں، لیکن اس ملک میں آگے بڑھنے کیلئے کوئی ایک آپشن کو ماننا ہی پڑے گا، حکومت نے ایک بار پھر مذاکراتی عمل جاری رکھنے کی پیش کش کی ہے، اس حکومتی پیشکش پر اپوزیشن کے جو بھی تحفظات ہوں' انہیں آپس میں بیٹھ کر طے کیا جاسکتا ہے، لیکن اس کیلئے مذاکراتی بیٹھک کو بحال کرنا ضروری ہے، پی ٹی آئی کی جارحانہ سیاست نہ ماضی میں کوئی حل نکال سکی نہ ہی اس سے آگے کسی بہتری کی توقع کی جاسکتی ہے، اس سے معاملات مزید خراب اور مشکلات میں اضافہ ہی ہوسکتا ہے۔ ہماری سیاسی قیادت کو سمجھنا چاہیے کہ سیاسی اختلافات ایک حد سے بڑھ جائیں تو قوم میں تقسیم کو ہوا دینا شروع کر دیتے ہیں، جبکہ اس عمل کا نقصان وفاق اور صوبوں میں عدم اشتراک، بلکہ بعض معاملات میں ایک دوسرے کے مدمقابل کھڑا ہونے کی صورت میں بھی نظر آتا ہے، سیاسی جماعتوں میں نظری اختلافات ضرور ہونا چاہیے، یہ ایک فطری بات ہے، مگر جب یہ اختلاف ذاتی عناد کی صورت اختیار کر لے تو سماج میں بگاڑ پیدا ہونے لگتا ہے، اس سے اجتناب بہرطور ضروری ہے اور جمہوری سیاست میں اس عمل کو مکالمے اور مذاکرات کے ذریعے ہی روکا جاتا ہے' اس جانب ہی سیاسی قیادت کی توجہ مسلسل مبذول کرائی جا رہی ہے، مگر سیاسی قیادت اپنے طرز عمل کے مضمرات سے بے پروا' اس روش پر ہی کاربند ہے، جو کہ سیاسی تناؤ کو مزید بڑھاوا ہی دے رہا ہے، اس وقت حکومت اور اپوزیشن دونوں کا ہی مطمع نظر اپنے حریف پر سبقت لے جانا ہے، جبکہ ملک وعوام کا کوئی سوچ ہی نہیں رہا ہے، ملک میں بے روزگاری اور مہنگائی کی کیا شرح ہے' لوگوں کیلئے بنیادی سہولتوں کے حصول کا کیا عالم ہے' ملکی معیشت بہتری کے باوجود کن خطرات کی زد میں ہے' یہ مسائل نہ تو سیاسی قیادت کی بنیادی ترجیحات میں شامل نظر آتے ہیں نہ ہی منتخب ایوانوں میں ان پر بحث ہو رہی ہے، اس وقت ملک کو درپیش مسائل یا وفاقی وصوبائی حکومتوں کی کارکردگی، سیاسی بحث کا حصہ ہی نہیں ہے، اگر اپوزیشن حکومت کے خلاف سراپا احتجاج ہے تو اس کی وجہ بیروزگاری' ٹیکسوں کی بھرمار' بھاری یوٹیلیٹی بل اور مستقبل کی بے یقینی نہیں ہے، بلکہ یہ ساری محاذ آرائی اپنے سیاسی مفاد کیلئے کی جا رہی ہے۔ اگر اپوزیشن کے پاس مذاکرات سے راہ فرار اختیار کر کے سیاسی تناؤ کو کم کرنے کا کوئی طریقہ ہے تو اسے پیش کیا جانا چاہیے، تا کہ اس کے قابل عمل ہونے پر بحث ہو سکے' دوسری صورت یہ ہے کہ تناؤ کو کم کرتے ہوئے سیاسی درجہ حرارت کو متوازن کرنے کی کوشش کرنی چاہیے اور مل بیٹھ کر افہام وتفہیم سے مسائل کا حل نکالنا چاہیے، یہ ہی جمہوری سیاست کا تقاضا ہے اور یہ ہی وقت کی ضرورت ہے، اس وقت سیاسی جماعتوں کو جس باہمی اعتماد کے بحران کا سامنا ہے، اس شگاف کو پُر کرنے کیلئے ضروری ہے کہ ایک دوسرے کیلئے نرم گوشہ پیدا کیا جائے، اس پارلیمانی سطح پر مذاکراتی کمیٹیوں کے مل بیٹھنے سے امکان ظاہر کیا جا رہا تھا کہ باہمی فاصلوں میں کمی آئے گی، مگر اس عمل کی پیش رفت کے آڑے شرائط پی ٹی آئی کی شرائط آ گئیں، ان حالات میں ایک بار پھر وزیراعظم کی تجویز ایک قابل عمل پیشکش معلوم ہوتی ہے، اس پر ٹھنڈے دل سے غور کیا جانا چاہئے اور معاملات سلجھانے کیلئے آگے بڑھنا چاہئے، مذاکرات کی کامیابی کے لیے فریقین کی جانب سے لچک انتہائی ضروری ہے، دونوں اطراف کو چاہیے کہ اپنے مؤقف پر اڑے رہنے کے بجائے ایک دوسرے کے مؤقف کو سمجھنے اور اُس میں ہی اپنا مؤقف ڈھالنے کی کوشش کریں، اس سے نہ صرف مذاکرات کا عمل آسان ہوگا، بلکہ اس کا نتیجہ بھی بہتر ہوگا۔

ملک ریاض حسین، جواب طلب سوالات



زبانِ اہلِ زمیں
سید شاہد عباس کاظمی
ssakmashadi@gmail.com

ایس آئی ایف سی پاکستان کا اس وقت انتہائی اہم ادارہ ہے۔ موجودہ دور میں جس طرح کاروباری معاملات میں تیزی دیکھنے میں آ رہی ہے۔ اور جیسے جیسے ٹیکنالوجی مصنوعی ذہانت کی طرف راغب ہو رہی ہے اس سے کچھ بعید نہیں کے ایس آئی ایف سی جیسے اداروں کی اہمیت مزید بڑھ جائے گی۔ یہ ادارہ دنیا سے سرمایہ کاروں کو پاکستان میں کاروباری سرگرمیاں شروع کرنے کی ترغیب ہے۔ بنیادی مقاصد ہیں کیا کہ ون ونڈو آپریشن ہوگا۔ غیر ملکی سرمایہ کاروں کو ہر طرح کی سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی جائے گی اور انہیں ڈاکیومینٹیشن کے لیے اِدھر اُدھر بھاگنا نہیں پڑے گا۔ اس کونسل کے اغراض و مقاصد میں بیرون ملک سے سرمایہ کاروں کو پرکشش مراعات، سہولیات اور آسانیاں کی ترغیب دینی ہے تا کہ وہ پاکستان میں اپنا کاروباری حجم بڑھائیں۔ دوسری طرف ڈیجیٹل فارن ڈائریکٹ انویسٹمنٹ (ڈی ایف ڈی آئی) کا ڈیجیٹل غیر ملکی سرمایہ کاری کا اقدام، ورلڈ اکنامک فورم (ڈبلیو ای ایف) اور ڈیجیٹل کوآپریشن آرگنائزیشن (ڈی سی او) کا مشترکہ منصوبے کے تحت ملکی معیشت کے میں اہم کردار ادا کرنے کو تیار ہے۔ "ڈیجیٹل فارن ڈائریکٹ انویسٹمنٹ (DFDI) "ایک قسم کی غیر ملکی براہ راست سرمایہ کاری (FDI) ہے جس میں ایک ملک کی کمپنی دوسرے ملک میں ڈیجیٹل کاروبار یا ٹیکنالوجی پر مبنی آپریشن میں سرمایہ کاری کرتی ہے۔ اس میں بنیادی طور پر ڈیجیٹل اثاثوں، مہارتوں، اور علم کی سرحدوں کے پار منتقلی شامل ہوتی ہے تا کہ میزبان ملک کی ڈیجیٹل معیشت میں موجودگی قائم کی جا سکے۔ اس میں کلاؤڈ کمپیوٹنگ، ای کامرس پلیٹ فارمز، سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ، اور ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کی ترقی جیسے شعبوں میں سرمایہ کاری شامل ہوسکتی ہے۔ اور SIFC براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاروں کو راغب کرنے کے لیے بنایا گیا ایک ادارہ ہے۔ پاکستان کو سیاسی غیریقینی، بھتہ خوری، کاروبار کے عدم تحفظ، ٹیکس کے معاملات، کاروباری کو قانونی دائرے میں شروع کرنے کی خواہش پر بھی ایک طویل المدتی عمل، غیر ضروری پوچھ گچھ، ادارہ جاتی سطح پر مسائل اور اس طرح کے دیگر اہم مسائل کی وجہ سے نا صرف بیرونی سرمایہ کاری پاکستان میں نا ہونے کے برابر تھی بلکہ مقامی کاروباری افراد بھی ہمیشہ سے اس حوالے سے گومگو کا شکار رہے ہیں۔ اداروں کی طرف سے کاروباری شخصیات کو تنگ کرنا ایک ایسا اوپن سیکرٹ ہے جس نے پچھلی دو دہائیوں سے پاکستان کے لیے مسائل پیدا کیے ہوئے ہیں۔ راقم الحروف اگر کسی بھی کاروبار میں 50ہزار روپے بھی لگائے تو امید یہی دل میں پیدا ہوتی ہے کہ جلد سے جلد یہ سرمایہ نا صرف واپس مل جائے بلکہ اس سرمایے کی واپسی کے ساتھ منافع کی کچھ ایسی سبیل بھی میسر ہو جائے کہ معاملات زندگی بہتر نہج پر جا سکیں۔ لیکن پاکستان میں اس حوالے سے مشکلات روز اول سے ہی عیاں ہیں۔ آپ غیر ملکی سرمایہ کاری اور ڈیجیٹل سرمایہ کاری دونوں معاملات کو کچھ لمحے کے لیے ذہن نشین رکھتے ہوئے پاکستان کے پراپرٹی ٹائیکون ملک ریاض حسین کے کردار کو دیکھیے۔ ملک ریاض حسین کا شمار اس وقت پاکستان کے اہم کاروباری افراد میں ہوتا ہے۔ ایشیا کی سب سے بڑی ہاسنگ سوسائٹی کے روح رواں کی حیثیت سے اکثر کاروباری افراد جوان کے منصوبوں سے منسلک ہیں ان کو دعائیں دیتے ہوئے ہی نظر آتے ہیں۔ رکیے، آ کے ذہن میں یقینی طور پر ملک ریاض حسین کا متنازعہ کردار ہی گھوم رہا ہوگا۔ سیاستدانوں کے ساتھ معاملات، اداروں کے ساتھ محاذ آرائی (نیب کے حالیہ نوٹس سے اس کا اندازہ آپ بخوبی لگا سکتے ہیں)، اپنے ادارے کے حوالے سے ہمیشہ متنازعہ خبروں کی زینت رہنا، وغیرہ وغیرہ۔ ماس کمیونیکیشن کی ڈگری کے حصول میں ہم نے پڑھا کہ Mind Cultivation Theory بنیادی طور پر ہے کیا اور کام کیسے کرتی ہے۔ ملک ریاض حسین کے معاملے میں اس تھیوری کو ذہن میں رکھیں تو یہ تھیوری بہت اچھے سے سمجھ آنا شروع ہو جاتی ہے۔ ذہن سازی کسی بھی شخصیت یا ادارے کے حق میں یا خلاف کی جا سکتی ہے۔ اور ذہن سازی کرتے ہوئے اس بات کا خصوصی خیال رکھا جاتا ہے کہ لوگ منفیت کا رجحان اپنائیں یا مثبیت کا، دونوں صورتوں میں معاملہ انتہا کا ہونا چاہیے۔ اور بدقسمتی سے ملک ریاض حسین کے معاملے میں ذہن سازی کی تھیوری میں منفیت کا پہلو نمایاں کیا گیا ہے اور کوشش یہی کی جا رہی ہے کہ پاکستان کو ایشیا کی سب سے بڑی ہاسنگ سوسائٹی دینے والے دماغ کو اس حد تک زچ کر دیا جائے کہ وہ پاکستان آنے کا نام بھی نا لے۔ ذہن سازی کی تھیوری میں منفی تشخص کو کوشش کر کے اجاگر کرنے سے قبل کچھ وقت اگر آپ اس سوچ کو بھی دے دیں کہ ملک ریاض حسین کے ادارے میں اس وقت 01لاکھ سے زائد افراد ملازمین ہیں۔ اور پاکستان کے دگرگوں حالات کے باوجود یہ اپنی مثال آپ ادارہ ملازمین کو بروقت ہوسکتا ہے تنخواہیں ادا کر رہا ہے۔ 01لاکھ کو آپ اوسطاً 05 افراد کے ساتھ بھی لیجیے تو کم وبیش 05لاکھ افراد بنتے ہیں جو ہزاروں خاندانوں کی صورتوں میں ان ملازمین کے بل بوتے پر روزمرہ کی مشکلات سے نمٹ رہے ہیں۔ ہسپتالوں کی صورتحال سامنے رکھیے گا، اور علاج معالجے کے اخراجات بھی جو عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہو چکے ہیں۔ آپ کسی پیچیدہ سے پیچیدہ مرض کے لیے بھی جب بے بس ہو جاتے ہیں تو اچانک ہسپتال سے ہی آپ کو علم ہوتا ہے کہ ایک ادارہ ہے جہاں رابطہ کرنے پر آپ کے علاج کے معاملات سہل ہو سکتے ہیں۔ بحریہ ٹاؤن ہی ایسا ادارہ ہے جو کسی مریض کی درخواست پر بنا غور کیے درخواست کو ردی کی ٹوکری میں نہیں پھینکتا۔ کتنوں کی مدد ہو پاتی ہے کتنوں کی نہیں، یہ الگ سوال ہے۔ مکمل تصدیق کے عمل کے بعد جہاں مدد کرنا مقصود ہو، اس سے کوئی ریفرنس، تعلق، فرقہ، مذہب، رنگ یا نسل نہیں پوچھا جاتا بلکہ انتہائی خاموشی سے ہسپتال کے خزانے میں رقم پہنچ جاتی ہے اور مریض کا علاج ہو جاتا ہے۔ جس ملک میں بھوک کے ہاتھوں لوگ خودکشیاں کر رہے ہوں، اور والدین اپنی اولاد بیچ رہے ہوں وہاں اسی ملک میں آپ کبھی یہ جاننے کی کوشش کیجیے گا کہ کتنے گھروں میں بحریہ ٹاؤن کے راشن بیگز بنا کسی تشہیر کے ہر ماہ پہنچ رہے ہیں۔ جہاں روزگار کے یہ حالات ہوں کہ قرضوں کے بوجھ تلے ملازمین جان سے جا رہے ہوں، اس ملک میں ہی کتنے لوگوں کو عالمی سہولیات کے مطابق روزگار میسر ہے۔ یہاں اس پورے معاملے کو ایک مختلف الگ انداز میں دیکھنے کی کوشش کیجیے تو آپ جو تصویر کا دوسرا رخ نہیں دیکھنا چاہ رہے اسے کیا نقصان ہوگا اس بارے میں تصور کیجیے۔ ملک ریاض حسین یا ان کے ادارے سے جو متنازعہ معاملات منسوب ہیں۔

حمید قریشی۔۔۔۔۔۔کیا کیا ہمیں یاد آیا جب یاد تری آئی

تحریر: سلمان قریشی

ڈھیلی ڈھالی سفید شلوار قمیض جو شاذ و نادر ہی استری ہوئی دیکھنے کو ملتی، گرمیوں میں ان کا عمومی لباس تھا۔ پاؤں میں سادہ سی چپل، سیاہ بال جو جھالروں کی صورت کبھی کبھار اتنا بڑھتے کہ کانوں کو ڈھانپ لیتے۔ سیاہ مونچھوں کا حامل گندمی چہرہ لئے ایک لمبا چوڑا سا وجود جسے دیکھ کر میں اکثر رستہ بدل لیا کرتا مبادا پاس بلا کر سوال و جواب شروع کر دیں۔ تہوار و شادی بیاہ پر ڈبل بریسٹ سوٹ، سردیوں میں گہرے رنگ کے کپڑے اور کوٹ پہنا کرتے تھے۔ تنہا بیٹھے لانبی انگلیوں میں دبے سگریٹ سے کش لگاتے تو محسوس ہوتا مسئلہ فیثا غورث سلجھا رہے ہیں۔ والد صاحب کے چیمبر کے باہر ہی ایک دفتری میز اور کرسی جمائے انہیں کاغذات میں مگن دیکھتے، ہمیں دیکھتے ہی ابروئیں اچکا کر ایک مسکراہٹ اچھالتے۔ یہ ہمارے چچا حمید تھے۔ سکول میں ایک روز پرائمری سطح پر خوش نویسی کا مقابلہ ہوا اور راقم پہلی پوزیشن حاصل کر کے انعام کا حقدار ٹھہرا تو چچا حمید اس دن اپنے بیٹے حسن کو سکول چھوڑنے آئے تھے۔ اگلے روز ابو نے ایک اخبار میرے سامنے کرتے ہوئے مجھے شاباشی تھپکی دی۔ اخبار کے ایک گوشے میں مقابلہ خوش نویسی کی خبر میں راقم کا تذکرہ اور نامہ نگار حمید قریشی کا نام لکھا ہوا تھا۔ مکمل نام عبدالحمید قریشی تھا۔ والد گرامی عبدالقادر قریشی ایڈووکیٹ، چچا صلاح الدین قریشی کے تایا زاد اور عبدالرشید قریشی ایڈووکیٹ سپریم کورٹ (سابق مرکزی سیکرٹری اطلاعات پاکستان جمہوری پارٹی) کے حقیقی چھوٹے بھائی تھے۔ وہ نہ صرف والد صاحب کے ہم جماعت بلکہ سیاسی وسماجی زندگی میں ایک دوسرے کے رفیق بھی تھے۔ ان سے پہلی ملاقات تو یاد نہیں لیکن آخری ملاقات آج بھی شعور کی تختی پر نقش ہے، جب جنوری کی ڈھلتی سرد شام، ایڈیٹوریل بورڈ روزنامہ جنگ کے نام بطور علاقائی نامہ نگار، ایک مکتوب، وہ کہتے اور میں لکھتا جاتا تھا۔ پھر ان کیساتھ ہی ڈاکخانہ جا کر وہ خط پوسٹ کیا اور جلد ہی دوبارہ ملاقات کے وعدے پر ان سے اجازت پائی تھی۔ حمید قریشی 1955ء میں ہارون آباد کے سیاسی و مذہبی پس منظر کے حامل اس قریشی خانوادہ میں پیدا ہوئے جو ابوہر منڈی ضلع فیروز پور سے ہجرت کے بعد یہاں آن بسا تھا۔ والدگرامی پیر عبدالرحمٰن قریشی تقسیم ہند سے قبل اور بڑے بھائی عبدالرشید قریشی وکالت کی پڑھائی کے دوران ہی سیاسی سرگرمیوں میں حصہ لیتے رہے تو گھر کے سیاسی ماحول نے حمید قریشی کی سیاسی صلاحیتوں کو بھی پروان چڑھانے میں اہم کردار ادا کیا۔ صدارتی انتخابات کی مہم کے دوران مادر ملت کی حمایت میں تقریر پر سکول دور میں ہی پہلی بار تھانے کی ہوا کھانا پڑی۔ سکول کے بعد کالج کا زمانہ آیا تو ان کے بھائی عبدالرشید قریشی ایڈووکیٹ بطور وکیل و سیاست دان کافی سرگرم تھے۔ جن کو دیکھتے حمید قریشی میں بھی ایسا ہی کرنے کا جذبہ اٹھتا۔ طبیعت شروع ہی سے مہم جو اور لا ابالی سی تھی۔ سیاسی سرگرمیوں میں آنیوالے مصائب کے باعث کالج کے بعد مزید تعلیم جاری نہ رکھ سکے اور سندھ میں جا، ایک نجی ادارے میں ملازم ہو رہے، دل اپنے کوچے کو کھنچا چلا آتا تھا جو آخر کار انہیں کھینچ ہی لایا۔ والد صاحب کے نام ایک مکتوب میں انکی چند سطریں نظر سے گزریں: "سر شام ہی اپنا چہرہ ہارون آباد کی طرف کر کے بیٹھ رہتا ہوں کہ میرے شہر کی ہوا اپنے ساتھ میرے اپنوں کی بہت سی یادیں لاتی ہے"۔ سنہ 1972ء میں صحافتی سرگرمیوں کا آغاز کیا اور مختلف اخبارات میں حزب اختلاف کی سیاسی سرگرمیوں کو منصہ شہود پر لانے میں کوشاں رہے۔ تحریک ختم نبوت کے دوران دفعہ 144 کے نفاذ کے باوجود جلوس نکالا اور گرفتار ہوئے، تحریک نظام مصطفیٰ چلی تو ہارون آباد میں سب سے پہلے گرفتار ہونیوالے حمید قریشی ہی تھے۔ 1978ء میں ایک بار پھر اسیری مقدر بنی لیکن حمید قریشی کا عزم نہ ٹوٹ سکا۔ سنہ 70ء اور 77ء اور بعد کے جن انتخابات میں عبدالرشید قریشی ایڈووکیٹ (پاکستان جمہوری پارٹی) نے صوبائی اسمبلی کی نشست پر حصہ لیا، انکے سیاسی جلسوں اور انتخابی مہم کے دوران حمید قریشی پیش پیش رہے۔ تقریر میں ایک منفرد انداز، جملوں کی ادائیگی میں کمال پایا تھا۔ جمعیت علمائے اسلام ضلع بہاولنگر کے ضلعی کنوینر کے طور پر بھی کام کیا۔ سنہ 1979ء میں انہوں نے UBL سال انڈسٹری میں کچھ عرصہ ملازمت کی لیکن آزاد منش طبیعت، اور سیاست نے نوکری سے بیزار کر دیا۔ اسٹامپ فروشی اور وثیقہ نویسی کو ترجیح دی، روزنامہ جنگ سے منسلک رہے۔ سیاسی سرگرمیاں بھی ساتھ ساتھ جاری رہیں۔ 1990ء میں "ماہنامہ سحاب" کا ہارون آباد سے آغاز کیا تاہم چند ناگزیر وجوہات کی بنا پر اشاعت جاری نہ رہ سکی۔ اپنے صحافتی و سیاسی عہد میں ملک کی معروف سیاسی و مذہبی شخصیات سے ملاقاتوں کا اتفاق ہوا جن میں چوہدری محمد علی (سابق وزیر اعظم پاکستان)، آغا شورش کاشمیری، مولوی فرید احمد، نور الامین، نوابزادہ نصر اللہ خان، خان عبدالولی خاں، عبدالغفار خان، میر غوث بخش بزنجو، مولانا شاہ احمد نورانی، مولانا فضل الرحمٰن، علامہ عارف حسین، مولانا حق نواز جھنگوی، مولانا ضیاء الرحمٰن فاروقی، مولانا اعظم طارق، مولانا غلام غوث ہزاروی، پیر صاحب پگاڑا شریف، میر رسول بخش تالپور، پروفیسر غفور احمد، عبدالحفیظ پیرزادہ، غلام مصطفیٰ جتوئی، معراج محمد خان، فتح یاب علی، سجاد علی شاہ، مولانا شاہ عبدالستار نیازی، عبدالرؤف سیالوی، علامہ ڈاکٹر طاہر القادری، بیگم نسیم ولی خان، جے سالک، میاں محمد اظہر، ائیر مارشل اصغر خان، حافظ حسین احمد، طاہرہ خان، نظام الدین حیدر، عبدالقادر آزاد، سید تابش الوری، اقبال حیدر وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ اپنی صحافتی ذمہ داریاں نبھاتے نہ صرف عوامی مسائل کو اجاگر کیا بلکہ شعوری پہلوؤں سے آگاہی کی کاوشیں بھی ان کی صحافت میں واضح نظر آتی ہیں۔ ہارون آباد تھنکرز فورم، غازی علم الدین میموریل سوسائٹی سمیت مختلف سماجی و صحافتی تنظیمات کے روح رواں رہے۔ ایک وقت تھا کہ برادرم راشد نور غوری (بزم بابا فرید ہارون آباد) و دیگر دوستوں کے ہمراہ مل کر مستحقین میں کھانا تقسیم کرنے کا پروگرام بھی چلایا اور پاکستان امن تحریک کے پلیٹ فارم سے ہارون آباد میں ڈاکٹر عبدالقدیر خان کے ٹیلیفونک خطابات بھی کرواتے رہے۔ حمید قریشی اپنے حلقے کی سیاست کے حوالے سے ایک اہم کردار تھے، حزب اقتدار کے سیاسی رہنماؤں پر اپنے مخصوص انداز میں تنقید اور سیاسی حالات وواقعات کو اپنے منفرد اسلوب میں قارئین تک پہنچانا ان کا خاصہ تھا۔ دوست، کولیگز خبر بنانے کا ڈھنگ، بلامبالغہ ان سے سیکھا کرتے تھے۔ شہر کی مختلف سیاسی شخصیات کو اپنی تحریری صلاحیتوں سے نہ صرف مرعوب رکھتے بلکہ حتی المقدور انہیں تقریری و مشاورتی معاونت بھی فراہم کرتے رہے۔ نڈر اور بے باک قسم کے شخص تھے۔ مثبت صحافت وتنقید کی وجہ سے ہونیوالی جوابی تنقید کے باوجود تمام شہر ہی ان کا احترام کرتا تھا۔ ان کی کئی سیاسی ڈائریاں اب بھی میری فائلز میں موجود ہیں۔ شہر کے مختلف حلقوں کی نمائندہ سیاسی شخصیات اور مجموعی سیاسی وسماجی صورت حال ان کے ذہن میں محفوظ ہوتی جو وہ روزنامہ جنگ کو وقتاً فوقتاً بھجواتے رہتے۔ عام انتخابات 2018ء سے چند ماہ قبل میری ان سے گاڑی چھننے لگی۔ وجہ یہ تھی کہ چچا ہونے کے باوجود ان میں دوستانہ اور یارانہ تھا جو عموماً بڑے رشتوں میں مفقود ہوتا ہے یا حفظ مراتب کا خیال رکھتے ہوئے ایسی صورت حال کا سامنا کم ہی ہوتا ہے۔ ہم کبھی اکٹھے اور کبھی اپنی علیحدہ علیحدہ حیثیت میں مختلف سیاسی اجتماعات، ملاقاتوں اور بیٹھکوں میں شامل ہوتے۔ قریشی سٹریٹ مدینہ کالونی میں واقع انکے رہائشی مکان کی بیٹھک جو کسی دور میں کیمپ آفس ہوا کرتی تھی، ان دنوں ان کی مستقل جائے قیام تھی۔ وہ سردیوں میں اسی بیٹھک تک محدود پائے جاتے کہ سانس کا مرض اس موسم میں ان پر حاوی ہو رہتا۔ اس بیٹھک میں ایک طرف دیوار میں نصب الماری میں مختلف موضوعات کی کتابیں ٹھنسی تھیں۔ (جاری ہے)

لاہور: کھیلتا پنجاب گیمز کے فائنل مرحلے میں کبڈی میچ کا منظر

کارپوریٹ چیلنج کپ، جاز، مونڈے کی ٹیموں کی کامیابی

جاز کے 212 رنز کے ہدف میں ایل سی آئی صرف 51 رنز پر ڈھیر ہو گئی

لاہور(میاں شہروز سے) کارپوریٹ چیلنج کپ کے چھٹے ایڈیشن کے مقابلے لاہور کی مقامی گراؤنڈز میں جاری ہیں اور گزشتہ روز کھیلے گئے میچز میں جاز اور مونڈے نے کامیابی حاصل کی۔ علی گڑھ کرکٹ گراؤنڈ ماڈل ٹاؤن میں کھیلے گئے پہلے میچ میں ایل سی آئی اور جاز کی ٹیمیں مدمقابل آئیں۔ جاز کی ٹیم نے بہترین کھیل پیش کرتے ہوئے 5 کھلاڑیوں کے نقصان پر212 رنز بنائے جبکہ ہدف کے تعاقب میں میدان میں اترنے والی ایل سی آئی کی ٹیم صرف 51 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ جاز ٹیم کے محمد عاصم کو بہترین کارکردگی پر مین آف میچ کا ایوارڈ دیا گیا۔ دوسرے میچ میں مونڈے اور نیٹ سول کی ٹیمیں ایک دوسرے کو پچھاڑنے کا عزم لے کر میدان میں اتریں۔ مونڈے کی ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 5 وکٹوں کے کے نقصان پر 180 رنز کا ہدف دیا جسے نیٹ سول کی ٹیم نے 4 وکٹوں کے نقصان پر بآسانی حاصل کرلیا۔ فاتح ٹیم کے عدنان بٹ مین آف میچ قرار پائے۔ نقصان پر180 رنز کا ہدف دیا جسے نیٹ سول کی ٹیم نے 4 وکٹوں کے نقصان پر بآسانی حاصل کرلیا۔ فاتح ٹیم کے عدنان بٹ مین آف میچ قرار پائے۔ جاز کی ٹیم نے بہترین کھیل پیش کرتے ہوئے 5 کھلاڑیوں کے نقصان پر212 رنز بنائے جبکہ ہدف کے تعاقب میں میدان میں اترنے والی ایل سی آئی کی ٹیم صرف 51 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ جاز کے 212 رنز کے ہدف میں ایل سی آئی صرف 51 رنز پر ڈھیر ہوگئی

لاہور: کھیلتا پنجاب گیمز کے فائنل مرحلے میں باسکٹ بال گرلز کے فائنل میچ کا منظر

آئی سی سی مینز چیمپئنز ٹرافی 2025 کے فزیکل ٹکٹس کی فروخت (آج) سے شروع ہوگی

پاکستان میں ہونے والے میچوں کے ٹکٹ ٹی سی ایس کے مقرر کردہ آؤٹ لیٹس پر دستیاب ہوں گے، متحدہ عرب امارات میں انڈیا کے میچوں کے ٹکٹوں کا اعلان جلد کیا جائیگا

دبئی (این این آئی) رواں ہفتے آئی سی سی مینز چیمپئنز ٹرافی 2025 کے لیے یہاں دستیاب ٹکٹوں کی آن لائن فروخت کے بعد آٹھ ٹیموں کے مقابلے کے لیے فزیکل ٹکٹس (آج) پیر 3 فروری سے خلیجی معیاری وقت کے مطابق سہ پہر تین بجے اور پاکستانی معیاری وقت کے مطابق سہ پہر چار بجے سے فروخت کیے جائیں گے۔ فزیکل ٹکٹ شائقین کے لیے پاکستان کے 26 شہروں میں TCS 108 مراکز پر دستیاب ہوں گے جیسا کہ پہلے اعلان کیا گیا کہ جنرل اسٹینڈ ٹکٹ کی قیمتیں 1000 پاکستانی روپے سے شروع ہوں گی جبکہ کراچی، لاہور اور راولپنڈی میں ہونے والے 10 میچوں کے لیے مختلف کیٹیگریز میں پریمیم سیٹنگ 1500 پاکستانی روپے سے دستیاب ہوگی۔ 19 فروری کو کراچی کے نیشنل اسٹیڈیم میں ایونٹ کے افتتاحی میچ میں میزبان پاکستان کا مقابلہ نیوزی لینڈ سے ہوگا۔ دبئی، متحدہ عرب امارات میں 20 اور 23 فروری اور 2 مارچ کو کھیلے جانے والے انڈیا کے میچوں کے ٹکٹ کی معلومات مقررہ وقت پر جاری کی جائیں گی۔ آئی سی سی مینز چیمپئنز ٹرافی فائنل 9 مارچ کو کھیلا جائے گا۔ فائنل کے ٹکٹ دبئی میں پہلے سیمی فائنل کے اختتام کے بعد خریداری کے لیے دستیاب ہوں گے۔

متحدہ عرب امارات کی خواتین کرکٹ درست سمت میں آگے بڑھ رہی ہے، ایشا اوزا

دبئی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کی ویمن کرکٹ کپتان ایشا اوزا نے موجودہ ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی 20 سیزن 3 کے موقع پر کرکٹ لیجنڈز انجم چوپڑا اور عروج ممتاز سے ملاقات کی اور آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ کوالیفائنگ سے قبل ان سے قیمتی مشورے حاصل کیے۔ ایشیا نے گزشتہ اتوار کو آئی سی سی ویمنز ایسوسی ایٹ کرکٹر آف دی ایئر 2024 ایوارڈ حاصل کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ انجم اور عروج سے ملنا بہت اچھا تھا اور ان سے یہ سمجھنا کہ وہ کس طرح دباؤ سے نمٹتے ہیں اور ان کے ساتھ کھل کر بات چیت کرنا بہت اچھا تھا۔ 2022 میں جب میں نے پہلی بار آئی سی سی ویمنز ایسوسی ایٹ کرکٹر کا ایوارڈ جیتا تو میں بہت خوش تھی اور ایک طرح سے توقعات پر پورا اترنے کے لئے خود پر دباؤ بھی محسوس کر رہی تھی بدقسمتی سے مجھے 2023 میں ایک خراب سفر کا سامنا کرنا پڑا۔ لہٰذا میں واقعی ان سے یہ جاننا چاہتی تھی کہ انہوں نے دباؤ سے کیسے نمٹا۔ عروج نے دباؤ کو متوازن رکھنے اور کارکردگی پر بھروسہ کرنے سے متعلق بات کی جبکہ انجم نے ایشا کو سخت ٹیموں کا سامنا کرنے پر دباؤ کو کم کرنے کے فوائد سے آگاہ کیا۔ ایشا نے رواں سال آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ میں جگہ بنانے کے اپنی ٹیم کے عزائم بھی بتائے۔

چیمپئنز ٹرافی میں پاک بھارت میچ اہم نہیں، تمام میچز اہم ہیں، گوتم گمبھیر

نئی دہلی (این این آئی) ہیڈ کوچ بھارتی کرکٹ ٹیم گوتم گمبھیر نے آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میں پاکستان اور بھارت کے میچ کو زیادہ اہم قرار نہیں دیا اور کہا ہے کہ دبئی میں مشن چیمپئنز ٹرافی کی جیت ہے صرف ایک میچ مشن نہیں۔ بھارتی کرکٹ بورڈ کے ایوارڈز کی تقریب کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گوتم گمبھیر نے کہا کہ ہم چیمپئنز ٹرافی میں یہ سوچ کر نہیں جا رہے کہ 23 فروری کو سب سے اہم میچ ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں سمجھتا ہوں پانچوں میچز بڑے اہم ہیں، دبئی میں ہمارا مشن چیمپئنز ٹرافی جیتنا ہے، ہمارا مشن صرف ایک میچ نہیں ہے۔ گوتم گمبھیر نے کہا کہ جب بھی پاکستان اور بھارت کھیلتے ہیں تو جذبات بہت زیادہ ہو جاتے ہیں جذبات اپنی جگہ لیکن مقابلہ ہمیشہ وہیں رہتا ہے۔ گوتم گمبھیر نے کہا کہ ورلڈ کپ کے مقابلے میں چیمپئنز ٹرافی مختلف چیلنج ہے، ہر میچ اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ بھارتی ہیڈ کوچ نے کہا کہ روہت شرما اور ویرات کوہلی ڈریسنگ روم اور بھارتی کرکٹ کی ویلیو میں اضافہ کریں گے اور دونوں کا چیمپئنز ٹرافی میں بڑا کردار ہوگا۔ ورلڈ کپ کے مقابلے میں چیمپئنز ٹرافی مختلف چیلنج ہے، ہر میچ اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ بھارتی ہیڈ کوچ نے کہا کہ روہت شرما اور ویرات کوہلی ڈریسنگ روم اور بھارتی کرکٹ کی ویلیو میں اضافہ کریں گے

بی پی ایل میں کرپشن الزامات [بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ نے آزاد تحقیقاتی ادارہ تشکیل دیدیا

بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ ملک میں کھیل کی سالمیت کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے گا، اعلامیہ

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ (بی سی بی) نے بنگلہ دیش پریمیئر لیگ (بی پی ایل) میں جاری تحقیقات میں اپنے اینٹی کرپشن یونٹ (اے سی یو) کی مدد کے لیے ایک آزاد تحقیقاتی ادارہ تشکیل دیدیا۔ کھیلوں کی ویب سائٹ کرک انفو کے مطابق بی سی بی کی جانب سے یہ اعلان گزشتہ چند ہفتوں سے بی پی ایل میں بدعنوانی کے الزامات کے بعد کیا گیا ہے۔ کرکٹ بورڈ کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا کہ بی سی بی ایک آزاد تحقیقاتی ادارہ قائم کر رہا ہے تاکہ بنگلہ دیش پریمیئر لیگ میں بدعنوانی کی تحقیقات میں اے سی یو کی مزید مدد کی جاسکے۔ اعلامیہ کے مطابق بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ منصفانہ اور شفاف کرکٹ ماحول کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے اور ملک میں کھیل کی سالمیت کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے گا۔

آئی ایل ٹی 20، گلف جائنٹس پلے آف کی دوڑ میں موجود

لاہور: کارپوریٹ چیلنج کپ کے چھٹے ایڈیشن کے میچ سے قبل نیٹ سول اور مونڈے کی ٹیموں کے کھلاڑیوں کا گروپ فوٹو

ابوظبی (این این آئی) ابوظبی کے شیخ زاید اسٹیڈیم میں کھیلے گئے ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی 20 کے میچ میں گلف جائنٹس نے ابوظبی نائٹ رائیڈرز کو 7 وکٹوں سے ہرادیا اس جیت سے گلف جائنٹس تیسری پوزیشن پر پہنچ گئی ہے اور پلے آف کے امکانات روشن ہوگئے، ایم آئی امارات اور ڈیزرٹ وائپرز پہلے ہی پلے آف کے لئے کوالیفائی کرچکی ہیں۔ مقابلے میں زندہ رہنے کے لئے ایک جیت کی ضرورت تھی گلف جائنٹس نے شاندار بولنگ کرتے ہوئے نائٹ رائیڈرز کو 123 رنز تک محدود کردیا جواب میں انہوں نے گرہارڈ ایراسمس اور ٹام کرن کے درمیان 70 رنز کی شاندار شراکت اور شمرون ہیٹمائر کی عمدہ اننگز کی بدولت فتح حاصل کی۔ جائنٹس نے پاور پلے میں 2 وکٹوں کے نقصان پر 27 رنز بنائے۔ ولی اور سنیل نارائن کی محتاط باؤلنگ کی بدولت جائنٹس کی بیٹنگ متاثر ہوئی اور وہ نصف اوورز 2 وکٹوں کے نقصان پر 50 رنز ہی بنا سکی۔ 11 ویں اوور کرن نے آندرے رسل کو چوکا، ایک چھکا اور پھر چوکا لگا کر 17 رنز بنائے۔ اس شاندار اوور نے جائنٹس کو وہ حوصلہ دیا جس کی انہیں ضرورت تھی انہوں نے ٹیرنس ہنڈس کے 13 ویں اوور میں مزید 12 رنز حاصل کیے جائنٹس کا اس وقت اسکور 2 وکٹوں کے نقصان پر 82 رنز تھا۔ ہیٹمائر نے اپنی شاندار بلے بازی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ابرار احمد کو ڈوکٹ پر آؤٹ کیا اور اس کے بعد وننگ ہٹ لگا کر گلف جائنٹس کو 7 وکٹوں سے فتح دلادی۔ اس سے قبل ابوظبی نائٹ رائیڈرز نے ابتدائی تین اوورز کے اندر ہی اپنے دونوں اوپنرز کائل میئرز اور اینڈریز گوس کو کھو دیا تھا۔ ان میں سے ہر ایک نے ایک رن بنایا۔ اور نائٹ رائیڈرز کا اسکور 2 وکٹوں کے نقصان پر 4 رنز تھا روسٹن چیز نے پاور پلے کے اختتام پر چند چوکے لگا کر ٹیم کو 2 وکٹوں کے نقصان پر 24 رنز پر پہنچایا۔ وہ بلیسنگ مزاربانی کے فوری بعد 15 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئے۔

لاہور: کارپوریٹ چیلنج کپ کے چھٹے ایڈیشن کے جاری مقابلوں میں میچ کے دوران جاز اور ایل سی آئی کی ٹیمیں مدمقابل ہیں

SHOWBIZ
قوت

پریاگ راج میں مہاکمبھ میلے کے دوران یاتری موجود ہیں (تصویر از آر تیش بابو/ اے ایف پی)

چین، مسافر کی غلطی نے 30 سال بعد جڑواں بھائی اور والدین سے ملوادیا

غیر معمولی واقعہ چین کے صوبہ گویژو میں پیش آیا جس نے سوشل میڈیا پر توجہ حاصل کرلی، رپورٹ

بیجنگ (این این آئی) مسافر کی غلطی نے ٹیکسی ڈرائیور کو 30 سال بعد اسکے گمشدہ جڑواں بھائی اور حقیقی والدین سے ملوادیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ غیر معمولی واقعہ چین کے صوبہ گویژو میں پیش آیا جس نے سوشل میڈیا پر توجہ حاصل کرلی۔ مذکورہ واقعہ 4 جنوری کو ڈونگ فینگ کاؤنٹی میں پیش آیا جب پینگ ڈنگی نامی شخص، جس کی درست عمر نہیں بتائی گئی، تین دہائیوں بعد واپس اپنے حقیقی خاندان سے مل گیا۔ یہ کہانی 2016 میں اس وقت شروع ہوئی جب پینگ گویانگ میں اپنی ٹیکسی چلا رہا تھا کہ ایک مسافر نے اسے اپنا دوست سمجھ کر مخاطب کیا۔ ابتدائی طور پر مسافر کی واقفیت نے پینگ کو الجھن میں ڈال دیا لیکن جلد ہی اسے احساس ہوا کہ یہ غلط فہمی دراصل ان کے گمشدہ جڑواں بھائی کی وجہ سے تھی۔ پینگ نے اپنے بھائی سے پہلی ملاقات کے بارے میں دلچسپ کہانی بتاتے ہوئے کہا، یہ ایسا تھا جیسے آئینہ دیکھ رہا ہوں۔ ڈی این اے ٹیسٹ کی ضرورت ہی نہیں تھی۔ ہماری مشابہت 90 فیصد تھی۔ رپورٹ کے مطابق صرف جسمانی مشابہت ہی نہیں بلکہ دونوں بھائیوں کی عادات بھی حیران کن حد تک مماثل تھیں، حتیٰ کہ دونوں مختلف شہروں میں رہتے ہوئے بھی ایک ہی دن بیمار ہوئے۔ اگرچہ بھائیوں کو ایک دوسرے سے ملنے کا موقع مل گیا لیکن حیاتیاتی والدین کی تلاش میں کامیابی نہیں ملی۔ دہائیوں قبل اسپتال کے عملے نے ان کی والدہ کو بتایا تھا کہ دونوں بچے پیدائش کے فوراً بعد انتقال کر گئے۔ اس کے بعد دونوں بھائیوں کو مختلف خاندانوں نے گود لے لیا تھا۔ پینگ کو ابتدائی طور پر ایک ڈاکٹر نے گود لیا لیکن ان کے مسلسل رونے کی وجہ سے ڈاکٹر نے انہیں ایک اور خاندان کے سپرد کردیا۔ وہ اپنے گود لینے والے والدین کے اکلوتے بیٹے کے طور پر پلے بڑھے اور 18 سال کی عمر میں ایک رشتہ دار کے ذریعے اپنی گود لینے کی حقیقت جان پائے۔ انہوں نے کئی بار اپنی حیاتیاتی فیملی کو تلاش کرنے کی کوشش کی لیکن ان کی کوششیں ناکام رہیں۔ اپنے جڑواں بھائی سے دوبارہ ملنے کے بعد پینگ کا عزم مزید مضبوط ہوگیا اور دسمبر 2022 میں انہوں نے بھی کم ہوم پلیٹ فارم پر اپنی تفصیلات دوبارہ جمع کروائیں۔ صرف چند دن بعد انہوں نے اپنے حیاتیاتی والدین کے علاوہ دو بڑی بہنوں کو بھی ڈھونڈلیا۔

NO THIRD RUNWAY
AT HEATHROW

مغربی لندن کے ہیتھرو ایئرپورٹ پر تیسرے رن وے کی تعمیر کے خلاف احتجاج کے دوران کلائمیٹ ایکشن گروپ کے کارکن مظاہرہ کرتے ہوئے (اے ایف پی)

سکھ فارجسٹس کا بھارت سے پھر علیحدگی کا مطالبہ، 23 مارچ کو ریفرنڈم کا اعلان

مودی حکومت کا مقصد امریکا اور کینیڈا میں سکھ رہنماؤں کو ہلاک کرنا ہے، سکھ رہنما گرپتونت سنگھ پنوں

نیویارک (این این آئی) سکھ فارجسٹس نے بھارت سے علیحدگی کے مطالبے کو مزید تقویت دیتے ہوئے 23 مارچ 2025 سے امریکا میں ایک ریفرنڈم شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سکھ رہنما گرپتونت سنگھ پنوں نے کہا کہ بھارتی حکومت خالصتان تحریک کے رہنماں کے قتل کی منصوبہ بندی کر رہی ہے اور مودی حکومت کا مقصد امریکا اور کینیڈا میں سکھ رہنماں کو ہلاک کرنا ہے۔ پنوں نے کینیڈا میں ہردیپ سنگھ نجار کے قتل کا حوالہ دیتے ہوئے مزید کہا کہ انہیں بھی امریکی سرزمین پر قتل کرنے کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں۔ گرپتونت سنگھ پنوں نے امریکا کی حکومت سے درخواست کی کہ وہ بھارتی حکام سے فوری طور پر رابطہ کریں اور ان کی جان کی حفاظت کو یقینی بنائیں۔ مودی حکومت کا مقصد امریکا اور کینیڈا میں سکھ رہنماؤں کو ہلاک کرنا ہے۔ مودی حکومت کا مقصد امریکا اور کینیڈا میں سکھ رہنماؤں کو ہلاک کرنا ہے، سکھ رہنما گرپتونت سنگھ پنوں. گرپتونت سنگھ پنوں نے امریکا کی حکومت سے درخواست کی کہ وہ بھارتی حکام سے فوری طور پر رابطہ کریں اور ان کی جان کی حفاظت کو یقینی بنائیں۔

برلن ایئرپورٹ پر ایک سال سے کھڑی لاوارث گاڑی کی پارکنگ فیس 209,124 ڈالر ہو گئی

برلن (این این آئی) جرمنی کے دارالحکومت برلن کے ایک ہوائی اڈے کے قلیل مدتی پارکنگ ایریا میں ایک سال سے کھڑی لاوارث گاڑی کی پارکنگ فیس کی مد میں 209,124 ڈالر کی بھاری رقم کا معاملہ بین الاقوامی شہ سرخی بن گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ہوائی اڈے کی پارکنگ کی فیسیں بہت زیادہ ہوتی ہیں اور برلن کا برانڈنبرگ ہوائی اڈہ بھی اس سے مستثنیٰ نہیں۔ بتایا جاتا ہے کہ گاڑی کی قلیل المدتی پارکنگ ایریا میں پہلے 10 منٹ مفت ہیں، جس کے بعد 30 منٹ کیلیے 11 امریکی ڈالر، فی گھنٹہ 23 اور ایک پورے دن کی فیس 552 ڈالر ہیں۔ اب تصور کریں کہ وہاں ایک گاڑی کو پورے سال کیلیے پارک کریں۔ جب آپ ایک غیر معمولی مہنگی لگژری گاڑی کی بات کرتے ہیں تو غالباً یہ بہتر ہے کہ اسے محفوظ اور مہنگی پارکنگ میں چھوڑ دیا جائے، تو لگتا ہے کہ مذکورہ بالا قیمتی گاڑی کے مالک نے بھی کچھ یوں ہی کیا اور وہ گزشتہ برس جنوری میں اپنی گاڑی برلن ایئرپورٹ پارکنگ میں چھوڑ گیا۔ تاہم یہ واضح نہیں کہ ایئرپورٹ حکام نے کب اس مہنگی پارکنگ ایریا میں گاڑی کی موجودگی کا نوٹس لیا لیکن ایک چیز یقینی ہے کہ کسی نے بھی اس دوران گاڑی کے ساتھ کچھ نہیں کیا۔

اسرائیلی جیلوں سے رہائی پانے والے فلسطینی قیدیوں کی تین بسوں پر غزہ آمد

خان یونس (این این آئی) قیدیوں کے رہائی تبادلے کے سلسلے میں اسرائیلی جیلوں سے رہائی پانے والے فلسطینیوں کو تین بسوں پر خان یونس لایا گیا۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے کے مطابق اکثر قیدیوں نے سرمئی رنگ کا قیدیوں والا لباس پہن رکھا تھا۔ جن کا راستے میں سینکڑوں فلسطینیوں نے والہانہ استقبال کیا۔ خاص طور پر جب یہ اسیران یورپین ہسپتال پہنچے۔ اسیران کو رہائی کے بعد گھروں کی طرف جانے سے پہلے ہسپتال لے جایا گیا جہاں ان کا چیک اپ کیا گیا۔ ان کی رہائی کے موقع پر فلسطینی عوام نے بھرپور نعرہ بازی کرتے ہوئے کہا 'ہم اپنے خون اور روح سے تمہیں آزادی دلوائیں گے۔ کئی قیدیوں نے بسوں کی کھڑکیوں سے اپنے بازو باہر نکال کر فتح کا نشان بنایا۔ ان قیدیوں کی نگاہیں اپنے عزیزوں کو تلاش کر رہی تھیں۔ جبکہ ان کے عزیزوں کی نگاہیں انہیں پہچاننے کی کوشش کر رہی تھیں۔ اکثر نے سرمئی رنگ کا قیدیوں والا لباس پہن رکھا تھا، سینکڑوں فلسطینیوں نے والہانہ استقبال کیا. جن کا راستے میں سینکڑوں فلسطینیوں نے والہانہ استقبال کیا اکثر نے سرمئی رنگ کا قیدیوں والا لباس پہن رکھا تھا، سینکڑوں فلسطینیوں نے والہانہ استقبال کیا۔

امریکا نے چین، کینیڈا اور میکسیکو پر نئے ٹیرف لاگو کردیے

ٹرمپ نے تینوں ممالک پر ٹیرف عائد کرنے کے حکمنامے پر دستخط کردیے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بڑے تجارتی شراکت داروں چین، کینیڈا اور میکسیکو پر نئے ٹیرف لاگو کردیے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق دھمکیوں کو عملی جامہ پہناتے ہوئے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے تینوں ممالک پر ٹیرف عائد کرنے کے حکمنامے پر دستخط کردیے ہیں۔ کینیڈین حکام کو آگاہ کردیا گیا ہے کہ برآمد کیے جانیوالے سامان پر منگل سے 25 فیصد ٹیرف عائد کردیا گیا ہے، تاہم کینیڈین آئل پر یہ ٹیکس دس فیصد لگایا گیا ہے۔ اسی طرح میکسیکو سے برآمد اشیا پر بھی 25 فیصد ٹیکس لگایا گیا ہے جبکہ چین سے امریکا بھیجی جانیوالی اشیا پر 10 فیصد ٹیکس عائد کیا گیا ہے۔ وائٹ ہاؤس کے مطابق کسی کے لیے کوئی استثنا نہیں ہے، ٹیرف کا عارضی پلان منگل سے نافذ العمل ہوگا۔ وائٹ ہاؤس نے یہ بھی واضح کیا ہے کہ اگر کسی ملک نے ٹیرف کے جواب میں ردعمل دیا تو اس سے نمٹنے کی بھی تیاری کرلی گئی ہے۔ صدر ٹرمپ کے اس اقدام سے عدم استحکام سے دوچار کرنیوالی تجارتی جنگ کا اسٹیج تیار ہوگیا ہے۔

لندن میں خفیہ سرنگوں کو سیاحتی مقام میں تبدیل کرنے کا منصوبہ

مصر کے وزیر خارجہ اردن، سعودی عرب، قطر اور متحدہ عرب امارات کے وزرا کے ساتھ میٹنگ کی سربراہی کر رہے ہیں (خالد دیسوقی/اے ایف پی)

عوام کی توجہ حاصل کرنے کے لیے میوزیم، نمائشیں اور تفریحی مقامات شامل کئے جائینگے، حکام

لندن (این این آئی) دوسری عالمی جنگ کے دوران بنکرز کے طور پر استعمال ہونے والی لندن کی خفیہ سرنگوں کو سیاحتی مقام میں تبدیل کرکے عوام کے لیے کھول دیا جائے گا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق برطانوی حکومت نے دارالحکومت لندن میں سیاحوں کے لیے خفیہ زیرزمین سرنگوں کو سیاحتی مقام میں تبدیل کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ کنگز وے ایکسچینج نامی یہ سرنگیں دوسری عالمی جنگ کے دوران فضائی حملوں سے بچنے کے لیے شہر کی سڑکوں سے 40 میٹر زیرزمین بنائی گئی تھیں، جنہیں اس وقت بنکرز کے طور پر استعمال کیا گیا تھا۔ اب انہیں لندن ٹنل کے نام سے جانا جاتا ہے، جنہیں سیاحتی مقام میں تبدیل کرکے 2027 سے 2028 کے درمیان عوام کے لیے کھول دیا جائے گا۔ ان سرنگوں کو پرکشش مقام میں تبدیل کیا جائے گا جہاں عوام کی توجہ حاصل کرنے کے لیے میوزیم، نمائشیں اور تفریحی مقامات شامل ہیں۔ عوام کی توجہ حاصل کرنے کے لیے میوزیم، نمائشیں اور تفریحی مقامات شامل کیے جائینگے ان سرنگوں کو پرکشش مقام میں تبدیل کیا جائے گا جہاں عوام کی توجہ حاصل کرنے کے لیے میوزیم، نمائشیں اور تفریحی مقامات شامل ہیں۔ عوام کی توجہ حاصل کرنے کے لیے میوزیم، نمائشیں اور تفریحی مقامات شامل کیے جائینگے۔ اب انہیں لندن ٹنل کے نام سے جانا جاتا ہے، جنہیں سیاحتی مقام میں تبدیل کرکے 2027 سے 2028 کے درمیان عوام کے لیے کھول دیا جائے گا۔

کابل کے سرینا ہوٹل میں سکیورٹی کے دائرے سے گزر رہے ہیں۔ یکم فروری 2025 کو سرینا کابل نے 20 تک ہوٹل چلانے کے بعد اس کی کابل کی شاخ کو بند کرنے کا اعلان کیا ہے (اے ایف پی)

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت
لاہور

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

پاکستانی معاشرہ دن بدن زوال پذیر ہے: حافظ مسعود عالم، حافظ محمد شریف، مولانا محمد رمضان سلفی

نظام تعلیم کے عدم استحکام کی وجہ سے نوجوانوں کے اخلاق تباہ ہو رہے ہیں بدقسمتی سے کوئی ادارہ اس کی روک تھام کے لیے کوشش نہیں کر رہا

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) جامعہ سلفیہ میں تکمیل صحیح بخاری شریف کے موقع پر حافظ مسعود عالم، حافظ محمد شریف، مولانا محمد رمضان سلفی، پروفیسر محمد یاسین ظفر، فضل حق ثانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا پاکستانی معاشرہ دن بدن زوال پذیر ہے نظام تعلیم کے عدم استحکام کی وجہ سے نوجوانوں کے اخلاق تباہ ہو رہے ہیں بدقسمتی سے کوئی ادارہ اس کی روک تھام کے لیے کوشش نہیں کر رہا۔ البتہ پاکستان میں دینی مدارس کا کردار قابل قدر ہے جو اپنے نصاب اور نظام تعلیم کے ذریعے نوجوانوں کی کردار سازی اور اعلیٰ تربیت کا اہتمام کر رہے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ یہ بات باعث اطمینان ہے کہ دینی مدارس اپنی ذمہ داری باحسن طریقے سے ادا کر رہے ہیں اور لوگوں کا اعتماد مدارس پر بڑھ رہا ہے۔ مدارس میں طلبہ کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے ترقی یافتہ پاکستان کیلئے قوم کی تربیت ضروری ہے۔ محبت پاکستان کے جذبے کو فروغ دیکر ہی معاشرے کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے وفاق المدارس السلفیہ نے تعلیم و تربیت اور کردار سازی کے عظیم ادارے قائم کئے جہاں سے باعمل مسلمان فارغ التحصیل ہو کر اسلام، پاکستان اور عوام کی خدمت کر رہے ہیں، یہ طلبا بھی انہی عظیم سپوتوں میں سے ایک ہیں۔ جامعہ سلفیہ نفرتوں کو ختم کرنے اور محبتیں بانٹنے کیلئے عملی جدوجہد کر رہی ہے نسل نو کو دین اور وطن سے محبت اجاگر کرنے کیلئے عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔ انھوں نے مزید کہا پاکستان ایک نظریے کا نام ہے، جس میں اسلامی تشخص کی بنیاد اور اس بنیاد پر اسلام کے قلعے کی عمارت کی تعمیر ہوئی جس کے پیچھے بہت سی دعائیں، جذبے، خلوص اور محبتیں چھپی ہوئی ہیں انہوں اس موقعہ پر تمام پوزیشن لینے والے طلبہ کے اساتذہ اور والدین کو مبارک باد پیش کی تقریب میں حاجی بشیر احمد، فضل حق ثانی، ڈاکٹر عتیق الرحمٰن، پروفیسر نجیب اللہ طارق، حاجی محمد ارشد پاشا، حکیم عزیز الرحمٰن، اشرف بھلیسے خطاب کرتے ہوئے پرنسپل جامعہ محمد یسین ظفر کی جامعہ سلفیہ کے لیے دی جانے والی خدمات پر انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا اور جامعہ سلفیہ کے 73 فارغ التحصیل کو اسناد اور انعامات دیے گئے تقریب کے آخر میں ملکی ترقی سلامتی، استحکام اور ملکی معاشی مشکلات کے جلد حل کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔

باڈی بلڈنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام سالانہ ہونے والے جونیئر اینڈ مسٹر جونیئر کے تن سازی کے مقابلہ جات میں کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی

شرقپور شریف (نامہ نگار محمد خضر حیات راجپوت سے) لاہور اور شیخوپورہ کے 2024 میں باڈی بلڈنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام سالانہ ہونے والے جونیئر اینڈ مسٹر جونیئر کے تن سازی کے مقابلہ جات میں اقبال گولڈ جم فٹنس کلب شرقپور شریف کے کھلاڑیوں نے شاندار پرفارمنس پیش کرتے ہوئے میدان مار لیا۔ آل شیخوپورہ باڈی بلڈنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام 34 واں سالانہ تن سازی مقابلہ جونیئر کلاس میں اقبال گولڈ جم فٹنس کلب کے سیٹھ خوشام مقصود نے شاندار پرفارمنس کا مظاہرہ کرتے ہوئے 60KG کیٹا گری میں پہلی پوزیشن اپنے نام کر کے میدان مار لیا۔ جبکہ سینئر کلاس 60KG کیٹا گری میں سیٹھ احمد مقصود نے دوسری، 65KG میں محمد صائم نے تیسری اور 65KG میں محمد جمیل مہر نے چوتھی پوزیشن اپنے نام کی۔ لاہور میں 2024 کے لئے ہونے والے تن سازی مقابلہ جات میں سینئر کلاس 65KG میں محمد صائم نے تیسری، محمد سبحان نے چوتھی اور محمد جمیل مہر نے پانچویں پوزیشن اپنے نام کی جبکہ جونیئر کلاس 60KG میں سیٹھ احمد مقصود نے دوسری اور 55KG میں سیٹھ خوشام مقصود نے تیسری پوزیشن اپنے نام کی۔

موجودہ حکومت عوامی امنگوں پر بہترین کارکردگی دکھا رہی ہے: عبدالرحمن خان

حکومت کے احسن اقدام ہیں آنے والے سالوں میں ملک پاکستان مسلم لیگ ن کی حکومت میں مزید ترقی پر گامزن ہوگا



مریدکے (تحصیل رپورٹر) ممبر قومی اسمبلی پاکستان مسلم لیگ ن و سابق وفاقی وزیر مملکت برائے داخلہ عبدالرحمن خان کانجو نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ وفاقی و پنجاب حکومت عوامی امنگوں پر بہترین پرفارمنس کر رہی ہیں حالیہ وزیراعلی پنجاب کے کالج یونیورسٹی طلباء کے لئے اپنا گھر سکیم غریب عوام کے لیے یہ قابل تحسین ہیں انہوں نے مریدکے ایک نجی تقریب کے دوران صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے مزید کہا کہ اور وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کی قیادت میں ملک ترقی کی طرف گامزن ہے ہمارے ضلع سمیت پنجاب کے تمام اضلاع میں عوامی سہولیات کی فراہمی کے لیے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہیں جو کہ موجودہ حکومت کے احسن اقدام ہیں آنے والے سالوں میں ملک پاکستان مسلم لیگ ن کی حکومت میں مزید ترقی پر گامزن ہوگا اس موقع پر شہید کانجو گروپ کے عاطف جامی امجد مان وحید خان سید علی شاہ عدیل چوہدری موجود تھے

اوکاڑہ تھانہ راوی کی حدود میں اوباش نوجوان کی لڑکی سے زبردستی زیادتی کی کوشش ملزم فرار پولیس نے مقدمہ درج کرلیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ تھانہ راوی کی حدود میں اوباش نوجوان کی لڑکی سے زبردستی زیادتی کی کوشش ملزم فرار پولیس نے مقدمہ درج کرلیا۔ تھانہ راوی کے علاقے لہی زریں میں ملزم علی حسنین نے محنت کش عارف کے گھر میں زبردستی داخل ہو کر اس کی بیٹی روبینہ کو زبردستی زیادتی کا نشانہ بنانے کی کوشش کی شور واویلا پر ملزم کو اہل محلہ نے پکڑ لیا جس کے ساتھی بعد ازاں اسے موقع سے چھڑوا کر فرار ہو گئے تھانہ راوی پولیس نے متاثرہ لڑکی کے بھائی کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارنے شروع کر دیئے ہیں ترجمان پولیس کے مطابق ملزم کو جلد گرفتار کر لیا جائے گا اور متاثرہ فیملی کو مکمل انصاف فراہم کیا جائے گا۔

رینالہ خورد تھانہ چوچک کی حدود چاہ امیر والا میں نوجوان لڑکی کا قتل

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) رینالہ خورد تھانہ چوچک کی حدود چاہ امیر والا میں نوجوان لڑکی کا قتل۔ غیرت کے نام پر حقیقی بہن کو قتل کرنے والا ملزم پولیس کی گرفت میں۔ ہفتہ قبل بہن کو قتل کرنے کے بعد ملزم فرار ہوگیا تھا۔ چوچک پولیس کی ایس ایچ او اختر خان کی سربراہی میں کامیاب کارروائی۔ پولیس کی تفتیشی ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے قاتل کو گرفتار کیا۔ ملزم افضال سے آلہ قتل بھی برآمد کر لیا گیا۔ ملزم نے ناجائز مراسم اور بدچلنی کے شبہ میں فائرنگ کر کے قتل کیا۔

تعلیم کے ساتھ تربیت اور ماحول بچے کے زندگی بدل دیتے ہیں، سردار ساجد فضل

وقت کے تقاضوں کو سمجھتے ہوئے علماء دین کو چاہیے کہ وہ دینی تعلیم کے ساتھ دنیاوی تعلیم کا بھی بندوبست کریں

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) علماء کرام ہمارے سر کا تاج ہیں۔ تعلیم کے ساتھ تربیت اور تربیت کے ساتھ ماحول بچے کے زندگی کا رخ بدل دیتے ہیں، سردار ساجد فضل۔ وقت کے تقاضوں کو سمجھتے ہوئے علماء دین کو چاہیے کہ وہ دینی تعلیم کے ساتھ دنیاوی تعلیم کا بھی بندوبست کریں اپنے تعلیمی ادارے بنائیں تاکہ علم بھی پھیلے اور انکی آمدنی کے وسائل بھی پیدا ہوں۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین پریس کلب کوٹ رادھا کشن سردار ساجد فضل نے میڈیا نمائندے سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ علماء کرام ہمارے سر کا تاج ہیں تعلیم کے ساتھ تربیت اور تربیت کے ساتھ ماحول بچے کے زندگی کا رخ بدل دیتے ہیں۔ مفتی عمران احمد جامی صاحب نے نیلو فر ڈہائی پورٹ (کوٹ رادھا کشن) کے ساتھ ایک بڑا زبردست تعلیمی ادارہ قائم کیا ہے جس میں دین و دنیاوی تعلیم دی جارہی ہے تعلیم کے ساتھ تربیت اور تربیت کے ساتھ ماحول بچے کے زندگی کا رخ بدل دیتے ہیں ان ننھی کلیوں کی دینی تعلیم ہم سب پر فرض بھی ہے اور قرض بھی ہے۔ اگر آپ اپنے بچے کی کارکردگی سے مطمئن نہیں ہیں تو مفتی صاحب کے سکول کا وزٹ ضرور کریں۔ اللہ کریم مفتی صاحب کے مال جان رزق میں برکت دے اور ادارے کو کامیابی دے۔

پتنگ سازی و پتنگ بازی کے خونی کھیل میں ملوث عناصر کے خلاف پاکپتن پولیس کی کارروائیاں جاری

عارفوالا (نامہ نگار نصر اللہ سے، امیر احمد خان) پتنگ سازی و پتنگ بازی کے خونی کھیل میں ملوث عناصر کے خلاف پاکپتن پولیس کی کارروائیاں جاری تھانہ صدر عارفوالہ پولیس کا پتنگ ساز فیکٹری پر چھاپہ، بھاری تعداد میں پتنگیں، کیمیکل ڈوریں اور خطرناک کیمیکل برآمد تفصیل کے مطابق وزیراعلی پنجاب مریم نواز اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق پاکپتن پولیس کا پتنگ سازی و پتنگ بازی کے خلاف کریک ڈاؤن، ڈی پی او پاکپتن جاوید اقبال چدھڑ کی ہدایت اور ڈی ایس پی سرکل ملک طارق اعوان کی سربراہی میں SHO عابد علی شق مہار تھانہ صدر عارفوالہ نے اپنی پولیس ٹیم اور ہیومن انٹیلیجنس کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے چک نمبر 145 ای بی میں پتنگ سازی کی منی فیکٹری پکڑ لی۔ فیکٹری میں بڑے پیمانے پر انسان دشمن خطرناک کیمیکل ڈور بنانے کا کام جاری تھا تھانہ صدر پولیس عارفوالا نے ملزم حاجی محمد ولد محمد اسحاق قوم کمبوہ کو پتنگ بازی میں استعمال ہونے والی خطرناک کیمیکل ڈور بناتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔

ساہیوال پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کی ڈائریکٹر انفارمیشن آفس آمد

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ساہیوال پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کی ڈائریکٹر انفارمیشن آفس آمد، ڈائریکٹر انفارمیشن محمد عقیل اشفاق نے نومنتخب عہدیداران کو کامیابی پر مبارکباد دی، عوام کے مسائل اجاگر کرنے میں ساہیوال پریس کلب کے ممبران نے ہمیشہ مثبت کردار ادا کیا جو لائق تحسین ہے۔ صحافیوں کو درپیش مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے۔ ڈائریکٹر انفارمیشن۔ تفصیلات کے مطابق ساہیوال پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران نے ڈائریکٹر انفارمیشن محمد عقیل اشفاق سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ وفد میں سینئر نائب صدر سید طمطراق شاہ محاسن شاہی، نائب صدر میاں وسیم ریاض، جنرل سیکرٹری نوید غنی، جائنٹ سیکرٹری میاں محمد رمضان، فنانس سیکرٹری راؤ محمد عتیق اور انفارمیشن سیکرٹری محمد ارشد فریدی شامل تھے۔ انہوں نے نومنتخب عہدیداران کو کامیابی پر مبارکباد دی اور ان کے بھرپور تعاون پر شکریہ ادا کیا۔

اپنا روزگار سکیم غریب خاندانوں کے لئے خوشحالی کا باعث ہے: ڈاکٹر عظیم الدین

الہ آباد (نامہ نگار) اپنا روزگار سکیم غریب خاندانوں کے لئے خوشحالی کا باعث بنے گی قرض حسنہ کی سنت کو زندہ کر کے بہت زیادہ ثواب ملتا ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے ممبر قومی اسمبلی ڈاکٹر عظیم الدین لکھوی نے الہ آباد میں مرکزی مسلم لیگ کے جنرل سیکرٹری پروفیسر سیف اللہ قصوری کی جانب سے بلاسود اپنا روزگار سکیم کے تحت سو سے زائد لوڈر رکشے دینے کی ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پورا ملک سود کی لعنت میں مبتلاء ہو چکا ہے سرکاری اور غیر سرکاری ادارے اعلانیہ طور پر سودی کاروبار کر کے اللہ اور اس کے رسول کے خلاف اعلانیہ جنگ کر رہے ہیں پروفیسر سیف اللہ قصوری کی جانب سے بلاسود قرض حسنہ دیکر اللہ کے نبی کی سنت کو پھر سے زندہ کر دیا ہے۔

ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے تھانہ راوی اور تھانہ چوچک کا اچانک دورہ کیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے تھانہ راوی اور تھانہ چوچک کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران تھانہ کے فرنٹ ڈیسک، ریکارڈ، حوالات اور تھانہ کی بلڈنگ سمیت تمام متعلقہ امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ تھانوں میں موجود تفتیشی افسران کو اشتہاری مجرمان، سنگین نوعیت کے مقدمات میں ملوث ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کر کے مقدمات کو میرٹ پر یکسو کرنے کی ہدایات۔ اس موقع پر ڈی پی او راشد ہدایت نے کہا کہ تھانہ میں آنے والی اللہ تعالی کی مخلوق کی معاونت و امداد عبادت سمجھ کر کریں اور شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں۔ شہریوں کی جان و مال اور عزت کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ تھانوں کے دوروں کا مقصد پولیس افسران کی کارکردگی کو جانچنا اور استعداد کار میں اضافہ کرنا ہے۔

تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن اور گرین بیلٹس کی تزئین وآرائش کا کام جاری

ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی کے نظام، تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن اور گرین بیلٹس کی تیاری کے کاموں کا جائزہ لیا

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حافظ آباد میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی ستھرائی، تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن اور گرین بیلٹس کی تزئین و آرائش کا کام جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی کے نظام، تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن اور گرین بیلٹس کی تیاری کے کاموں کا جائزہ لیا۔ ضلعی انتظامیہ اور میونسپل کمیٹی کی جانب سے جلال پور روڈ، قلعہ صاحب سنگھ بائی پاس اور دیگر علاقوں میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کیا جبکہ بعض شہریوں اور دوکانداروں نے قائم کی جانے والی غیر قانونی تجاوزات کو خود سے گرانا شروع کر دیا۔ ضلعی انتظامیہ اور میونسپل کمیٹی کی جانب سے جلالپور روڈ، قلعہ صاحب سنگھ بائی پاس اور دیگر علاقوں میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کیا جبکہ بعض شہریوں اور دکانداروں نے قائم کی جانے والی غیر قانونی تجاوزات کو خود سے گرانا شروع کر دیا۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے گوجرانوالہ روڈ، گڑھی اعوان، سرکاری پڑاؤ، علی پور روڈ، کھوکی روڈ، جلالپور روڈ، کوٹ سرور روڈ، قلعہ صاحب سنگھ بائی پاس سمیت دیگر علاقوں اور مقامات کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ستھرا پنجاب کے تحت کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ شہر کے پارکوں کو بہتر بنایا جا رہا ہے اور دوسری جانب شہر کی تمام اہم سڑکوں کی گرین بیلٹس، چوکوں اور دیگر عوامی مقامات کی تزئین و آرائش، نئی گھاس اور پودے لگانے کا کام بھی شروع کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ تجاوزات کے خلاف بلاتفریق آپریشن کلین اپ جاری رہے گا۔ عوام اپنے علاقوں، گلی محلوں کی صفائی ستھرائی کو بہتر بنانے کے لیے ایم سی اور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے اہلکاروں سے تعاون کریں۔

ملک کی ترقی کا اندازہ اس کی شرح خواندگی سے لگایا جاسکتا ہے: چوہدری عمران علی

یہ وہ بنیاد ہے جس پر افراد اپنی زندگی بناتے ہیں اور اپنے مستقبل کو تشکیل دیتے ہیں

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو بیورو) معروف سینئر کالم نگار چوہدری عمران علی چیمہ نے کہا ہے کہ کسی بھی ملک کی ترقی کا اندازہ اس کی شرح خواندگی سے لگایا جاسکتا ہے۔ تعلیم ایک بنیادی حق ہے اور انسانی ترقی کا کلیدی جزو ہے۔ یہ وہ بنیاد ہے جس پر افراد اپنی زندگی بناتے ہیں اور اپنے مستقبل کو تشکیل دیتے ہیں۔ تعلیم لوگوں کو پیداواری اور بھرپور زندگی گزارنے اور معاشرے میں بامعنی حصہ ڈالنے کے لیے ضروری ہنر اور علم فراہم کرتی ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ ہم تعلیم کی اہمیت کو پہچانیں اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کام کریں کہ یہ سب کے لیے قابل رسائی ہو لیکن افسوس ہے کہ چار سال گزر گئے مگر گوجرانوالہ ابھی تک یونیورسٹی سے محروم ہے، جو پنجاب حکومت کی نااہلی اور نالائقی کا منہ بولتا ہے گوجرانوالہ پاکستان کا پانچواں بڑا انڈسٹریل شہر جو کہ اعلی تعلیم کی بنیادی سہولیات سے محروم ہے، المیہ سے کم نہیں ہے۔ یہاں 77 سال گزر جانے کے بعد بھی آج تک ایک اپنی سرکاری یونیورسٹی بھی موجود نہیں ہے۔ جس کی وجہ سے ہر سال 25 ہزار طلبہ و طالبات کو شہر سے باہر جا کر تعلیم حاصل کرنی پڑتی ہے۔ گوجرانوالہ یونیورسٹی کی بنیاد رکھی ہوئی ہے۔ لیکن ابھی تک کوئی خاطر خواہ کام نہیں ہو سکا ہے۔ کئی قرار دادیں اسمبلیوں میں پیش کی گئی ہیں۔ مگر حکومت کے کانوں پر جوں بھی نہیں رینگ رہی ہے۔ گوجرانوالہ کو ہر بار نظر انداز کیا گیا ہے، ڈویژن کے دیگر چھوٹے اضلاع گجرات، سیالکوٹ، نارووال اور حافظ آباد میں تو یونیورسٹیاں بن چکی ہیں مگر ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ابھی تک یونیورسٹی سے محروم ہے، جس کیلئے یہاں کے تمام اراکین اسمبلی عوام کے سامنے جواب دہ ہیں۔ چوہدری عمران چیمہ نے مزید کہا کہ تعلیم انسانی ترقی کا ایک اہم جز ہے اور افراد کی زندگیوں اور معاشروں کے مستقبل کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ یہ افراد کو زندگی میں کامیاب ہونے کے لیے ضروری مہارتیں اور علم فراہم کرتا ہے، متنوع پس منظر کے لوگوں کے لیے ہمدردی اور سمجھ بوجھ کو فروغ دیتا ہے۔

ڈپٹی کمشنر نے پانچ روزہ قومی انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر دیا

سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اسلم چوہدری و ڈاکٹر احمد ناصر پولیو مہم لیڈ کرینگے۔ بنیادی مرکز صحت مراد پور میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے، ڈی ایچ او ز ڈاکٹر وسیم مرزا، ڈی ایس سی ڈاکٹر شہزاد اقبال، ڈاکٹر احمد ناصر چوہدری، ڈاکٹر سلمان اکبر اور میڈیکل آفیسر ڈاکٹر سدرہ گیلانی بھی موجود تھی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ 3 فروری سے ضلع سیالکوٹ سے امسال کی پہلی پانچ روزہ قومی انسداد پولیو مہم کا آغاز کیا جائے گا مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر 7 لاکھ 95 ہزار 877 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے قومی انسداد پولیو مہم میں مجموعی طور پر 6 ہزار 288 پولیو ورکرز حصہ لیں گے جن کو کل 2879 ٹیموں میں تقسیم کیا گیا ہے، 2 ہزار 276 موبائل ٹیمیں گھر گھر جا کر، تعلیمی اداروں، جھونپڑ بستیوں، بھٹوں اور کچی آبادیوں میں، 133 فکسڈ/رومنگ ٹیمیں بنیادی و دیہی مراکز صحت اور ہسپتالوں میں جبکہ 69 ٹرانزٹ ٹیمیں مسافر بچوں کو بس اسٹینڈ/اسٹاپس، اہم اور مصروف چوکوں اور ریلوے اسٹیشن پر بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کا قومی فریضہ انجام دیں گے۔

CRIME
& COURT
جرم و سزا

کمہار نوالا والا چوک کے قریب تیز رفتار کار نے سائیکل سوار بچے کو کچل دیا

عارف والا (راو ندیم تحصیل رپورٹر) کمہار نوالا والا چوک کے قریب تیز رفتار کار نے سائیکل سوار بچے کو کچل دیا 13 سالہ ارسلان موقع پہ ہی جاں بحق پولیس نے کار اور ڈرائیور کو حراست میں لے لیا۔۔ 13 سالہ ارسلان ولد ارشد سکنہ 59 ای بی اپنی سائیکل پہ بازار جا رہا تھا کہ نصرا ہوٹل کے قریب حادثہ پیش آگیا جس سے ارسلان موقع پہ ہی دم توڑ گیا۔۔ زرائع پولیس نے کار اور ڈرائیور کو حراست میں لے لیا جو کہ اوکاڑہ کا رہائشی ہے کار ڈرائیور گاڑی سمیت تھانہ منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی جاری ہے۔

حفیظ چدھڑ چوکی انچارج نے بروقت کاروائی کرتے ہوئے فراڈ کی رقم سمیت ملزمان کو گرفتار کرلیا

پاکپتن (محمد عمران جنجوعہ، قوت) جعلی سرکاری ملازمین تھانہ شاہبور نے دھر لیے حفیظ چدھڑ چوکی انچارج نے بروقت کاروائی کرتے ہوئے فراڈ کی رقم سمیت ملزمان کو گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق رمضان ولد اشرف قوم میں سکنہ 39 تویر حسین ولد غلام عباس خود کو بے نظیر انکم سپورٹ افیسر ظاہر کر کے 43 فور ایل میں خواتین کو راشن سکیم میں رجسٹرڈ کرنے کے بہانے پسے بٹور رہے تھے اور ڈیواس کی مدد سے بے نظیر سکیم کے پیسے بھی نکال رہے تھے نوسر بازی کی اطلاع ملتے ہی حفیظ چدھڑ چوکی انچارج تھانہ شاہبور نے ریٹ کر کے جعلی سرکاری افسران کو گرفتار کر لیا اور مقدمہ 48/25 درج کر لیا زرائع کے مطابق اے ایس آئی حفیظ چدھڑ کو کھلم کھلا بھاری رشوت کی پیش کش کی گی جو انھوں نے لینے سے انکار کر دیا اس موقع پہ چوکی انچارج نے میڈیا کو بتایا جرائم کے خاتمہ کے لیے ڈی پی او اوکاڑہ راشد ھدایت ڈی ایس پی صدر سرکل اور ایس ایچ او تھانہ شاہبور سلیم سکیھرا کے ویژن مطابق متحرک ھیں جرائم پیشہ عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ھیں۔

حکومت نے آزادی رائے پر مکمل پابندی لگا دی ہے: ملک حامد رضا

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حکومت نے آزادی رائے پر مکمل پابندی لگا دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پریس کلب حافظ آباد کے سابق جنرل سیکرٹری ملک حامد رضا نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے آزادی رائے پر مکمل پابندی لگا دی ہے اور ایسے پیکا جیسے قانون بنانے کا مقصد ہے کہ حکومت کی غلط پالیسیوں پر کوئی بات نہ کر سکے اس پیکا جیسے کالے قانون کی مذمت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت ایسے کالے قانون میں ترامیم کر کے صحافیوں کی زبان بندی نہیں کر سکتی جبکہ تاریخ گواہ ہے کہ ایسی پابندیاں ہمیشہ بغاوت کو جنم دیتی ہیں، انہوں نے مزید گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت ساری توجہ آزادی اظہار رائے پر پابندی لگانے کی بجائے اگر اتنی محنت مسائل حل کرنے پر لگائے تو ایسے قانون بنانے کی ضرورت ہی نہ پڑے دوسرا صحافی برادری نے پہلے بھی پیکا اور ہتک عزت جیسے کالے قانون کے نفاذ کے خلاف جدوجہد کی ہے اور اب بھی ہر فورم پر ایسے کالے قوانین کے خلاف آواز بلند کرتے رہیں گے، ملک حامد رضا نے کہا کہ صحافی ابھی زندہ ہے اور ہر ایسے کالے قانون کی مخالفت کرے گے جو آزادی صحافت کے خلاف ہو گا سنیئر صحافی حافظ آباد کی شان جھفر بن یار نے اس کالے قانون کے خلاف رٹ دائر کر دی ہے ان شاالل× جلدی اس قانون کا خاتمہ ہوگا اور صحافی اپنی کوریج آسانی سے کر سکے گیے اس کے ساتھ ساتھ صحافیوں کو بھی چاہیے کے جو اچھے کام اس حکومت میں ہو رہے ہیں ان کی اچھے طریقے سے پروجیکشن کی جاے اپنا گھر دھی رانی ستھرا پنجاب انکروچمنٹ یہ سب بہت اچھے کام ہے

ماہ جنوری میں دوران واردات چھین گیا 89 لاکھ 78 ہزار روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ماہ جنوری میں دوران واردات چھینا گیا 89 لاکھ 78 ہزار روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال رانا طاہر رحمان کی زیر قیادت ساہیوال پولیس نے خطرناک گینگز کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 3 گینگز کے 12 ارکان کو گرفتار کر لیے۔ ساہیوال پولیس نے ماہ جنوری میں منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 153 مقدمات درج کر کے 155 ملزمان گرفتار کو گرفتار کیا جن کے قبضہ سے 78 کلو گرام چرس، 7 کلو گرام سے زائد ہیروئین، 1708 لیٹر شراب اور 1 کلو گرام سے زائد آئس برآمد کر لی۔ اور ساہیوال پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 100 ملزمان کو گرفتار کر کے 07 رائفل، 04 شاٹ گنز، 02 کلاشنکوف، 04 کاربین اور 85 پسٹل/ریوالور برآمد کر لیے۔

جہلم ٹریفک پولیس کی عدم دلچسپی اندرون شہر کی سڑکوں پر کم عمر بچے چنگ چی رکشے موٹر سائیکلیں چلانے لگے ٹریفک حادثات روزانہ کا معمول

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ٹریفک پولیس کی عدم دلچسپی اندرون شہر کی سڑکوں پر کم عمر بچے چنگ چی رکشے موٹر سائیکلیں چلانے لگے ٹریفک حادثات روزانہ کا معمول ٹریفک پولیس کم عمر ڈرائیورز کو کنٹرول کرنے میں ناکام شہریوں کا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق جہلم شہر اور گردونواح میں ٹریفک پولیس کی عدم دلچسپی کی وجہ سے اندرون شہر ٹریفک نظام درہم برہم ہو چکا ہے سڑکوں پر کم عمر چنگ چی رکشہ ڈرائیورز سواریاں بٹھا کر سڑکوں پر رکشے موٹر سائیکل اور گاڑیاں دوڑاتے نظر آتے ہیں جس وجہ سے آئے روز شہر اور گردونواح میں حادثات ہو رہے ہے شہریوں نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈی ایس پی ٹریفک سے شہر کے داخلی خارجی راستوں سمیت اہم چوک چوراہوں میں ٹریفک پولیس کے جوان تعینات کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

تھانہ صدر کے علاقے چٹی کہ راجگان موڑ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ بیلہ کے رہاشی چوہدری حنیف کو قتل کر دیا گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) تھانہ صدر کے علاقے چٹی کہ راجگان موڑ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ بیلہ کے رہاشی چوہدری حنیف کو قتل کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر کے علاقے چٹی راجگان موڑ پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے بیلہ کے رہاشی چوہدری حنیف کو قتل کر دیا قابل زکر بات یہ ہے کہ چند برس قبل چوہدری حنیف کے بیٹے گوگا کو بھی قتل کیا گیا تھا واقع کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او تھانہ صدر چوہدری ناصر گجر پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے اور لاش کو ضروری کارروائی کے لیے سول اسپتال منتقل کر دیا گیا پوسٹمارٹم کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی جائے گی

اشتہاری ملزمان پولیس کو چکمہ دیکر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) اشتہاری ملزمان پولیس کو چکمہ دیکر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے پولیس کو مخبر خاص نے اطلاع دی کہ پولیس کو مطلوب اشتہاری ملزمان خضر اور مدثر اس وقت گلوٹیاں کلاں اور سرانوالی میں اسامہ اور عباد کیساتھ موجود ہیں پولیس نے اشتہاری ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپہ مارا تو انہوں نے پولیس آگئی کا شور مچا دیا جس پر اشتہاری ملزمان پولیس کو چکمہ دیکر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

نارنگ منڈی کے مختلف دیہات میں بجلی چوروں کے خلاف آپریشن

بجلی چوروں کو کسی صورت بھی معافی نہیں ملے گی: منیجر عمران مبشر سلمان مجید

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) لیسکو نارنگ کا پاکستان رینجرز پولیس اور حساس اداروں کے ہمراہ نارنگ منڈی کے مختلف دیہات میں بجلی چوروں کے خلاف آپریشن 9 بجلی چور گرفتار 15 لاکھ روپے جرمانے مقدمات درج تفصیل کے کے مطابق اسٹنٹ منیجر سب ڈویژن نارنگ ساؤتھ عمران مبشر اور نارتھ سلمان مجید لیسکو ملازمین نے حساس اداروں پاکستان رینجرز پولیس کے ہمراہ نارنگ منڈی کے مختلف دیہات مردانہ چکرالی بریار پسیانوالہ اور جنڈیالہ کلساں میں بجلی چوروں کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے 9 بجلی چوروں کو رنگے ہاتھوں پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا سٹی پریس کلب میں گفتگو کرتے ہوئے اسٹنٹ منیجر عمران مبشر سلمان مجید کا کہنا تھا کہ بجلی چوروں کو کسی صورت بھی معافی نہیں ملے گی 9 بجلی چور گرفتار کر کے مقدمات درج کیے گئے ہیں جبکہ لیسکو کے نادہندگان سے 15 لاکھ روپے ریکوری کی گئی ہے بجلی چوری کے خاتمہ اور مکمل بقایاجات کی وصولی تک یہ آپریشن روزانہ کی بنیاد پر جاری رہے گا۔

اقلیتی برادری کی جان ومال عزت اور عبادت گاہوں کا تحفظ پولیس یوسف والا پر فرض ہے

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) اقلیتی برادری کی جان و مال عزت اور عبادت گاہوں کا تحفظ پولیس یوسف والا پر فرض ہے کیونکہ پاکستان کے تمام علاقہ جات میں تمام اقلیتی برادری کو برابر کے حقوق حاصل ہیں (اے ڈی شاہین۔ ذیشان اکرم) تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق آر پی او ساہیوال میاں محبوب رشید ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان اور ایس ڈی پی او صدر سرکل راؤ سین کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ یوسف والا اے ڈی شاہین اور چوکی انچارج گیمبر ذیشان اکرم کی علاقہ تھانہ یوسف والا اور پولیس چوکی گیمبر کے علاقے میں اقلیتی برادری کے سات چرچ کی سکیورٹی کے حوالے سے گیمبر پریس کلب رجسٹرڈ کے سینئر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اقلیتی برادری کی جان و مال عزت اور عبادت گاہوں کا تحفظ پولیس یوسف والا پر فرض ہے کیونکہ پاکستان کے تمام علاقہ جات میں تمام اقلیتی برادری کو برابر کے حقوق حاصل ہیں پولیس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے خون اور آخری سانس تک اقلیتی برادری کا تحفظ کریں گے

تھانہ یوسف والا کے علاقے میں معصوم بچہ درندہ صفت انسان کی ہوس کا نشانہ بن گیا

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) تھانہ یوسف والا کے علاقے میں معصوم بچہ درندہ صفت انسان کی ہوس کا نشانہ بن گیا نواز نامی نوجوان معصوم بچے عثمان کو زبردستی بدفعلی کا نشانہ بنا ڈالا حالت غیر میں چھوڑ کر فرار ہو گیا پولیس تھانہ یوسف والا نے مقدمہ درج کر لیا تفصیلات کے مطابق ساہیوال صدر سرکل تھانہ یوسف والا کے نواحی گاؤں چک 46 پانچ ایل میں زمیندار تاج دین کے کمسن بچے محمد عثمان سے نواز نامی نوجوان نے جبر ابدفعلی کی اور فرار ہو گیا پولیس تھانہ یوسف والا نے والد تاج دین کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کر دی متاثرہ بچے کے والد تاج دین کا وزیراعلی پنجاب مریم نواز۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور آر پی او ساہیوال میاں محبوب رشید ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ درندہ صفت نواز کو گرفتار کر کے قرار واقعہ سزا دلوائی جائے اور ہمیں انصاف فراہم کیا جائے تاکہ قانون اور انصاف کا بول بالا رہ سکے

نارنگ پولیس کی کارروائی ڈیڑھ کلو چرس برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کرلیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ پولیس کی کارروائی ڈیڑھ کلو چرس برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کرلیا تفصیل کے مطابق ایس ایچ او تھانہ نارنگ انسپکٹر سید ظہیر عالم شاہ نے بھچڑ کے قریب منشیات فروشوں کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے ملزم جبار عرف جباری سے 1500 گرام چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے ایس ایچ او سید ظہیر عالم شاہ کا کہنا تھا کہ ملزم ریکارڈ یافتہ اور سزا یافتہ بھی ہے جس پر منشیات فروشی کے کئی مقدمات درج ہیں ملزم کو رنگے ہاتھوں پکڑ کر ڈیڑھ کلو چرس قبضہ میں لے کر گرفتار کر لیا گیا ہے منشیات فروش معاشرے کی تباہی کے ذمہ دار ہیں ان سے رعایت کسی صورت ممکن نہیں چند روز میں منشیات فروشوں کے خلاف متعدد کارروائیاں کرتے ہوئے 30 کلو سے زائد چرس ہیروئن آئس اور چار سو لیٹر سے زائد شراب برآمد کی گئی ہیں جرائم فری نارنگ کے مشن پر عمل پیرا ہیں سماجی تنظیمیں معززین علاقہ شہری جرائم کی نشاندہی کیلئے پولیس سے بھرپور تعاون کریں تاکہ ناسوروں کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

اوکاڑہ: جرائم کی شرح میں 44 فیصد کمی، اعداد وشمار جاری

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ۔ جرائم کی شرح میں 44 فیصد کمی، اعداد وشمار جاری۔ رواں سال پہلے ماہ میں وارداتوں میں ملوث 11 گینگز کا خاتمہ۔ گینگز کے 34 ارکان گرفتار، 01 کروڑ 91 لاکھ روپے کا مال مسروقہ برآمد۔ 29 لاکھ مالیت کے 80 موبائل فونز برآمد، مالکان کے حوالے کیے۔ ملزمان سے 93 پسٹل، 08 رائفلز، 3 کلاشنکوف، 2 ریوالور اور 276 گولیاں برآمد۔ منشیات برآمدگی پر 139 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ملزمان سے 68 کلو چرس، ہیروئن 1110 گرام، افیون 1500 گرام اور آئس 640 گرام برآمد۔ 2286 لیٹر شراب، 08 چالو بھٹیاں برآمد۔ اشتہاری و عادی مجرمان کے خلاف بھی موثر کارروائیاں۔ 580 اشتہاری ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ سنگین جرائم میں ملوث اے کیٹیگری کے 51 بی کیٹیگری کے 379 مجرمان، عدالتی مفروران 55 اور 45 ٹارگٹڈ آفینڈرز گرفتار۔ شہر میں ایس او ایس ناکے، سرچ آپریشنز اور کرائم پاکٹس پر موثر گشت کو یقینی بنایا گیا۔ جرائم کے خاتمے کیلئے انٹیلی جنس آپریشنز اور کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جائے گی۔

شارٹ سرکٹ کے باعث لگنے والی آگ سے 8 سالہ بچی جھلس کر جاں بحق

عارف والا (راو ندیم تحصیل رپورٹر) نواحی گاؤں 11 ای بی میں شارٹ سرکٹ کے باعث لگنے والی آگ سے 8 سالہ بچی جھلس کر جاں بحق۔۔ زرائع عارف والا/گاؤں 11 ای بی میں ایک گھر کے کمرے میں شارٹ سرکٹ کے باعث آگ بھڑک اٹھی آگ لگنے کے وقت تمام افراد گھر سے باہر تھے۔۔ زرائع آگ لگنے کے وقت ساجد نامی شخص کی آٹھ سالہ بیٹی مریم کمرے میں سوری تھی جو جھلس کر دم توڑ گئی۔ زرائع واقعہ تھانہ رنگ شاہ کی حدود چک 11 ای بی میں پیش آیا۔

ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس حامد ناصر گوارئیہ، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ظہیر احمد، ڈی ایچ او ڈاکٹر فائق علی تارڑ اور دیگر ڈاکٹروں نے ٹراما سنٹر کا دورہ کیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس حامد ناصر گوارئیہ، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ظہیر احمد، ڈی ایچ او ڈاکٹر فائق علی تارڑ اور دیگر ڈاکٹروں نے ٹراما سنٹر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے جلالپور بھٹیاں کار حادثہ میں زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کی۔ اس موقع پر انہوں نے ڈاکٹروں اور دیگر سٹاف کو ہدایت کی کہ زخمیوں کو تمام طبی سہولیات فراہم کیا جائیں اور اس میں کسی قسم کی کوئی کوتاہی یا غفلت نہیں ہونی چاہیے۔ جلالپور بھٹیاں کے قریب کار حادثہ کے دوران پانچ افراد جاں بحق جبکہ دو شدید زخمی ہو گئے تھے۔ اس حادثے پر ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے فوری طور پر ضلعی انتظامیہ کے افسران، محکمہ صحت کے ڈاکٹرز کو ہدایت کی کہ وہ زخمیوں کو علاج معالجہ کی تمام سہولیات بروقت فراہم کریں۔ سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ظہیر احمد کا کہنا تھا کہ حادثہ کے جاں بحق افراد کی لاشیں ضروری کاروائی کے بعد ورثاء کے حوالہ کر دی گئی ہیں جبکہ زخمیوں کو تمام تر طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔

وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق خواتین کے حقوق کے تحفظ کیلئے عملی اقدامات جاری

چنیوٹ: انچارج اینٹی ویمن ہراسمنٹ اینڈ وائلنس سیل، سب انسپکٹر لاریب شاہد خواتین کے مسائل سن رہی ہیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق خواتین کے حقوق کے تحفظ کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ اینٹی ویمن ہراسمنٹ اینڈ وائلنس سیل میں خواتین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے۔ ماہ جنوری میں اینٹی ویمن ہراسمنٹ اینڈ وائلنس سیل کو مختلف 35 سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں۔ گزشتہ ماہ کے دوران گھریلو تشدد× لڑائی جھگڑے×، میاں بیوی کے لڑائی جھگڑے کی 20 درخواستیں موصول ہوئیں۔ ایک ماہ میں ہراسمنٹ 10، لین دین و دیگر معاملات کی 15 سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں۔ تمام درخواستوں پر خواتین کے مسائل کو حسب ضابطہ کاروائی کرتے ہوئے حل کیا گیا۔ اس حوالے سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سب انسپکٹر لاریب شاہد کا کہنا تھا کہ اینٹی ویمن ہراسمنٹ اینڈ وائلنس سیل میں آگاہی مہم کے ساتھ خواتین کے تحفظ کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ خواتین کسی بھی ایمرجنسی صورتحال میں ویمن سیفٹی

ٹریفک کے مختلف حادثات میں 13 افراد زخمی ہو گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ٹریفک کے مختلف حادثات میں 13 افراد زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق پنجاب ایمرجنسی سروس ڈسٹرکٹ چنیوٹ کے ترجمان کے مطابق ضلع بھر میں ٹریفک حادثات وواقعات میں چھ خواتین سمیت تیرہ افراد زخمی ہوئے جن کو ریسکیو 1122 کے عملہ نے طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتال منتقل کر دیا۔

پولیس نے مختلف مقامات پر بھیک مانگنے والی 3 خواتین اور گداگر نوجوان کو پکڑ کر مقدمات درج کر لیے

مصطفی آباد للیانی (نامہ نگار) پولیس نے مختلف مقامات پر بھیک مانگنے والی 3 خواتین اور گداگر نوجوان کو پکڑ کر مقدمات درج کر لیے، پولیس نے اڈا بس سٹاپ پر بھکاری کا لبادہ اوڑھ کر دھوکہ دہی سے بھیک مانگنے والے راوی روڈ کے رہائشی نوجوان آصف کو گرفتار کر لیا، علاوہ ازیں نہر ٹول پلازہ پر کھڑی ہو کر گاڑیوں میں بیٹھے لوگوں سے مانگنے والی امیر کالونی کی رہائشی گداگر خواتین طیبہ، سعدیہ اور فرزانہ کو پولیس نے ہمراہ لیڈی کانسٹیبل گرفتار کر لیا۔

تھانہ چوٹالہ کے علاقہ ھون ھموالہ میں جوان سالہ لڑکی گولی لگنے سے جاں بحق

جہلم (بیورو رپورٹ) تھانہ چوٹالہ کے علاقہ ھون ھموالہ میں جوان سالہ لڑکی گولی لگنے سے جاں بحق۔ پولیس نے لاش کو تحویل میں لے کر گزشتہ روز پوسٹمارٹم کے لئے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر اسپتال منتقل کر دیا تھا تفصیلات کے مطابق تھانہ چوٹالہ کے علاقہ ہون ہموالہ میں گزشتہ روز گولی چلنے سے جواں سالہ لڑکی جاں بحق ہو گئی تھی پولیس نے وقوع کو مشکوک قرار دیتے ہوئے مقتولہ کے دو بھائیوں سمیت پانچ افراد کو حراست میں لے لیا تھا۔ پولیس کو شعبہ ہے کہ لڑکی کو گولی مار کر قتل کیا گیا ہے جس کی وجہ سے پولیس نے سرکار کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے دوسری جانب لواحقین کا موقف ہے کہ مقتولہ پسٹل کے ساتھ ٹک ٹاک ویڈیو بناتے ہوئے خود حادثاتی طور پر گولی چلنے سے جاں بحق ہوئی ہے جبکہ پولیس کا کہنا ہے کہ لواحقین کے بیانات میں واضح تضاد کی وجہ سے معاملہ مشکوک ہوا ہے۔ پوسٹمارٹم رپورٹ کے بعد اصل حقائق سامنے آجائیں گے۔

4247
P S R M'S

"قوت" کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت لاہور

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ بقیہ جات 1

گیا، نواز شریف، شہباز شریف اور مریم نواز کے حلقوں میں ہمارے انتخابی کیمپ اکھاڑے گئے ہمارے پولنگ ایجنٹوں کو بھی داخل نہیں ہونے دیا گیا، پی ٹی آئی کی خواتین رہنما ؤں ، امیدواروں کو جیلوں میں ڈالا گیا، پی ٹی آئی کے امیدواروں تصدیق اور تائید کنندہ تک کو اغوا کیا گیا تاکہ وہ اپنے کاغذات نامزدگی داخل نہ کرا سکیں ، پی ٹی آئی لیڈرشپ پر میڈیا میں بین لگوایا گیا، اہم ترین دفاتر کو سیل کیا گیا، انتخابی مہم چلانے سے روکا گیا، سیاسی آروز کو تعینات کیا گیا، غیر قانونی طریقے سے کاغذات نامزدگی مسترد کیے گئے، انتخابی فہرستوں سے ووٹرز کے نام نکالے گئے، سپریم کورٹ کے واضح احکامات کی بھی خلاف ورزی کی گئی۔ ای سی پی نے سابق وزیراعظم اور سابق چیئرمین پی ٹی آئی، عمران خان کو نااہل کرنے کے لئے ایک طے شدہ اسکیم پر عمل درآمد کیا اور انہیں پی ٹی آئی کے چیئرمین کے طور پر ہٹا دیا اور اس طرح انہیں سیاست میں حصہ لینے اور پی ٹی آئی کو سیاسی جماعت کے طور پر نقصان پہنچانے سے غیر فعال کر دیا اور پھر پی ٹی آئی کو مکمل طور پر "نااہل" کر دیا گیا، پہلا قدم جو ای سی پی کے ذریعہ لیا گیا تھا جو آئین اور قانون کے منافی ہے، اور اس نے آرٹیکل 218 کے تحت اس کے آئینی فرض اور ذمہ داری کی خلاف ورزی کی تھی، سابق وزیر اعظم عمران خان کو قومی اسمبلی نشست (میانوالی) سے الگ کرنا تھا (میانوالی)۔ یہ ای سی پی نے اسپیکر قومی اسمبلی کے کہنے پر کیا تھا جو مسلم لیگ (این) سے تعلق رکھتے تھے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے آرٹیکل 63(1) کے تحت ایک حوالہ بھیجا جس میں غلط الزام لگایا گیا تھا کہ سابق وزیر اعظم عمران خان کو ان کے ذریعہ موصول ہونے والے کچھ تحائف کا اعلان نہ کرنے پر نااہل کر دیا گیا ہے۔ یہ حوالہ آئین کے تحت نہیں تھا اور نہ ہی ای سی پی قانون کی عدالت ہے جو پارلیمنٹ کے ایک رکن ممبر کو نااہل قرار دے سکتی ہے۔ تاہم ، ای سی پی نے 2023/12/19 کے حکم نامہ کے قانون کی واضح اور صریح خلاف ورزی کرتے ہوئے فیصلہ کیا ہے کہ سابق وزیر اعظم عمران خان نے اثاثوں کو غلط انداز میں پیش کیا ہے اور انہیں قومی اسمبلی کی نشست سے نااہل قرار دے دیا گیا، اس کے علاوہ ایک بدنیتی کے تحت الیکشن میں، اور مسٹر خان کو مستقبل کے انتخابات میں مقابلہ کرنے سے نااہل کرنے کے ارادے سے، ای سی پی نے بھی اسی حکم میں 2023/12/19 کو، مسٹر خان کے خلاف فوجداری مقدمہ دائر کرنے کا فیصلہ کیا۔ ای سی پی کے اس غیر قانونی اور بدنیتی فیصلے کو اسلام آباد ہائی کورٹ کے سامنے چیلنج کیا گیا تھا۔ اس رٹ پٹیشن کے دوران ، سابق وزیر اعظم عمران خان کو پی ٹی آئی کی صدارت سے ہٹانے کے لئے ای سی پی کے ذریعہ مزید ایک نوٹس جاری کیا گیا۔ اس کی بنیاد پر ، لاہور ہائی کورٹ میں ایک اور رٹ پٹیشن دائر کی گئی تھی جو اس عدالت کے فل بینچ کے سامنے زیر التوا ہے۔ یہاں یہ ذکر کیا گیا ہے کہ ای سی پی اسلام آباد ہائی کورٹ اور لاہور ہائیکورٹ کے سامنے اپنے غیر قانونی حکم اور نوٹس کی حمایت کر رہا ہے اور سابق وزیر اعظم اور پی ٹی آئی کو نقصان پہنچانے کے لئے گرینڈ اسکیم کے پیش نظر سختی سے عمل کیا جا رہا ہے۔۔ اور جسٹس عامر فاروق کے آرڈر کے مطابق 06.12.2023 نے فیصلہ کیا کہ اس معاملے کو واپس نہیں لیا جائے گا۔ سابق وزیر اعظم عمران خان نے سی پی ایل اے نمبر 2024/27 میں سپریم کورٹ پاکستان میں واپسی کی درخواست کے خلاف اسلام آباد ہائی کورٹ کے حکم کو چیلنج کیا ہے جو ابھی سماعت کے لئے زیر التوا ہے۔ (vii) مذکورہ بالا سابق وزیر اعظم عمران خان کو پاکستان کے سب سے زیادہ مقبول رہنما ہونے کے باوجود ملک میں سیاست سے دور رکھنے میں ای سی پی کی بدنیتی ہے۔ ای سی پی کو غیر جانبدار رہنے کی ضرورت ہے۔ پھر بھی اس کے فیصلوں اور آسانی سے اور عمران خان کے خلاف قانونی چارہ جوئی میں فعال طور پر مخالفت کی یہ خود ہی غیر جانبداری کے پردے سے ہٹ گیا اور اس بات کو یقینی بنانے کے لئے اپنے راستے سے ہٹ گیا کہ عمران خان کو سیاست سے اکھاڑ پھینک دیا گیا ہے۔ کسی سیاستدان کے خلاف اتنے واضح طور پر متعصب ہونا چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن کے دیگر ممبروں کو ہٹانے کی بنیاد ہے۔ مسٹر خان کے خلاف ایک مجرمانہ مقدمہ۔ (iii) ای سی پی کے اس غیر قانونی اور بدنیتی فیصلے کو اسلام آباد ہائی کورٹ کے سامنے چیلنج کیا گیا تھا۔ اس رٹ پٹیشن کے دوران ، سابق وزیر اعظم عمران خان کو پی ٹی آئی کی صدارت سے ہٹانے کے لئے ای سی پی کے ذریعہ مزید ایک نوٹس جاری کیا گیا۔ اس کی بنیاد پر، لاہور ہائی کورٹ میں ایک اور رٹ پٹیشن دائر کی گئی تھی جو اس عدالت کے فل بینچ کے سامنے زیر التوا ہے۔ اس سے پہلے، ای سی پی اسپیشل جج کے سامنے مجرمانہ شکایت درج کر کے پراسیکیوٹر بن گیا اور 28.08.2023 کو سابق وزیر اعظم عمران خان کے خلاف سزا سنائی جو اب مجرمانہ اپیل نمبر 2023in/273 کا موضوع ہے جسے سزا معطل کر دی گئی ہے۔ (اسلام آباد ہائی کورٹ نے اس سزا کو معطل نہیں کیا جس مقصد کے لئے سپریم کورٹ میں سی پی دائر کی گئی ہے)۔ ای سی پی۔ نے پھر انتخابات ایکٹ، 2017 کے سیکشن 231 کے تحت ایک آرڈر منظور کیا جس سے سابق وزیر اعظم عمران خان کو 5 سال تک انتخابات میں حصہ لینے سے نااہل قرار دیا گیا۔ تاہم ، یہ کارروائی بھی غیر قانونی تھی اور اس کی بدنیتی کو ظاہر کرتی ہے کیونکہ سیکشن 231 میں کسی فرد کو انتخابات میں حصہ لینے سے نااہل کرنے کے لئے ای سی پی کے کسی بھی اختیارات کو چھیننے میں ترمیم کی گئی ہے۔ سابق وزیر اعظم عمران خان کو پی ٹی آئی کی صدارت سے ہٹانے کے لئے ای سی پی کے ذریعہ مزید ایک نوٹس جاری کیا گیا۔ اس کی بنیاد پر، لاہور ہائی کورٹ میں ایک اور رٹ پٹیشن دائر کی گئی تھی جو اس عدالت کے مکمل بینچ کے سامنے زیر التوا ہے۔ اسی بدنیتی ارادے کے ساتھ، ای سی پی نے ممنوعہ فنڈز کا معاملہ اٹھایا اور پی ٹی آئی کے خلاف ہیرا پھیری کی تحقیقات کی جواب دہی جاری ہے۔ دوسری طرف، سپریم کورٹ کی ہدایت کے باوجود بھی اسی طرح کے الزامات کے لئے کسی اور سیاسی جماعت کی تحقیقات نہیں کی گئیں۔ آج تک ، دیگر سیاسی جماعتوں کی تحقیقات زیر التوا ہیں کیونکہ ای سی پی نے اب تک سپریم کورٹ کی ہدایات کو نظر انداز کیا ہے اور پی ٹی آئی کے علاوہ دیگر سیاسی جماعتوں کے مالی معاملات کی تحقیقات کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ یہ پی ٹی آئی کے خلاف ای سی پی کے مکمل تعصب کی عکاسی کرتا ہے۔ یہاں یہ ذکر کرنا مناسب ہے کہ چارٹرڈ اکاؤنٹ نے دیگر سیاسی جماعتوں کے کھاتوں پر خدشات پیدا کیے ہیں، پھر بھی ای سی پی نے اسی کو نظر انداز کیا جبکہ دوسری طرف، چارٹرڈ اکاؤنٹ کے باوجود پی ٹی آئی کے مالی معاملات میں کوئی مسئلہ نہیں پایا گیا، ای سی پی نے ابھی بھی نشانہ بنایا ہے۔ اس سلسلے میں پی ٹی آئی۔ یہ تعصب ECP کو مسترد کرنے کے ذمہ دار قرار دیتا ہے۔ (iii) ای سی پی کے اس غیر قانونی اور ملا فائڈ فیصلے کو اسلام آباد ہائی کورٹ کے سامنے چیلنج کیا گیا تھا۔ (iv) اس رٹ پٹیشن کے لاچ کے دوران ، سابق وزیر اعظم عمران خان کو پی ٹی آئی کی صدارت سے ہٹانے کے لئے ای سی پی کے ذریعہ مزید ایک نوٹس جاری کیا گیا۔ اس کی بنیاد پر ، لاہور ہائی کورٹ میں ایک اور رٹ پٹیشن دائر کی گئی تھی جو اس عدالت کے فل بینچ کے سامنے زیر التوا ہے۔ غیر قانونی احکامات کے ذریعہ پی ٹی آئی کو نقصان پہنچانے اور نقصان پہنچانے کے ارادے سے ، ای سی پی نے فیصلہ کیا کہ خواتین اور اقلیتوں کے لئے مخصوص نشستیں پی ٹی آئی کو نہیں دی جائیں گی لیکن متناسب دیگر سیاسی جماعتوں کو مختص کی جائیں گی۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ پی ٹی آئی کے ذریعہ دی گئی مخصوص نشستوں کی فہرست ختم ہو گئی تھی اور پی ٹی آئی اس فہرست میں شامل نہیں کر سکتی ہے۔ یہ بھی ایک ایسا عمل تھا جو آئین کی اظہار کردہ دفعات کے برخلاف تھا جو صرف پی ٹی آئی کو نقصان پہنچانے کے لئے تیار کیا گیا تھا۔ اسی کے مطابق ، پی ٹی آئی نے لاہور ہائیکورٹ میں رٹ پٹیشن نمبر 2022/34648 دائر کیا اور لاہور ہائی کورٹ نے فیصلہ کیا کہ ای سی پی کے احکامات غیر آئینی اور قانون کے منافی ہیں اور انہیں اتنا باطل قرار دیا گیا ہے۔ یہ ای سی پی کے غیر قانونی عمل کی پیش گوئی کرتا ہے جس کی پیروی کرنا تھا اور 08.02.2024 کے انتخابات کے بعد جس کے تحت اس نے پی ٹی آئی کو ایک سیاسی جماعت کے طور پر قبول کرنے سے بھی انکار کر دیا اور محفوظ نشستوں کے منصفانہ حصہ سے انکار کیا۔

بقیہ بقیہ جات 2

ہیں۔ پنجاب حکومت نے ملکی تاریخ میں پہلی بار جامع "کلائمیٹ پالیسی" تشکیل دی ہے۔ کلائمیٹ پالیسی کے تحت ویٹ لینڈز اور دیگر قدرتی نظام کے تحفظ اور بحالی کو اولین ترجیح دی جا رہی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ویٹ لینڈز اور دیگر قدرتی خزانوں کی نگرانی کے لیے واچ ٹاورز اور چیک پوسٹوں کی تعمیر کی جا رہی ہیں۔ ویٹ لینڈ اور دیگر قدرتی مسکن پر تفریحی اور تحقیقی مقاصد کے لیے مخصوص سہولیات کی فراہمی یقینی بنا رہے ہیں۔ ماہی گیری کے نظام کو منظم کیا گیا ہے، خلاف ورزی پر سزائیں دی جا رہی ہیں۔ ایسے کسی بھی عمل کی اجازت نہیں دی جائے گی جو ویٹ لینڈ یا دیگر علاقوں کے قدرتی توازن کو نقصان پہنچا سکے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ حکومت پنجاب عوام، ماہرین اور عالمی اداروں کے ساتھ مل کر قدرتی ماحول کے تحفظ کیلئے کوشاں ہے۔ تمام شہری ماحول دوست طرز زندگی اپنائیں قدرتی وسائل کے تحفظ میں حکومت کا ساتھ دیں۔ زمین نئی نسلوں کی امانت ہے، اور ہمیں محفوظ اور بہتر بنانا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 3

سال میں کی جائے گی۔ معاون خصوصی برائے وزیراعلیٰ ثانیہ عاشق آٹزم سکول پراجیکٹ کی مانیٹرنگ پر مامور ہیں۔ اسکے ساتھ ساتھ پنجاب کے مختلف خصوصی تعلیمی اداروں میں 10 آٹزم یونٹس قائم کیے گئے ہیں جہاں آٹزم کے شکار بچوں کے لیے درکار مخصوص تعلیمی سہولیات کی فراہمی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ڈی جی سپیشل ایجوکیشن پنجاب شاہدہ فرخ کی رپورٹ کے مطابق وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے حکم پر سپیشل طلبہ کے لیے 9,206 معاون آلات فراہم کئے گئے ہیں، سپیشل طلبہ کو 7,702 آلات سماعت، 360 وہیل چیئرز، 300 واکرز، 344 بیساکھیاں اور 500 سفید چھڑیاں دی گئیں۔ سپیشل ایجوکیشن سسٹم کی بہتری کے لیے 35 سکولوں کو مڈل سے سیکنڈری لیول، پرائمری سکول کی مڈل لیول پر اپ گریڈیشن کی گئی ہے۔ سپیشل ایجوکیشن کے 28 سکولوں کو سنٹر آف ایکسی لینس اپ گریڈ کرنے کا پراجیکٹ شروع کر دیا گیا ہے۔ سپیشل ایجوکیشن کے بچوں کیلئے کلاس اول سے کلاس 5 تک خصوصی نصاب کی تیاری شروع کر دی گئی ہے۔ سماعت سے محروم بچوں کے لیے ترجمۃ القرآن کا خصوصی نصاب متعارف کرایا گیا ہے۔ پنجاب میں سپیشل طلبہ کیلئے مخصوص سکل کورسز کی تیاری کا عمل بھی جاری ہے۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ نجی اداروں کے اشتراک سے سپیشل طلبہ کے لئے مخصوص اور منفرد جاب فیئر منعقد ہوا جہاں 900 طلبہ کی رجسٹریشن کی گئی۔ قابل امر ذکر یہ ہے کہ 25 طلبہ کو ملازمت مل گئی ہے۔ سپیشل ایجوکیشن ووکیشنل میٹرک کے پہلے بیچ کے 14 سپیشل طلبہ نے کامیابی سے امتحان پاس کر لیا۔ پنجاب میں سپیشل ایجوکیشن کے معیار تعلیم کو بلند کرنے کے لئے سکول انفارمیشن سسٹم ڈویلپمنٹ کیا جا رہا ہے، اس کے ساتھ ساتھ سٹیزن ریلیشن شپ مینجمنٹ سسٹم، سپیشل ایجوکیشن موبائل ایپ اور سمارٹ مانیٹرنگ ایپ کی تیاری بھی کی جا رہی ہے۔ سپیشل ایجوکیشن مراکز سے صحت یابی کے عمل میں بہتری کے بعد 586 طلبہ کو عام سکولوں میں ایڈمیشن کرایا گیا ہے۔ سپیشل طلبہ کو کھیلوں کی طرف راغب کرنے کے لئے پہلی مرتبہ شاندار سپورٹس گالہ بھی کرایا گیا۔ پنجاب میں 8 نئے خصوصی سکولوں کی عمارتوں کی تعمیر مکمل ہو گئیں اور 9 مزید عمارتوں کی تعمیر کی منظوری دی گئی۔ سپیشل ایجوکیشن مراکز میں سلولرز طلبہ کے لیے سکریننگ ٹول متعارف کرایا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا کہنا ہے کہ سپیشل بچے ہمارے لئے سپیشل ہیرو کی مانند ہیں۔ سپیشل ایجوکیشن مراکز اور سسٹم میں بہتری کا ہدف ہر صورت پورا کریں گے۔ پاکستان کے پہلے سرکاری آٹزم سکول کے قیام سے والدین پر مالی بوجھ کم ہوگا۔ سپیشل بچوں کی بحالی کا مقصد انہیں معاشرے کا مفید اور کارآمد شہری بنانا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 4

کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق گرفتار ملزمان کو نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا گیا ہے، واقعے کا مقدمہ بھی درج کر لیا گیا ہے، مزید افراد کی گرفتاری کیلئے کارروائی جاری ہے۔ دریں اثناء، گزشتہ روز نوشہرہ میں فائرنگ کے واقعات کے ملزمان کے خلاف 3 مختلف ایف آئی آر درج کر لی گئیں۔ پولیس کے مطابق پہلی ایف آئی آر صبح فائرنگ کے واقعے پر درج کی گئی ہے، دوسری ایف آئی آر اے سی ریونیو پر حملے کے واقعے پر سی ٹی ڈی نے درج کی ہے جبکہ تیسری ایف آئی آر بھی سی ٹی ڈی نے سپاہی عاشق حسین کے قتل کے خلاف درج کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 5

بچ گئیں۔ تفصیلات کے مطابق استور کے علاقے کامری کے رہائشی زبان کی 27 سالہ خاتون جو کہ جڑواں بچوں سے حاملہ تھیں، نے اتوار کو صبح ایک بیٹی کو جنم دیا تاہم پیچیدگیوں کے باعث وہ دوسرے بچے کو جنم دینے میں مشکلات کا شکار ہو گئیں۔ خاتون کو آرمی فرسٹ ایڈ کامری میں منتقل کیا گیا جہاں وہ اپنی اور اپنے دوسرے بچے کی زندگی کی جنگ لڑ رہی تھیں۔ قریبی طبی سہولت میترگ سول ہسپتال میں دستیاب تھی لیکن پچھلے دو دنوں سے برفباری کے باعث راستہ بند تھا اس ہنگامی صورتحال میں پاک فوج نے فوری طور پر انجینئرنگ اور طبی وسائل کو متحرک کیا، راستہ صاف کیا اور مریضہ کو منی مرگ ہسپتال منتقل کیا۔ پاک فوج کی بروقت کارروائی کی بدولت مریضہ کو بروقت ہسپتال پہنچایا گیا جہاں پاک فوج کے ڈاکٹرز نے فوری آپریشن کیا اور دوسرا بچہ بھی صحت مند پیدا ہوا۔ ماں اور دونوں نومولود بچے صحت مند اور خطرے سے باہر ہیں۔ یہ کامیاب انخلاء منفی درجہ حرارت میں 15 کلومیٹر طویل دشوار گزار راستے سے کیا گیا، جو پاک فوج کے انسانی ہمدردی کے جذبے اور عوامی خدمت کے عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 6

صورت میں مارچ 2025 سے بجلی کی قیمتوں میں کمی متوقع ہے جس سے عوام کو 52 ارب روپے سے زائد کا ریلیف ملے گا۔ نیپرا 12 فروری 2025 کو درخواستوں پر عوامی سماعت کرے گا۔ کمی مارچ، اپریل اور مئی کے مہینوں میں بجلی کے نرخوں پر اثر انداز ہوگی۔ کے الیکٹرک صارفین پر بھی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ لاگو ہوگی جبکہ لائف لائن صارفین کو ریلیف نہیں دیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 7

کے خلاف مقدمہ بھی درج کر لیا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ اسمگلر نے منڈی بہاء الدین کے رہائشی سے 50 لاکھ روپے وصول کیے تھے۔ ایف آئی اے نے بتایا کہ شہری مراکش کشتی حادثے میں جاں بحق ہو گیا تھا۔ ترجمان نے کہا کہ کشتی واقعے کے بعد نام سامنے آنے پر ملزم روپوش ہو گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 8

حکومت کے پاس شہریوں پر شکنجہ کسنے کے لامحدود نہیں ہونے چاہئیں، پیکا قانون پر نمائندہ میڈیا تنظیموں سے مشاورت کی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس قانون کے تحت بنائے جانے والے ٹریبونلز کے فیصلوں کیخلاف اپیل کا حق ہائی کورٹس کو دیا جائے، بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے پیکا قانون میں اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے ضروری ترامیم لائی جائیں۔ سعد رفیق نے کہا کہ یاد رہے قوانین کی چھتری ہمیشہ وقت بدلنے کے ساتھ اسے بنانے والوں کیخلاف استعمال ہوتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 9

روپے کی مالیت کے صوبے بھر میں 30 جدید ایئر کوالٹی مانیٹرنگ اسٹیشنز نصب کر دیے گئے۔ اسی سال 31 مارچ تک 30 مزید مانیٹرز لگائے جائیں گے، اس سے قبل ان مانیٹرز کی تعداد صرف 3 تھی، پنجاب کے ہر کونے کے فضائی تحفظ کے لیے 100 اے کیو ای مانیٹرز کے ہدف کی تکمیل پر کام جاری ہے، فضائی آلودگی پر سخت نگرانی کے لیے لاہور میں 5 موبائل اور 8 فکسڈ مانیٹرنگ اسٹیشنز قائم کر دیے گئے، اسٹیشنز خودکار نظام کے تحت سیٹلائٹ سے منسلک ہر گھنٹے کا فضائی ڈیٹا فراہم کریں گے۔ بڑے شہروں میں فیصل آباد، ملتان، راولپنڈی، گوجرانوالہ سمیت کئی شہروں میں ایئر کوالٹی اسٹیشنز قائم کیے گئے، ماحولیاتی ڈیٹا اب لائیو دستیابی کے سلسلے میں حکومت کو فضائی آلودگی سے متعلق فوری اور درست معلومات کی فراہمی ممکن بنا دی گی۔ بہتر فیصلوں سے صحت مند پنجاب کے لیے جدید اسٹیشنز سے حاصل ڈیٹا ماحولیاتی پالیسی سازی میں مددگار ثابت ہوگا، موسمیاتی تبدیلیوں سے تحفظ کے لیے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا کلین اینڈ گرین انیشی ایٹو مزید مستحکم ہوگا، صنعتی اور شہری علاقوں پر کڑی نظر رکھنے کیلیے فکسڈ مانیٹرنگ اسٹیشنز سے آلودگی کے ہاٹ اسپاٹس کی نشاندہی کرنا آسان ہوگا۔ سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ فضائی آلودگی کے خلاف جنگ کیلیے جدید ٹیکنالوجی سے کاربن مونو آکسائیڈ، سلفر ڈائی آکسائیڈ، اوزون کی مانیٹرنگ کی جا رہی ہے، ماحولیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جدید ترین ایکشن پلان پر عملدرآمد جاری رہے گا، یہ ایئر کوالٹی مانیٹرنگ اسٹیشنز موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے اور ماحول کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ نہ صرف پنجاب کو صاف اور سرسبز بنائے گا بلکہ ہر شہری کی صحت کا تحفظ بھی یقینی بنائے گا، جب تک فضا صاف و سازگار نہیں ہو جاتی، سکھ کا سانس نہیں لیں گے، آخر یہ ہماری نسلوں کی بقا کا مسئلہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 10

لانے اور ملزمان کی گرفتاری کیلئے ڈیرہ اسماعیل جا رہے تھے، جاں بحق پانچواں شخص چوری ہونے والے ٹرک کا مالک تھا۔ جاں بحق اہلکاروں کی شناخت نور احمد، رشید زمان، داؤد خان اور بلال خان کے نام سے ہوئی، پولیس کی بھاری نفری نے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا۔

بقیہ بقیہ جات 11

قید ہیں۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ چند ہفتوں میں معاہدے پر دونوں ممالک کی جانب سے دستخط کرنے کا امکان ہے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق معاہدے پر دستخط اسحاق ڈار کے دورہ ملائیشیا کے دوران متوقع ہیں، معاہدے کے بعد پاکستانی قیدی اپنی سزائیں پاکستان میں کاٹ سکیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 12

کو ملک بھر کے مستحق افراد میں نقدی کی صورت میں تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جس پر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ساتھ مل کر عملدرآمد کیا جائے گا۔ بزنس ریکارڈر نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ حکومت نے وزارت صنعت و پیداوار کی زیر نگرانی انٹر منسٹریل کمیٹی تشکیل دی ہے، جو یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن کے آپریشنز کو بند کرنے اور اس کی نجکاری کیلئے حکمت عملی مرتب کرے گی۔ اس کمیٹی میں متعدد وفاقی وزراء اور حکام شامل ہیں، جن میں وزارت صنعت و پیداوار کے وزیر، وزیر مملکت برائے خزانہ و محصولات، وزیر مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی، اور دیگر اہم حکام ہیں۔ کمیٹی نے اپنی سفارشات مکمل کر لی ہیں اور اس کی بنیادی ذمہ داری یہ ہے کہ یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن کے آپریشنز کی فوری بندش کے لیے عملی طریقہ کار تیار کیا جائے اور ان کے مستقل ملازمین کو وفاقی حکومت کے دیگر اداروں میں متبادل یا موجودہ خالی آسامیوں پر فٹ کیا جائے۔ کمیٹی کو یہ بھی ہدایت کی گئی کہ وہ بی آئی ایس پی کے ساتھ مل کر وزیراعظم کے رمضان پیکیج کی فراہمی کیلئے حکمت عملی تیار کرے، جس کے بعد کمیٹی نے وزیراعظم کے رمضان پیکیج کی فراہمی کیلئے ایک حکمت عملی تیار کی ہے تاکہ مستحق افراد کو اس پیکیج کا فائدہ پہنچ سکے۔ کمیٹی نے یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن کے اثاثوں اور جائیداد کی محفوظ رکھوالی اور اس کی نجکاری کے عمل کے دوران دیگر انتظامات کے بارے میں بھی فیصلہ کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 13

پوری کر دی، کیپٹو پاور پلانٹس پر مرحلہ وار 20 فیصد تک لیوی لگے گی، صدر مملکت نے کیپٹو پاور پلانٹس پر لیوی عائد کرنے کیلئے آرڈیننس کی منظوری دے دی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق صدر مملکت نے آف دی گرڈ کیپٹو پاور پلانٹس آرڈیننس 2025 پر دستخط کر دیئے جس کا اطلاق فوری طور پر ہوگا۔ اس آرڈیننس کے تحت کیپٹو پاور پلانٹس پر مرحلہ وار 20 فیصد لیوی عائد کی جائے گی، فوری طور پر 5 فیصد نافذ العمل ہوگی، کیپٹو پاور پلانٹس پر جولائی 2025 میں لیوی کی شرح 10 فیصد اور فروری 2026 میں 15 جبکہ اگست 2026 میں کیپٹو پاور پلانٹس پر لیوی 20 فیصد ہو جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 14

کی معاونت سے پاکستان نے 2030 تک 30 فیصد گاڑیاں برقی توانائی پر چلانے کا عزم کیا ہے جبکہ ای وی انفراسٹرکچر کی ترقی میں ای وی گاڑیوں، موٹر سائیکلوں اور چارجنگ اسٹیشنز کا قیام شامل ہے۔ وزیراعظم نے ای وی چارجنگ اسٹیشنز کیلئے بجلی کے نرخوں میں 44 فیصد کمی کا اعلان کیا ہے، چارجنگ اسٹیشنز کیلئے 15 دن کی تیز رجسٹریشن کا عمل، ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کیلئے معاون ثابت ہوگا۔ رپورٹس کے مطابق 10 ملین موٹر سائیکلوں کی ای وی پر تبدیلی سے سالانہ 6 ارب ڈالر کی بچت ہوگی جبکہ ای وی ٹیکنالوجی اپنانے سے مقامی صنعت کو فروغ ملے گا اور غیر ملکی زر مبادلہ کی بچت ہوگی۔ ای وی انفراسٹرکچر کے قیام سے کاربن اخراج میں کمی کے باعث ماحولیاتی بہتری متوقع ہے جبکہ ایس آئی ایف سی اور حکومتی اقدامات سے برقی گاڑیوں کی مقبولیت میں اضافہ ہوا ہے جو کہ ماحول کی بہتری کی جانب اہم قدم ہے۔

بقیہ بقیہ جات 15

پر قبضے کے خلاف تحریک استحقاق قومی اسمبلی میں جمع کرا دی۔ ذرائع کے مطابق بہاولپور میں رکن قومی اسمبلی کی زمین پر قبضے کے خلاف تحریک استحقاق پر قائمہ کمیٹی برائے قواعد وضوابط واستحقاق میں غور ہوگا۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے قواعد وضوابط واستحقاق کا اجلاس منگل کو دن دو بجے پارلیمنٹ ہاؤس میں طلب کیا گیا ہے۔ سید سمیع الحسن کی زمین پر مبینہ قبضے سمیت مختلف اراکین کی جانب سے قومی اسمبلی کے قواعد وضوابط میں متعارف شدہ ترامیم کے ایجنڈے پر غور ہوگا۔ شیر علی ارباب کے خلاف پسکو افسران کی جانب سے سوشل میڈیا پر تضحیک آمیز پوسٹ کے خلاف تحریک استحقاق پر بھی غور ہوگا۔ ایم کیو ایم کی رکن قومی اسمبلی صبین غوری کی جانب سے نامناسب زبان کے استعمال پر تھانہ آبپارہ کے سب انسپکٹر کے خلاف تحریک استحقاق بھی ایجنڈے کا حصہ ہے

بقیہ بقیہ جات 16

دیا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت پی ٹی آئی کو مینار پاکستان پر جلسہ کرنے کی اجازت نہیں دے رہی، پنجاب پولیس کچے کے ڈاکوؤں کا مقابلہ نہیں کر سکتی لیکن پی ٹی آئی پر چڑھ دوڑتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 17

کی تصویر گروپ میں شیئر کرنے پر عاطف خان ناراض ہو گئے۔ پارٹی ذرائع نے بتایا کہ سابق گورنر شاہ فرمان نے واٹس ایپ گروپ میں عاطف خان اور عون چوہدری کی ملاقات کی تصویر شیئر کی جس پر عاطف خان نے انہیں کھری کھری سنائیں۔ وزیراعلیٰ علی امین گنڈا پور نے طعنہ زنی کرتے ہوئے واٹس ایپ گروپ میں کہا کہ میں تو چیف ایگزیکٹو کے طور پر مجبوری میں سرکاری لوگوں سے ملتا تھا۔ پارٹی ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈا پور نے بشریٰ بی بی کے عدت کیس کے گواہ سے ملاقات پر سوالات اٹھائے اور پارٹی سے اپنے تحفظات کا اظہار کیا۔ عاطف خان کی اس ملاقات نے گروپ میں مزید مسائل پیدا کر دیے ہیں اور پارٹی ذرائع نے بتایا ہے کہ یہ صورتحال پی ٹی آئی کیلئے مشکلات کا سبب بن گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 18

دوران 1.266 ٹریلین روپے کے قرضے فراہم کیے گئے۔ سٹیٹ بینک کی رپورٹ کے مطابق جاری مالی سال کی پہلی ششماہی کے دوران بینکوں اور مالیاتی اداروں سے قرض کی سہولت حاصل کرنے والے کاشتکاروں کی تعداد 2.86 ملین تک بڑھ گئی۔ واضح رہے کہ گزشتہ مالی سال کے دوران زرعی شعبہ کو قرضوں کی فراہمی میں 25 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا تھا اور قرضوں کا حجم 2.216 ٹریلین روپے تک بڑھ گیا۔

بقیہ بقیہ جات 19

یونٹ کمی کی درخواست کر دی، نیپرا 12 فروری کو درخواست پر سماعت کرے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کیپسٹی چارجز میں زبردستی کمی سے بجلی صارفین کو ریلیف ملنے کی راہ ہموار ہو گئی، کراچی سمیت ملک بھر کیلئے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی سستی ہونے کا امکان ہے۔ تقسیم کار کمپنیوں نے بجلی تقریباً 2 روپے فی یونٹ سستی کرنے کیلئے نیپرا سے رجوع کر لیا، صارفین کو 52 ارب 12 کروڑ روپے کے ریلیف کیلئے درخواست نیپرا میں دائر کر دی گئی ہے، درخواست رواں مالی سال کی دوسری سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں جمع کرائی گئی ہے۔ نیپرا تقسیم کار کمپنیوں کی درخواست پر 12 فروری کو سماعت کرے گا۔ نیپرا کے مطابق کیپسٹی چارجز کی مد میں 50 ارب 66 کروڑ روپے کی کمی مانگی گئی ہے

بقیہ بقیہ جات 20

زرداری نے مولانا فضل الرحمن کو پیکا قانون پر دستخط نہ کرنے کی یقین دہانی کروائی تھی لیکن اگلے روز دستخط کر دیئے۔ حافظ حمد اللہ نے کہا کہ کیا ایک اعلیٰ ترین منصب پر فائز شخصیت کا یہ رویہ مناسب ہے؟ انہوں نے کہا کہ آج کی حکومتی پارٹیاں پی پی پی اور مسلم لیگ اپوزیشن میں پیکا قانون کو سیاہ قانون کہا کرتی تھی، کیا یہ کھلا تضاد، دوغلا پن اور رنگ برنگی نہیں ہے؟

بقیہ بقیہ جات 21

سادی شہید ہو گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق فلسطینی حکام نے کہا کہ یہ حملہ جنین کے مشرقی علاقے میں کیا گیا، جس کے نتیجے میں 2 دیگر افراد زخمی بھی ہوئے۔ زخمیوں کو طبی امداد کیلئے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ حکام کا کہنا تھا کہ احمد سادی اور دیگر 2 افراد کو اس وقت نشانہ بنایا گیا جب وہ سڑک پر موجود تھے، اور ان پر اسرائیلی ڈرون سے حملہ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 22

جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران تحریک آزادی کشمیر کو تیز تر کرنے اور بیس کیمپ کی بحالی کیلئے مربوط حکمت عملی پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر حریت قیادت، سیاسی رہنماؤں اور معززین نے بھی شرکت کی۔ وزیراعظم آزاد کشمیر چودھری انوار الحق نے کہا کہ کشمیریوں کی جدوجہد آزادی عالمی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ہے، کشمیری اپنی جائز جدوجہد کیلئے قربانیاں دے رہے ہیں، بھارتی حکومت نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں غیر انسانی قوانین نافذ کر کے کشمیریوں کو بنیادی انسانی حقوق سے محروم کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور اہل پاکستان کی حمایت سے مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کا حوصلہ بلند ہوتا ہے، جماعت اسلامی نے کشمیریوں کی جدوجہد آزادی، مہاجرین مقبوضہ جموں و کشمیر کی آبادکاری اور ریاست میں دیگر فلاحی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے۔ چودھری انوار الحق نے کہا کہ آزاد کشمیر میں مکمل سیاسی رواداری اور امن ہے، ہم نے دوطرفہ محبت اور خوشگوار تعلقات پر مبنی روایات قائم کی ہیں، کشمیریوں کی جدوجہد پرامن اور عالمی قوانین کے عین مطابق ہے۔ وزیراعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ بھارت ہماری پرامن تحریک کو کچلنے کیلئے ہر غیر انسانی حربہ استعمال کر رہا ہے، پاکستان اور وہاں کے عوام نے ہر مشکل گھڑی میں آزاد جموں و کشمیر اور مقبوضہ کشمیر کے عوام کا ساتھ دیا، یوم یکجہتی منانے سے ریاست جموں و کشمیر کے دونوں اطراف کے باسیوں کا حوصلہ بلند ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے آزاد کشمیر میں ہمیشہ مثبت کردار ادا کیا ہے، یہاں ساری توجہ ریاست کی ترقی اور خوشحالی پر ہے

بقیہ بقیہ جات 23

16.26 ارب ڈالر کے قرضے کی ری پروفائلنگ کیلئے بھی تیار ہے۔ حکومت ان قرضوں پر 3 ارب ڈالر قرضوں کے سود کی ادائیگی کی مد میں ادا کرتی ہے اور اس سے صارفین پر ٹیرف میں 8.63 روپے کیپسٹی چارجز کی مد پڑتے ہیں۔ حکومت سخت کوشش کر رہی ہے کہ قرضوں کی ری پروفائلنگ کر سکے اور قرض کی ادائیگی کے دورانیے میں اضافہ کیا جائے تاکہ فی یونٹ بجلی پر 1.5 روپے فی یونٹ ریلیف حاصل کیا جا سکے۔ حکومتی عمال یہ کام بجلی کے شعبے میں جاری جاری اصلاحات کے حصے کے طور پر کر رہے ہیں۔ بجلی کے شعبے میں 9 صفحات کی دستاویز جس میں موجودہ سیاق و سباق موجود ہے اور آگے کا راستہ بھی بتایا گیا ہے، اس میں کہا گیا ہے کہ سود والے گردشی قرض کی ری فنانسنگ کے ذریعے اسے ریاستی قرض میں تبدیل کر دیا جائے اور اس سے ٹیرف 3.23 روپے فی کلوواٹ آورز کی حد تک کم ہو جائے گا جو کہ ٹیکس کے بعد 3.78 کلوواٹ فی گھنٹہ تک بڑھ جاتا ہے

بقیہ بقیہ جات 24

انڈیانا پولس میں کی گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 26 سالہ اسریٰ حسین کا تعلق امریکی ریاست انڈیانا کے علاقے کارمل سے تھا۔ اسریٰ حسین اپنے کام کے سلسلے میں کنساس گئی ہوئی تھیں، اور واشنگٹن ایئر پورٹ کے قریب ہونے والے حادثے میں ان کی موت واقع ہوئی۔

بقیہ بقیہ جات 25

مختلف سپیشلٹیز کے 59 میڈیکل افسران کی گریڈ 17 سے گریڈ 18 میں ترقی کیلئے محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر کو مراسلہ لکھ دیا۔ ہسپتالوں میں سینئر رجسٹرار کی کمی کو پورا کرنے کیلئے میڈیکل افسران کی ترقی کی ریکوزیشن محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر کو بھجوائی گئی۔ مراسلہ کے مطابق محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر کو 59 میڈیکل افسران کو رجسٹرار کے عہدے پر ترقی دینے کیلئے کہا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 26

گئے ترمیم شدہ ججز روسٹر کے مطابق پرنسپل سیٹ پر 22 سنگل بنچ ضمانت، حکم امتناعی سمیت اہم فوری نوعیت کی درخواستوں پر سماعت کریں گے۔ ترمیم شدہ ججز روسٹر یکم مارچ تک نافذ العمل رہے گا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کی سربراہی میں دو رکنی بنچ انسداد دہشتگردی، منشیات کی اپیلوں، جسٹس عابد عزیز شیخ کی سربراہی میں دو رکنی بنچ بینکنگ، ٹیکس سمیت سول اپیلوں، جسٹس شمس محمود مرزا کی سربراہی میں دو رکنی بنچ کمرشل، ٹیکس سمیت سول، جسٹس فیصل زمان کی سربراہی میں دو رکنی بنچ سول، جسٹس شاہد کریم کی سربراہی میں دو رکنی بنچ بنکنگ، ٹیکس، کمرشل جسٹس چوہدری محمد اقبال کی سربراہی میں دو رکنی بنچ سول جسٹس چوہدری شہرام سرور کی سربراہی میں دو رکنی بنچ قتل، اقدام قتل سمیت فوجداری جبکہ جسٹس فاروق حیدر کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نیب سمیت دیگر فوجداری اپیلوں پر سماعت کرے گا

بقیہ بقیہ جات 27

میں قرآن کمپلیکس میں خاتم النبیین یونیورسٹی کو فعال بنانے، دینی علوم کی ترویج، دینی مدارس اور مساجد کے امور پر بات چیت ہوئی۔ مفتی احمد علی نے چوہدری شافع حسین کو محکمہ اوقاف و مذہبی امور کا قلمدان سنبھالنے پر مبارکباد دی اور سابق وزیر اعظم چوہدری شجاعت حسین کی خیریت دریافت کی۔ صوبائی وزیر اوقاف چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مذہبی ہم آہنگی، رواداری، بھائی چارے کے جذبات کے فروغ اور پُرامن فضا برقرار رکھنے میں علماء کرام کا کلیدی کردار ہے، مذہبی سکالرز اور علماء کرام کی تجاویز کی روشنی میں خاتم النبیین یونیورسٹی کو فعال بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ قرآن کمپلیکس کی عمارت کو دینی علوم کی ترویج کا حقیقی مرکز بنائیں گے اور محکمہ اوقاف کے زیر اہتمام مزارات اور مساجد میں صفائی کے نظام کو بہتر بنایا جائے گا، صوبائی وزیر نے کہا کہ قرآن بورڈ اور متحدہ علماء بورڈ میں تمام مکاتب فکر کے لوگوں کو شامل کیا جائے گا اور علماء کرام کی تجاویز کی روشنی میں محکمہ اوقاف و مذہبی امور میں مزید بہتری لائی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 28

مسترد کرتی ہے، اور پیر کو ہڑتال کا اعلان کرتی ہے، پیر کو کوئی وکیل کسی بھی عدالت میں پیش نہیں ہوگا یہ ٹرانسفرز عدلیہ میں تقسیم اور بدنیتی پر مبنی ہیں، علیم عباسی ایڈووکیٹ چیئرمین اسلام آباد بار کونسل نے میڈیا کو بتایا کہ ہماری میٹنگ میں اسلام ہائیکورٹ ڈسٹرکٹ اور ہائیکورٹ کے تمام نمائندے موجود تھے اور بتایا کہ اس ہنگامی پریس کانفرنس کا مقصد، وزارت قانون نے تین ججز کی اسلام آباد میں ٹرانسفر کا کیا جانا ہے، انہوں نے کہا کہ میٹنگ میں فیصلہ ہوا ہے کہ وکلاء برادری ان ٹرانسفر کو رد کرتی ہے، وکلاء اس عمل کا بھرپور مخالفت کریں گی، پیر کو گیارہ بجے ڈسٹرکٹ کورٹ جی الیون میں ملک گیر کنونشن منعقد کرنے جا رہے ہیں، پیر کو اسلام آباد میں وکلاء مکمل ہڑتال کا اعلان کرتے ہیں، پاکستان بھر کے وکلاء سے اپیل کی ہے آپ بھی ہمارا ساتھ دیں، صوبائی بار کونسل سے بھی اپیل کرتے ہیں احتجاج میں ہمارا ساتھ دیں، دس تاریخ کو 8 ججز کی تعیناتی کے لئے اجلاس بدنیتی پر مبنی ہے، اس اقدام سے جوڈیشری مزید تقسیم ہوگی، ہمارا مطالبہ ہے کہ اس اجلاس کو ملتوی کیا جائے، ہمیں ان سیاسی جماعتوں پر اعتبار نہیں ہے اپنی لڑائی خود لڑیں گے، سندھ ہائیکورٹ میں جیالے بھرتی کئے گئے لاہور ہائیکورٹ میں ایسا ہوگا، ایک جج صاحب کی دس دن پہلے اپائنٹمنٹ ہوئی ایک کی ڈیڑھ سال پہلے ہوئی، ان ججز کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں لایا جا رہا ہے، اگر صوبائی نمائندگی مقصد ہوتی تو اسلام آباد میں تمام صوبوں کے لوگ موجود ہیں، حکومت وقت اور اپوزیشن جماعتوں کی بھی مذمت کرتے ہیں، 26 وی ترمیم کے بارے میں لکھا جائے گا کہ یہ اتفاق رائے سے منظور کی گئی ہے، پی ٹی آئی نے اس ترمیم کے خلاف کیا کیا۔ جوڈیشل کمیشن اجلاس بھی بدنیتی پر بلایا گیا، 26 آئینی ترمیم کے خلاف تمام درخواستوں کو فل فورسنا جائے۔ علیم عباسی ایڈووکیٹ کا کہنا تھا کہ سپریم کورٹ سولہ رکنی فل کورٹ پہلے آئینی ترمیم پر فیصلہ کرے، دس فروری کا اجلاس بدنیتی پر مبنی ہے اس اجلاس کو فل فوری منسوخ کیا جائے، یہ وکلاء کی لڑائی نہیں یہ ملک میں رول آف لاء اور عدلیہ کی آزادی کی لڑائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ان سیاسی جماعتوں پر اعتماد نہیں ان لوگوں پر اعتبار نہیں ہے، چھبیسویں آئینی ترمیم کے خلاف جدوجہد وکلاء نے کرنی ہے، ہم اس حکومت وقت اور اس اتحاد کیساتھ اسٹیبلشمنٹ کو باور کروانا چاہتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ آئینی ترمیم کے بعد ججز کی تعیناتی دیکھ لیں، سندھ ہائیکورٹ میں سارے جیالے بھرتی کر لیے گئے، لاہور ہائیکورٹ میں بھی یہی کچھ ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 29

کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سینیٹ فنانس کمیٹی میں اراکین کی تنخواہوں میں اضافے کا فیصلہ ہوگا، گزشتہ روز سینیٹ کی فنانس کمیٹی کا اجلاس نہیں ہو سکا تھا۔ ذرائع نے بتایا کہ اپوزیشن لیڈر شبلی فراز کے بائیکاٹ اور چیئرمین سینیٹ کے بیرون ملک ہونے کے باعث اجلاس موخر کیا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 30

جمہوریت کی مضبوطی اور آئین وقانون کی حکمرانی کا علم بلند کیا ہے، وکلاء برادری نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے اس پر پورا اترنے کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھوں گا۔ ان خیالات کا اظہار وائس چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد دینے کے لئے آنے والے وکلاء کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی فاروق ڈوگر، سابق وائس چیئرمینز چودھری بابر وحید، کامران بشیر مغل، فرحان شہزاد، چودھری امجد اقبال میو، سابق چیئرمینز ایگزیکٹو کمیٹی راؤ فضل الرحمن ، افضل دھرالہ اور دیگر بھی موجود تھے۔ وائس چیئرمین عرفان صادق تارڑ نے کہا کہ وکلاء کا انصاف کی فراہمی میں کلیدی کردار ہے جس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ وکلاء مشکل حالات کے باوجود سائلین کو انصاف کی فراہمی کیلئے کوشاں رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جعلی وکلاء اس شعبے پر دھبہ لگا رہے ہیں اور پروفیشنل وکلاء کے لئے بدنامی کا باعث ہیں۔ مجھے جو ذمہ داری سونپی گئی ہے اس پر پورا اترنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھوں گا، ہم نے اپنے اتحاد سے وکلاء کے مسائل کو حل کرانا ہے اور ان کی فلاح و بہبود کے منصوبے شروع اور مکمل کرنے ہیں۔ چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی فاروق ڈوگر ، پنجاب بار کی قیادت اور ممبران کی معاونت اور مشاورت سے آگے بڑھیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 31

بھائیوں نے بے دردی سے قتل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق مذکورہ واقعہ تھانہ چونالہ کی حدود ڈھوک کوریاں میں پیش آیا، جہاں انسا ساجد نامی لڑکی کو گولیاں مار کر قتل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقتولہ کے بھائیوں نے اسے ٹک ٹاک بنانے پر طیش میں آ کر قتل کیا جبکہ اہل خانہ نے واقعے کو خودکشی کا رنگ دینے کی کوشش کی۔ پولیس نے اپنی مدعیت میں قتل کا مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق لڑکی کے جسم پر گولی کے علاوہ بھی تشدد کے نشانات پائے گئے ہیں، جو واقعے کو مزید سنگین بنا رہے ہیں۔ پولیس نے شواہد اکٹھے کر لیے ہیں اور ملوث افراد کے خلاف قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 32

کھولنے پر سخت ایکشن لیتے ہوئے جلو پارک میں تعینات ملازم شریف مسیح کو حراست میں لے لیا اور اس کے خلاف دہشت گردی کا مقدمہ درج کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ محکمہ وائلڈ لائف پنجاب کے ترجمان کے مطابق، شریف مسیح نے جان بوجھ کر شیر کا پنجرہ کھولا جس کے نتیجے میں شیر پنجرے سے باہر آ گیا۔ شیر کے پنجرے سے باہر آنے پر تعینات عملہ نے بروقت کارروائی کی اور شیر کو بے ہوش کر کے واپس پنجرہ میں منتقل کر دیا۔ شیر کو بے ہوش کرنے کیلئے انجکشن لگایا گیا تاکہ اس کو محفوظ طریقے سے واپس پنجرہ میں لایا جا سکے۔ محکمہ نے فوری طور پر تین رکنی کمیٹی تشکیل دے دی ہے جس میں ڈائریکٹر لاہور چڑیا گھر، ڈی ڈی وائلڈ لائف لاہور، اور ویٹرنری آفیسر سفاری پارک شامل ہیں۔ کمیٹی کو 12 گھنٹوں میں انکوائری مکمل کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ وائلڈ لائف ٹیم کی بروقت کارروائی پر انہیں سراہا گیا اور ترجمان نے ان کی کوششوں کو شاباش دی۔

بقیہ بقیہ جات 33

ہوئے کہا کہ وزیر داخلہ جس طرح باتیں کرتے ہیں ان کو شرم آنی چاہیے۔ جنید اکبر نے کہا کہ ہمارے ورکرز کے ساتھ جو سلوک کیا گیا وہ بہت بڑی ریاستی دہشت گردی تھی۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے اس دفعہ ہم پر کسی بھی احتجاج کے دوران گولیاں بھی چل سکتی ہیں۔ جنید اکبر نے بتایا کہ صوابی احتجاج سے متعلق ایک الگ ملاقات وزیراعلیٰ سے کی جائے گی، وزیراعلیٰ پہلے سے بہت سی ذمہ داریوں میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی قیادت پہلے بھی اداروں سے رابطے میں تھی اور یہ رابطے پی ٹی آئی کی مرضی سے کیے گئے تھے۔ جنید اکبر نے کہا کہ کابینہ میں تبدیلی وزیراعلیٰ کی ذمہ داری ہے۔ علی امین گنڈاپور کی جانب سے بانی کی رہائی کیلئے کی جانے والی کوششوں کا ذکر کرتے ہوئے جنید اکبر نے کہا کہ وہ ماضی کی غلطیوں سے سیکھنے کے خواہاں ہیں اور انہوں نے نومبر کے لانگ مارچ کی غلطیوں کو دوبارہ نہ دہرانے کا عہد کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب مل کر ماضی کے تجربات سے سیکھیں گے اور اکٹھے بیٹھ کر اپنے لوگوں سے رہنمائی لیں گے۔ جنید اکبر نے کہا کہ پی ٹی آئی دوبارہ اسلام آباد کیلئے منظم پلان کے ساتھ میدان میں آئے گی اور جیسے ہی بانی کی طرف سے کال آئے گی، ہم اسلام آباد جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 34

ملا اسی وجہ سے حکمران بدترین خوف کا شکار ہیں۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ عمران خان کو دباؤ میں لانے کے لئے ان کی فیملی پر بھی جبر کے پہاڑ توڑے گئے لیکن ایسا کرنے والے پہلے بھی ناکام اور نامرادر ہے اور ان شاء اللہ انہیں آئندہ بھی اس سے مختلف نتائج نہیں ملیں گے۔ جیل میں قید عمران خان آج بھی دہائیوں سے حکومتیں کرنے والی مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی سیاست کے لئے حقیقی خطرہ ہیں اس لئے ان کی راتوں کی نیندیں اڑی ہوئی ہیں۔ وہ دن دور نہیں جب عمران خان اور بشریٰ بی بی سرخرو ہو کر باہر آئیں گے اور پھر نام نہاد مقبول حکمرانوں کو اپنی سیاست کو سمیٹنے کا بھی موقع میسر نہیں آئے گا۔ دعویٰ ہے جب بھی آئندہ عام انتخابات ہوں گے عمران خان کی قیادت میں 8 فروری پلس ہوگا اور اسی دن سے ملک میں حقیقی آزادی اور حقیقی تبدیلی کا آغاز ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 35

علماء کونسل، بین المذاہب کمیٹی پنجاب، تحریک لبیک ، جمعیت اہلحدیث، جامعہ منظور الاسلامیہ، جامعہ قادسیہ کے نمائندگان میاں وحید احمد، مولانا اسعد فاروق، محمد اقبال آزاد، محمد خان لغاری، محمد عباس، انعام الحسن، مولانا اسلم صدیقی، نعیم عدنان، زبیر خان، عبدالعزیز شگری جبکہ جماعت اسلامی لاہور کے سیکرٹری جنرل اظہر بلال،، نائب امراء ملک شاہد اسلم، چوہدری محمد شوکت، قاص احمد بٹ، ڈپٹی سیکرٹری عبدالعزیز عابد، جبران بٹ، شعیب یعقوب، ڈاکٹر محمود، عامر نثار خان اور دیگر بھی موجود تھے۔ آل پارٹز کانفرنس میں یکجہتی کشمیر و فلسطین کے حوالے سے امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے قرارداد پیش کی جس کو سیاسی و مذہبی رہنماؤں کی جانب سے متفقہ طور پر منظور کیا گیا۔ اس موقع پر رہنماؤں کی جانب سے فلسطین میں اسرائیلی اور کشمیر میں بھارتی جارحیت کے خلاف شدید الفاظ میں مذمت کی اور تمام پارٹی رہنماؤں کی جانب سے کشمیر و فلسطین میں جاری ظلم وبربریت پر اقوام متحدہ اور عالمی امن کے اداروں کے مجرمانہ کردار کی مذمت کی گئی۔ آل پارٹز کانفرنس 5 فروری کو یکجہتی کشمیر و فلسطین کے موقع پر تمام سیاسی اور مسلکی اختلافات سے بالاتر ہو کر بھرپور انداز میں مظلوم مسلمانوں سے یکجہتی کا اظہار کرنے پر اتفاق کیا۔ اس موقع پر نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ اور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسئلہ فلسطین وکشمیر کو یورپ نے عالم اسلام پر مسلط کیا ہے۔ ٹرمپ کو اپنے غرور کا خمیازہ جلد بھگتنا پڑے گا۔ اسرائیل امریکا اور یورپ کی شہ پر سیز فائر ہونے کے باوجود فلسطینی مسلمانوں کا قتل عام کیا جا رہا ہے۔ مسئلہ کشمیر و فلسطین پر عالم اسلام اور عالمی برادری حسب دستور بے حسی کیساتھ مذمتوں تک محدود ہے۔ مسئلہ کشمیر اور فلسطین کو اقوام متحدہ کے قوانین کے مطابق حل ہونا چاہیے۔ بھارتی عوام نے مودی کے کشمیر سے متعلق اقدامات کو مسترد کر دیا ہے۔ بھارت نے مقبوضہ کشمیر میں تمام انسانی حقوق سلب کر رکھے ہیں۔ بھارت کا جمہوریت کا راگ الاپنا دوہرے معیار کا ثبوت ہے۔ قائدین نے کہا کہ فلسطینیوں کے حق کو تسلیم اور یہودیوں کو وہاں سے نکالا جائے۔ امت مسلمہ کا اتحاد اور جسد واحد بننا ہی اسلام دشمن طاقتوں کو شکست سے دوچار کر سکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 36

پر تبادلہ خیال کیا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ تمام کیڈرز کا پروموشن اینڈ سروس سٹرکچر بنا دیا گیا ہے اور 26 ہزار سے زائد ترقیاں دی گئیں۔ سی ٹی ڈی، سائبر و آرگنائزڈ کرائم یونٹ اور سیف سٹیز سمیت مختلف پولیس فارمیشنز میں مزید پروموشنز ہونگی۔ آئی جی پنجاب نے ترقی پانے والے افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی بے خوف حفاظت اور پاکستانیوں کی بے لوث خدمت یقینی بنائیں۔ ڈاکٹر عثمان انور نے مزید کہا کہ دہشت گردوں، شرپسندوں اور آئین شکن وکریمنلز کے آگے سیسہ پلائی دیوار بنے رہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد، ملتان، بہاولپور، ڈی جی خان، ساہیوال اور شیخوپورہ کے انسپکٹرز کو پروموشن رینک لگائے گئے۔ تقریب میں پروموٹ ہونے والے انسپکٹرز کے والدین، بچوں اور اہلخانہ کی بڑی تعداد نے شرکت۔ پروموٹ ہونے والے افسران نے آئی جی پنجاب سے اظہار تشکر کیا۔ تقریب میں ایڈیشنل آئی جی پنجاب سلطان احمد چوہدری، ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ون سلیمان سلطان رانا، ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ٹو کیپٹن ریٹائرڈ لیاقت علی ملک، اے ایس پی ڈیفنس شہر بانو نقوی اور زیر تربیت اے ایس پیز سمیت سینئر افسران موقع پر موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 37

کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی ہے تاہم حد نگاہ بہتر ہونے پر شاہراہوں کو مرحلہ وار کھول دیا گیا۔ دوسری جانب علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ و اطراف میں شدید دھند کے باعث حد نگاہ انتہائی کم رہی جس کے بعد متعدد پروازیں تاخیر کا شکار ہو گئیں۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق ابوظہبی سے لاہور آنے والی نجی ایئر لائن کی پرواز 431، دبئی سے لاہور آنے والی نجی ایئر لائن کی پرواز 417 دھند کے باعث تاخیر کا شکار ہو گئیں۔ پی آئی اے کی دوحہ سے لاہور آنے والی پرواز 280 جبکہ جدہ سے لاہور آنے والی غیر ملکی ایئر لائن کی پرواز 734، جدہ سے لاہور آنے والی نجی ایئر لائن کی پرواز 471، پی آئی اے کی دبئی سے لاہور آنے والی پرواز 204 بھی بروقت لینڈ نہ کر سکیں۔ کراچی سے لاہور آنے والی نجی ایئر لائن کی پرواز 524، کراچی سے لاہور آنے والی نجی ایئر لائن کی پرواز 406 تاخیر کا شکار رہی جبکہ لاہور سے جدہ جانے والی غیر ملکی ایئر لائن کی پرواز 739 منسوخ کر دی۔ لاہور سے ابوظہبی جانے والی غیر ملکی ایئر لائن کی پرواز 285، لاہور سے دبئی جانے والی پی آئی اے کی پرواز 203 جبکہ لاہور سے دبئی جانے والی نجی ایئر لائن کی پرواز 410 بھی بروقت سفر کا آغاز نہ کر سکیں۔

بقیہ بقیہ جات 38

جنگ بندی کو مستحکم کرنے کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ السیسی نے خطے میں مستقل امن تک پہنچنے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے عالمی برادری کی طرف سے ایک مستقل اور تاریخی امن معاہدے تک پہنچنے کے لیے ٹرمپ کی صلاحیت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خطے میں دہائیوں سے موجود تنازعات کا امن کے ذریعے خاتمہ ممکن ہے۔ مصری صدر نے امن عمل شروع کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا تاکہ خطے میں دیرپا امن کے حصول کو ممکن بنایا جا سکے۔

بقیہ بقیہ جات 39

دارالحکومت میں 240 سے زائد ملزمان گرفتار، 246 مقدمات درج کرتے ہوئے 03 ہزار سے زائد پتنگیں اور 329 ڈور کی چرخیاں برآمد کی گئیں۔ انہوں نے بتایا کہ گذشتہ سال لاہور سمیت صوبہ بھر میں 12525 ملزمان گرفتار اور 11866 مقدمات درج کیے گئے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ پتنگ بازی ممانعت ترمیمی بل کے قانون پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ آر پی اوز، سی پی اوز، ڈی پی اوز پتنگ بازوں، پتنگ فروشوں اور مینوفیکچررز کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی لائیں۔ آئی جی پنجاب نے مزید کہا کہ جان لیوا سرگرمی کی ہرگز اجازت نہیں، خونی دھندے میں ملوث افراد کے خلاف زیرو ٹالرنس اپنائیں اور دھاتی ڈور اور پتنگوں کے آن لائن کاروبار میں ملوث عناصر کو بھی قانون کی گرفت میں لایا جائے۔ والدین اپنے بچوں کو اس خونی کھیل سے دور رکھیں جبکہ شہری کسی بھی مقام پر پتنگ بازی کی صورت میں 15 پر اطلاع دے کر ذمہ داری کا ثبوت دیں۔

بقیہ بقیہ جات 40

میں منتقل کرنے کی تجویز دی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 41

اپنے عزیزوں کو تلاش کر رہی تھیں۔ جبکہ ان کے عزیزوں کی نگاہیں انہیں پہچاننے کی کوشش کر رہی تھیں۔

بقیہ بقیہ جات 42

کی مہم کیلئے 2654 ٹرانزٹ، 4888 فکسڈ، 85 ہزار موبائل ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 43

خاتمہ کر کے ملکی ترقی کا راستہ روکا گیا، ہم نے ملک سے لوڈشیڈنگ اور دہشت گردی کا خاتمہ کیا، نواز شریف کے دور حکومت میں 11 ہزار میگاواٹ بجلی نظام میں شامل کی۔ احسن افضل کھوکھر نے کہا کہ پاکستان میں ترقی کے لئے سیاسی استحکام اور پالیسیوں کا تسلسل ضروری ہے، اڑان پاکستان منصوبہ گیم چینجر ثابت ہوگا، پاکستان نے مختلف شعبوں میں کامیابی حاصل کی ہے، آج پاکستان دنیا کی ساتویں ایٹمی قوت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ الحمدللہ مریم نواز شریف نے شب و روز محنت اور نیک نیتی سے بڑے ہی قلیل عرصہ میں اپنا لوہا منوا لیا ہے، سیاسی حریف، عوام سب ہی معترف ہیں، اللہ تعالیٰ مزید عوامی خدمت کی توفیق دے۔

بقیہ بقیہ جات 44

ہمیشہ جمہوریت کی مضبوطی کے لیے قربانیاں دی ہیں اور اس کی تاریخ شہدا کی قربانیوں سے بھری پڑی ہے۔ شہید ذوالفقار علی بھٹو اور محترمہ بینظیر بھٹو نے ملک وقوم کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا تاکہ جمہوری نظام کو مضبوط اور مستحکم کیا جا سکے۔ رانا جمیل منج نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اپنے نانا اور والدہ کے مشن کو آگے بڑھا رہے ہیں اور ملک کو بحرانوں سے نکالنے کے لیے دن رات محنت کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 45

کا عظیم معجزہ ہے معراج مصطفیٰ ﷺ ہر مسلمان کے ایمان کا لازمی حصہ ہے ہم اپنے عقائد و نظریات پر ہر صورت پہرا دیں گے، معراج النبی ﷺ عظمت مصطفیٰ ﷺ کے کئی درخشاں معجزات کا مجموعہ ہے۔ سرور کائنات ﷺ کی ہستی کے عروج اور آپ کی تعلیمات میں انسانیت کا عروج مضمر ہے۔

بقیہ بقیہ جات 46

ایس ایف کے زیر اثر اسپتال پر ڈرون حملہ کیا گیا تھا، جس میں 70 افراد ہلاک ہو گئے تھے۔ ان حملوں کا الزام بھی باغی فوجی گروہ آر ایس ایف پر عائد کیا جا رہا ہے۔ سوڈان میں اپریل 2023 سے سوڈانی فوج اور آر ایس ایف کے درمیان خونریز جھڑپیں جاری ہیں، جس کے نتیجے میں ہزاروں افراد جان کی بازی ہار چکے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 47

گئی۔ پنجاب اسمبلی میں جمع آڈٹ رپورٹ کے مطابق ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی ملتان نے مالی سال 2020.21 میں ہی 71 ملین روپے کی متفرق سامان کی غیر قانونی خریداری کی، 71 ملین روپے کی خریداری کے متفرق سامان کے لئے ٹینڈرز بھی جاری نہیں کئے گئے۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق سی ای او ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی ملتان نے 256 ملین روپے جاری ہونے کے باوجود سرکاری ہسپتالوں میں آنے والے نادار مریضوں کے لئے ادویات کی خریدی نہ کی۔

بقیہ بقیہ جات 48

خالد نیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک دشمن پاکستان کے امن کو تباہ کرنے کیلئے جو اوچھے ہتھکنڈے استعمال کر رہے ہیں اس میں انہیں کامیابی نہیں ملے گی پاک فوج کی موجودگی میں کسی دہشتگردی کی کوئی چال کامیاب نہیں ہو سکتی 23 دہشتگردوں کی ہلاکت سے دہشتگرد اور ان کے سہولت کا سبق حاصل کریں کہ ہماری مسلح افواج جاگ رہی ہیں ہم آپریشن میں شہید ہونے والے جوانوں کے لواحقین سے مکمل ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 49

سعیر سے تعلق رکھنے والے بچے احمد الفروخ کے گھر پر اسرائیلی فوجوں کے دھاوا بولنے کی ویڈیو سامنے آئی ہے۔ ویڈیو میں عورت کی آواز سنائی دے رہی ہے جو کہہ رہی ہے کہ خدا تمہیں برباد کرے، تم نے کرسیاں توڑ ڈالیں۔

بقیہ بقیہ جات 50

حکومت سے درخواست کی کہ وہ بھارتی حکام سے فوری طور پر رابطہ کریں اور ان کی جان کی حفاظت کو یقینی بنائیں۔

بقیہ بقیہ جات 51

،مبارک میو، عرفان میو، قاسم میو، شیخ احمد، شیخ عمران سمیت لاہور سے تعلق رکھنے والے وکلاء کی کثیر تعداد نے شرکت کی، اس موقع پر پروفیسر اسحٰق میو، ایڈووکیٹ شکیل اسحٰق خان میو نے وکلاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان وکلاء پاکستان کا بہترین مستقبل ہیں وکلاء پاکستان کی ایک اہم برادری ہے آج ان کو پاکستان کی ریاست کے اہم ستون عدلیہ میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے، پاکستان کے وکلاء کو اپنی توانائی ملک میں انصاف اور رول آف لاء کی بالادستی کیلئے خرچ کرنی چاہئیں اور وکلاء کی بار ایسوسی ایشن کو عدلیہ کے ساتھ مل کر اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ لوگوں کو عدالتوں کے ذریعے جلد انصاف ملے۔

بقیہ بقیہ جات 52

ماموں کانجن کے علاقہ 500 گ ب کی شاہین بی بی کی بیٹی (آ) کو صدام وغیرہ ، سمندری کے علاقہ 177 گ ب کے شبیر کی بیٹی (ن) کو عمر وغیرہ ، مریدوالہ کے علاقہ 195 گ ب کے محمود علی کی بھانجی (ز) کو نامعلوم ملزمان لے اڑے ، پیپلز کالونی کے رہائشی شہریار کا والد شاہ نواز گھر سے ریلوے اسٹیشن آیا واپس نہ گیا، صدر کے علاقہ گرین ویلی کے رہائشی عبداللہ کا بھائی افضل دکان پر گیا تھا اور جڑانوالہ کے علاقہ عمران نے بتایا کہ اس کا بھائی عثمان الیکٹرانکس شاپ پر گیا واپس نہ پہنچا، پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ بقیہ جات 53

میں کمی سے ملک میں سرمایہ کاری میں اضافہ ہوگا جس سے روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ حکومت سے اپیل ہے کہ ٹیکسز کی تعداد اور شرح میں بھی کمی کی جائے، توانائی کے نرخ بھی ناقابل برداشت ہیں جس کی وجہ سے پیداواری لاگت زیادہ ہونے سے مہنگائی کم ہونے کے اثرات اس طرح عوام کو منتقل نہیں ہوئے جو ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ کم افراط زر کی شرح کی بدولت پالیسی ریٹ میں کمی آئی ہے اور امید ہے کہ آئندہ مہینوں میں افراط زر میں مزید کمی ہوگی۔ معیشت کی بحالی کے حوالے سے وزیراعظم شہباز شریف اور ان کی معاشی ٹیم کی کوششیں لائق تحسین ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 54

بھی نئے۔ ٹرمپ سے مصر اور اردن کی جانب سے غزہ کی پٹی کے فلسطینیوں کی جبری ہجرت مسترد کرنے سے متعلق موقف کے حوالے سے سوال کیا گیا تو ان کا جواب تھا کہ وہ دونوں ایسا کریں گے .... ہم ان دونوں کی مدد کریں گے اور وہ اس بات کو قبول کر لیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 55

ماہرین صحت اور مقررین کینسر کی تباہ کاریوں اور اس سے بچاؤ کے متعلق معلومات فراہم کریں گے۔ پاکستان سمیت دنیا بھر میں کینسر سے بچاؤ کا عالمی دن ہر برس کی طرح امسال بھی 4 فروری کو منایا جائے گا۔ عالمی ادارہ صحت کے مطابق غریب اور ترقی پذیر ممالک میں 70 فیصد اموات کینسر کے باعث ہوتی ہیں۔ ورلڈ کینسر ریسرچ فاؤنڈیشن کی ایک رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں ہر سال بیس ہزار سے زائد افراد الکوحل کے استعمال سے کینسر کے مرض کا شکار ہو جاتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 56

سے شکار کرنے والوں کے خلاف بھی کارروائی کی مخبری ہونے پر محکمہ وائلڈ لائف ٹیم لاہور اور شیخوپورہ نے چھاپہ مارا اور 70 ہزار کے جرمانے عائد کرنے کے ساتھ ایف آئی آر کے لیے استغاثہ دے دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق غیر قانونی شکار کے خلاف سخت کریک ڈاؤن جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 57

ہے کہ سانگلہ ہل کے عوام کا دیرینہ مسئلہ پینے کا صاف پانی کیوں حل نہیں کیا جا رہا جبکہ اس حوالے سے متعدد بار مقامی ایم پی اے اور ڈی سی ننکانہ صاحب کی توجہ بھی مبذول کروائی جا چکی ہے سانگلہ ہل کے عوام نے ڈی سی ننکانہ صاحب اور ایم پی اے سلطان باجوہ سے اپیل کی ہے کہ سانگلہ ہل کے عوام کو پینے کا صاف پانی مہیا کیا جائے اور فوری طور پر شہر بھر میں فلٹریشن پلانٹ لگائے جائیں تاکہ عوام صحتمند زندگی گزار سکیں۔

بقیہ بقیہ جات 58

سیکرٹری میاں محمد اعظم شریف ایڈووکیٹ، یوتھ ونگ کے سابق ضلعی صدر چوہدری علی طارق چیمہ، محمد جاوید انور بھٹی، چوہدری مدثر عزیز، ایم ایس پنجاب کے نائب صدر چوہدری محمد عاصم رندھاوا، ن لیگ کے سٹی صدر محمد حنیف گواسکر اور دیگر لیگی عمائدین خطاب کرینگے۔

بقیہ بقیہ جات 59

کے چیئرمین راجہ نجابت حسین کی زیر قیادت کانفرنس میں مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے اور کشمیری عوام کو انصاف دلانے کے لیے عالمی کوششوں کو جاری رکھنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ مقررین نے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ بھارت اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عملدرآمد کرے اور کشمیریوں کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنائے۔

بقیہ بقیہ جات 60

شامل ہے جس پر انہوں نے مائیکروسافٹ سرٹیفکیشن حاصل کی ان کے ذاتی نوٹس دستاویزات اور دیگر اشیاء بھی میوزیم کا حصہ ہیں جنہیں دیکھ کر طلبہ میں بھی کچھ کر گزرنے کا جوش پیدا ہوتا ہے۔ منتظمین کے مطابق ارفع کریم کے زیر استعمال رہنے والی اشیاء لائل پور میوزیم کا حصہ ہونا نہ صرف اعزاز کی بات ہے بلکہ دیکھنے والوں کے لیے مشعل راہ بھی ہے۔ ارفع کریم 14 جنوری 2012 کو انتقال کر گئی تھیں۔

بقیہ بقیہ جات 61

سب یہ تمام اقدار ختم ہو رہی ہیں، حقیقت یہ ہے کہ دنیا کے معاشروں اور فرقوں میں مذہبی انتہاپسندی اور عدم برداشت میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے، جس کے خاتمے کیلئے انسانی یکجہتی اور بھائی چارہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 62

نے صدر کے ہاتھوں تحلیل کی گئی قومی اسمبلی، کابینہ اور وزیراعظم کو بحال کر کے عدلیہ کی تاریخ کا دھارا بدل دیا تھا۔ چیف جسٹس نسیم حسن شاہ پاکستان کے 12 ویں چیف جسٹس تھے وہ 26 اپریل 1993ء سے 14 اپریل 1994ء تک پاکستان کے چیف جسٹس رہے وہ 3 فروری 2015ء کو انتقال کر گئے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 63

بھی کہیں ثابت کر سکی، حافظ نعیم الرحمن لیڈر بننے کے چکر میں مولانا فضل الرحمن پر تنقید کرنے سے باز آ جائیں اور ہمیں سخت لہجہ اختیار کرنے پر مجبور نہ کریں۔

بقیہ بقیہ جات 64

پاکستان میں 41 ویں عالمی نمائش کے انعقاد کے حوالے سے ساؤتھ زون سے مشاورت کے بعد رواں ہفتے میں ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کو مجوزہ تاریخوں کے حوالے سے آگاہ کر دیا جائے گا۔ وائس چیئرمین ریاض احمد کی زیر صدارت ایسوسی ایشن کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں پیٹرن انچیف عبداللطیف ملک، چیئرپرسن سی ٹی آئی اعجاز الرحمان، سینئر مرکزی رہنما عثمان اشرف، سعید خان قمر ضیاء، عثمان رشید، علی احمد، سعد الرحمان، بلال احمد بٹ اور محمد جعفر خالد شریک ہوئے۔ ٹڈیپ کے نمائندے نے بھی ترکیہ کی نمائش کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اجلاس میں ترکیہ میں منعقد ہونے والی عالمی نمائش میں شرکت کرنے والے مینوفیکچررز اور برآمد کنندگان نے رپورٹ پیش کی جبکہ اس دوران آئندہ سال بھرپور شرکت کے حوالے سے مختلف تجاویز بھی زیر غور آئیں۔

بقیہ بقیہ جات 65

پٹی میں خاص طور پر شمال میں مکانات اور خیموں کی تعمیر کے لیے ملبے کو ہٹانا پڑے گا جس کے لیے بھاری سازو سامان کے لیے متعدد مقامات کو نامزد کیا جائے گا۔ ذرائع نے غزہ میں چھوٹے فیلڈ ہسپتالوں کے قیام کے لیے ثالثوں کے درمیان جاری ہم آہنگی کے بارے میں بھی بات کی۔ اس کے علاوہ ذرائع نے کہا کہ یورپی یونین اور مصر فلسطینی عناصر کو رفح کراسنگ کے انتظام اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کے قابل بنانے کے لیے کام کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 66

کہ دونوں فریقوں نے اس بات پر اتفاق کیا ہے کہ یرغمالیوں کے معاہدے کے دوسرے مرحلے پر مذاکرات اس وقت شروع ہوں گے جب وہ سوموار کو واشنگٹن میں صدر ٹرمپ سے ملاقات کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 67

عبدالغفار اور جنرل سیکرٹری خواجہ ریاض حسین نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ پاکستان میں آنے والی حکومتوں نے عوام کا خون نچوڑنے کے لئے ایمرجنسی کی طرز پر اقدامات اٹھائے، بدقسمتی سے ہمیں شروع سے سمت نہیں مل سکی، جو بھی حکومت آئی اس نے اپنی مرضی کی پالیسیاں بنائیں جس کے نتائج آج سب کے سامنے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 68

میں منشیات فروشی عروج پر پہنچ گئی۔ نوجوان نسل تباہ ہونے لگی۔ تفصیلات کے مطابق سکیورٹی اداروں کی ناک کے نیچے اور منشیات فروشوں کی لسٹیں انتظامیہ کے پاس ہونے کے باوجود منشیات فروش بیلگام سانگلہ ہل سٹی کے محلہ احمد آباد، محلہ پرانا چور، محلہ چور سکھاں، محلہ طارق آباد مچھر کالونی، سبزی منڈی، ریلوے حدود میں کار سٹینڈ، کمیٹی بازار، میلاد چوک حمید نظامی روڈ سمیت دیہاتوں چک نمبر 119 بھلیر، چک نمبر 120 ڈیرہ بھلیل سنگھ، چک نمبر 120 ڈوگری، چک نمبر 122 پنڈوریاں، چک نمبر 116 گھلے باجوے، چک نمبر 42 مرڑ، چک نمبر 41 روڑی والا، چک نمبر 111، منڈی مڑھ بلوچاں، جٹھہ چک نمبر 46 چک نمبر 118 چور مسلم سمیت دیگر دیہاتوں میں منشیات فروشی سرعام ہونے لگی۔

بقیہ بقیہ جات 69

مرکوز کی گئی ہے ، ہمارے زرعی سائنسدان انتہائی باصلاحیت ہیں جن سے ہر معاملے پر مشاورت کی جا رہی ہے۔ اپنے بیان میں ایم ڈی پنجاب سیڈ کارپوریشن علی ارشد رانا نے کہا کہ ادارے میں کام کرنے والے تمام افسران اور عملہ پرعزم ہے کہ ہم نے انوویشن کی طرف جانا ہے اور ٹرانسفارمیشن کے ذریعے اس پر عملی پیشرفت اس کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 70

جانے لگا عوام کو ریلیف دلوانے کے بلند و بانگ دعوے دھرے کے دھرے ہی رہ گئے نرخنامے جاری کرنے کے بعد ان پر عملدرآمد کروانے کی تکلیف گوارہ نہیں کی جاتی گراں فروشی عروج پر پہنچ چکی ہے مارکیٹ کمیٹی کے نرخنامے ہوا میں اڑا دیے گئے دوکاندار مرضی کے مطابق اشیا خورد ونوش، سبزیوں اور پھلوں کے ریٹ لے رہے ہیں پرائس کنٹرول کمیٹی بے اثر ہو گئی

مسئلہ فلسطین وکشمیر کو یورپ نے عالم اسلام پر مسلط کیا ہے: ضیاء الدین انصاری

مسئلہ کشمیر اور فلسطین کو اقوام متحدہ کے قوانین کے مطابق حل ہونا چاہیے، امت مسلمہ کا اتحاد اور جسد واحد بننا ہی اسلام دشمن طاقتوں کو شکست سے دوچار کرسکتا ہے، امیر جماعت اسلامی

اسرائیل امریکا اور یورپ کی شہ پر سیز فائر ہونے کے باوجود فلسطینی مسلمانوں کا قتل عام کیا جارہا ہے، نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ کا رہنماؤں کا آل پارٹیز کانفرنس سے خطاب

لاہور (خبر نگار) جماعت اسلامی لاہور کے زیر اہتمام ہفتہ قومی یکجہتی کشمیر و فلسطین کے حوالے سے آل پارٹیز کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں کی صدارت امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کی اور اے پی سی میں نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ کی شرکت اور خطاب کیا۔ آل پارٹیز کانفرنس میں شہر لاہور کے مذہبی و سیاسی پارٹیوں کے رہنماؤں کی شرکت اور 5 فروری کو یکجہتی کشمیر و فلسطین کیساتھ اظہار یکجہتی کا عزم کیا گیا۔ سیاسی رہنماؤں کی جانب سے جماعت اسلامی کے مسئلہ فلسطین و کشمیر کے حل کیلئے طویل جدوجہد پر خراج تحسین کیا گیا۔ آل پارٹیز کانفرنس میں ملک کی نامور سیاسی و مذہبی جماعتیں مسلم لیگ ق، جمعیت علماء اسلام ف، جمعیت پاکستان، مجلس احرار اسلام، ملی یکجہتی کونسل، تنظیم اسلامی، جماعۃ الدعوۃ، منہاج القرآن، استحکام پاکستان، شیعہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

آل پارٹیز کشمیر و فلسطین کانفرنس

لاہور: جماعت اسلامی لاہور کے زیر اہتمام قومی یکجہتی کشمیر و فلسطین آل پارٹیز کانفرنس سے لیاقت بلوچ خطاب کر رہے ہیں

جب بھی عام انتخابات ہونگے 8 فروری پلس ہوگا: مسرت چیمہ

عمران خان باہر آئینگے تو نام نہاد مقبول حکمرانوں کو اپنی سیاست سمیٹنے کا بھی موقع نہیں ملے گا' اسی دن سے حقیقی آزادی کا آغاز ہوگا

عمران خان کی مسلسل اور انتھک سیاسی جدوجہد کی وجہ سے عوام کو اپنے حقوق کا شعور ملا اسی وجہ سے حکمران بدترین خوف کا شکار ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ 8 فروری کو عوام پرامن احتجاج کر کے حکمرانوں پر واضح کر دیں گے وہ اپنے مینڈیٹ پر ڈالے گئے ڈاکے کو ہرگز نہیں بھولے، وہ دن دور نہیں جب عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی باعزت سرخرو ہوں گے اور جھوٹے اور بے بنیاد مقدمات بنانے والے منہ چھپاتے پھریں گے، عمران خان کی مسلسل اور انتھک سیاسی جدوجہد کی وجہ سے عوام کو اپنے حقوق کا شعور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

اسرائیلی جیلوں سے رہائی پانے والے فلسطینی قیدیوں کی تین بسوں پر غزہ آمد

اکثر نے سرمئی رنگ کا قیدیوں والا لباس پہن رکھا تھا، سینکڑوں فلسطینیوں نے والہانہ استقبال کیا

خان یونس (این این آئی) قیدیوں کے رہائی تبادلے کے سلسلے میں اسرائیلی جیلوں سے رہائی پانے والے فلسطینیوں کو تین بسوں پر خان یونس لایا گیا۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے کے مطابق اکثر قیدیوں نے سرمئی رنگ کا قیدیوں والا لباس پہن رکھا تھا۔ جن کا راستے میں سینکڑوں فلسطینیوں نے والہانہ استقبال کیا۔ خاص طور پر جب یہ اسیران یورپین ہسپتال پہنچے۔ اسیران کو رہائی کے بعد گھروں کی طرف جانے سے پہلے ہسپتال لے جایا گیا جہاں ان کا چیک اپ کیا گیا۔ ان کی رہائی کے موقع پر فلسطینی عوام نے بھرپور نعرہ بازی کرتے ہوئے کہا' ہم اپنے خون اور روح سے تمہیں آزادی دلوائیں گے۔ کئی قیدیوں نے بسوں کی کھڑکیوں سے اپنے بازو باہر نکال کر فتح کا نشان بنایا۔ ان قیدیوں کی نگاہیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں انسانی بھائی چارے کا عالمی دن 4 فروری کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں انسانی بھائی چارے کا عالمی دن 4 فروری کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد ہمدردی، مذہبی تفہیم اور باہمی احترام کی اقدار کو فروغ دینا ہے، امن کے فروغ اور انسانیت کو متحد کرنے کے لیے یہ اقدار انتہائی اہمیت کے حامل ہیں لیکن پوری دنیا میں تنازعات اور اختلافات کو بڑھاوا دے کر تقسیم، عدم مساوات اور بڑھتی ہوئی مایوسی کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

استاد تصدق علی خان کی یاد میں ایک شام
شام چوراسی گھرانہ
LAHORE PRESS CLUB

لاہور: لاہور پریس کلب کے صدر ارشد انصاری معروف کلاسیکل گلوکار استاد تصدق علی خان کی یاد میں ایک شام پروگرام میں اظہار خیال کر رہے ہیں

بزدار حکومت میں ملتان کے سرکاری ہسپتالوں میں سامان کی غیر قانونی خریداری کا انکشاف

ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی نے 256 ملین وصول کرنے کے باوجود مستحق مریضوں کیلئے ادویات کی خریداری نہ کی

71 ملین روپے کی خریداری کے متفرق سامان کے لئے ٹینڈرز بھی جاری نہیں کئے گئے' آڈٹ رپورٹ میں انکشاف

لاہور (این این آئی) سرکاری دستاویزات میں پاکستان تحریک انصاف کے دور میں کروڑوں روپے کی بے ضابطگیاں سامنے آنے کا سلسلہ جاری ہے، پنجاب اسمبلی میں جمع کرائی گئی 2020-21 کی آڈٹ رپورٹ میں ملتان کے سرکاری ہسپتالوں میں سامان کی غیر قانونی خریداری کا انکشاف ہوا ہے جبکہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی ملتان نے ادویات کی خریداری کے لئے 256 ملین روپے وصول کرنے کے باوجود ادویات کی خریداری نہیں کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

خدا تمہیں برباد کرے، فلسطینی خاتون کی اسرائیلی فوجیوں کے دھاوے کے موقعے پر بددعا کی ویڈیو

غزہ (این این آئی) اسرائیل اور حماس کے درمیان قیدیوں کے تبادلے کی تیسری کھیپ کے ایک حصے کے طور پر اسرائیلی جیلوں سے 100 سے زائد فلسطینی قیدیوں کی رہائی سے چند گھنٹے قبل غرب اردن میں اسرائیلی فوجیوں نے رہا ہونے والے قیدیوں کے کئی گھروں پر دھاوا بول دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسی تناظر میں غرب اردن کے جنوبی شہر الخلیل کے نواحی علاقے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 49)

راولپنڈی: موٹر سائیکل سوار بچوں کی گاڑی کے ساتھ لیاقت روڈ سے گزر رہا ہے

فیصل آباد، اوباش افراد نے چھ خواتین سمیت 9 افراد کو اغواء کرلیا

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد اوباش افراد نے چھ خواتین سمیت 9 افراد کو اغواء کرلیا' پولیس نے مغویان کی بازیابی کیلئے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پیپلز کالونی کے علاقہ ریلوے کالونی کے ایاز کی بیٹی (ع) کو نیاز وغیرہ' صدر کے علاقہ ہمایوں نگر کے ظہیر عباس کی اہلیہ (س) بازار گئی واپس نہ آئی' صدر کے علاقہ عوامی ٹاؤن کے محسن علی کا کہنا ہے کہ اسکے بیٹے عرفان کو اسکی خالہ نے اغواء کیا' کھرڑیانوالہ کے علاقہ 216 رب کے سلیمان کی اہلیہ (ش) کو شعیب وغیرہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں کینسر سے بچاؤ کا عالمی دن 4 فروری کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں کینسر سے بچاؤ کا عالمی دن 4 فروری کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد عوام میں اس خطرناک اور جان لیوا مرض سے آگاہی اور اس سے بچاؤ کے متعلق شعور پیدا کرنا ہے کینسر کے عالمی دن کے موقع پر فیصل آباد سمیت ملک بھر میں سماجی تنظیموں اور محکمہ صحت کے زیر اہتمام سیمینارز، واکس اور مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 55)

نوجوان وکلاء پاکستان کا بہترین مستقبل ہیں' پروفیسر اسحٰق میو

وکلاء عدالتوں میں پیشہ وارانہ کردار ادا کریں' ظہرانے کی تقریب میں خطاب

لاہور (این این آئی) پاکستان کیسٹ ریٹیلرز ایسوسی ایشن کے مرکزی چیئرمین پروفیسر اسحٰق میو کی جانب سے نوجوان وکلاء کے اعزاز میں ظہرانے کا اہتمام کیا گیا جس میں چوہدری تنویر میو، چوہدری شاہد میو، چوہدری نعیم اسحاق، نبیل یاسین، چوہدری راشد الیاس، چوہدری سرفراز میو، گلفام اشرف، بلال میو، غلام مرتضیٰ، ملک مجاہد، جواد ڈوگر، اسرار میو، چوہدری ساجد محمود (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)

پالیسی ریٹ کو 5 سے 6 فیصد پر لاکر تین سال کیلئے منجمد کیا جائے' اشرف بھٹی

ٹیکسز کی تعداد، شرح میں بھی کمی کی جائے، توانائی کے نرخ ناقابل برداشت ہیں' صدر انجمن تاجران

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ پالیسی ریٹ میں کمی خوش آئند ہے لیکن موجودہ شرح اب بھی بہت زیادہ ہے، پالیسی ریٹ کو رواں مالی سال کے دوران 5 سے 6 فیصد کی سطح پر لاکر کم از کم تین سال کیلئے منجمد کیا جائے، تاجروں کے لئے بجلی اور گیس کے نرخوں میں کمی کی جائے۔ اپنے بیان میں اشرف بھٹی نے کہا کہ پالیسی ریٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

غزہ کی آبادی کی جبری ہجرت کے حوالے سے ہمارا موقف واضح ہے، عرب لیگ

ہم چاہتے ہیں کہ امریکی جانب غزہ کے حوالے سے عرب موقف بھی سنے، سیکرٹری جنرل

غزہ (این این آئی) عرب لیگ کے معاون سیکرٹری جنرل حسام زکی نے کہا ہے کہ غزہ کی آبادی کی جبری ہجرت کے حوالے سے ہمارا موقف واضح ہے۔ عرب ٹی وی کو دیے گئے بیان میں ان کا کہنا تھا کہ فلسطینیوں کو جبری طور سے ہجرت کرانے کے معاملے میں عرب موقف ثابت قدمی پر مبنی ہے۔ حسام کے مطابق ہم چاہتے ہیں کہ امریکی جانب غزہ کے حوالے سے عرب موقف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

لاہور: باغ جناح میں مختلف رنگوں کے کھلے ہوئے پھول خوبصورت منظر پیش کر رہے ہیں

عوام کا اعتماد پیپلز پارٹی کی طاقت ہے' رانا جمیل منج

ہم نے ہر مشکل وقت میں عوام کے حقوق کا دفاع کیا ہے' جنرل سیکرٹری لاہور

رائے ونڈ (این این آئی) پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے حقوق کی جنگ لڑ کے جمہوریت کی مضبوطی کا ثبوت دیا ہے، اس وقت صدر مملکت آصف علی زرداری کی دانشمندانہ قیادت ملک کے استحکام کی ضمانت ہے، عوام کا اعتماد پیپلز پارٹی کی طاقت ہے اور یہ اعتماد ہمیشہ برقرار رہے گا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پیپلز پارٹی نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

معراج النبی حضور ﷺ کا عظیم معجزہ ہے' صاحبزادہ نعمان شاکر

محبوب خدا سرور کائنات ﷺ کی ہستی کے عروج، آپ کی تعلیمات میں انسانیت کا عروج مضمر ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان سنی تحریک راوی ٹاؤن فیز 2 لاہور کے زیر اہتمام جلسہ معراج النبی ﷺ و ماہانہ درس العقائد و الفقہ کا انعقاد کیا گیا اس موقع پر صاحبزادہ نعمان شاکر سیکرٹری جنرل پاکستان سنی تحریک لاہور، مفتی اکمل قادری سید احمد رضا شاہ سیفی، سید عثمان شاہ، محمد سلیم قادری، میاں شہباز احمد، حافظ صفدر، غلام دستگیر عطاری، قاری عبداللہ و دیگر نے خطاب میں کہا کے معراج النبی حضور ﷺ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

PAKISTAN CARPET MANUFACTUR
& EXPORTERS ASSOCIATIO
PCMEA

لاہور: پی سی ایم ای اے کے وائس چیئرمین ریاض احمد اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پتنگ بازی ممانعت ترمیمی بل، پنجاب پولیس انسداد پتنگ بازی ایکٹ پر سختی سے عملدرآمد کروانے میں مصروف عمل

Trained to Serve
City Police

پنجاب پولیس صوبہ بھر میں پتنگ بازی ممانعت ترمیمی بل اور انسداد پتنگ بازی ایکٹ پر سختی سے عملدرآمد کروانے میں مصروف عمل

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پتنگ بازی ممانعت ترمیمی بل کی روشنی میں پنجاب پولیس انسداد پتنگ بازی ایکٹ پر سختی سے عملدرآمد کروانے میں مصروف عمل ہے۔ تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ رواں سال ایک ماہ کے دوران لاہور سمیت صوبہ بھر میں انسداد پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی پر 770 ملزمان گرفتار اور 747 مقدمات درج کیے گئے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ 48 ہزار سے زائد پتنگیں اور 1764 ڈور چرخیاں برآمد کی گئیں جبکہ 500 سے زائد کیسز کے چالان جمع کروائے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ صوبائی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

سوڈان، ریپڈ سپورٹ فورس کا بازار پر حملہ، 54 افراد جاں بحق

آر ایس ایف نے گولہ بارود سے بازار پر حملہ کیا، 158 زخمی ہوئے، غیر ملکی میڈیا

خرطوم (این این آئی) سوڈان کے شہر ام درمان میں باغی فوجی گروہ ریپڈ سپورٹ فورس (آر ایس ایف) نے ایک بازار پر حملہ کردیا، جس کے نتیجے میں 54 افراد جاں بحق اور 158 زخمی ہو گئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق آر ایس ایف نے گولہ بارود سے بازار پر حملہ کیا، جس کے بعد علاقے میں افراتفری پھیل گئی۔ یہ واقعہ ایک ہفتے بعد پیش آیا، جب سوڈان کے دارفور علاقے میں بھی آر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

قلات میں دہشتگردی حملے کی بھرپور مذمت کرتے ہیں' قاری اعظم حسین

ہر پاکستانی دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ ہے

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ قلات میں دہشتگردی حملے کی بھرپور مذمت کرتے ہیں، 25 دہشت گرد جہنم واصل کرنے پر بہادر سکیورٹی اہلکاروں کی بہادری کو سراہتے ہیں، ہر پاکستانی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

سکھ فار جسٹس کا بھارت سے پھر علیحدگی کا مطالبہ، ریفرنڈم کا اعلان

مودی حکومت کا مقصد امریکا اور کینیڈا میں سکھ رہنماؤں کو ہلاک کرنا ہے، سکھ رہنما گرپتونت سنگھ پنوں

بھارتی حکومت خالصتان تحریک کے رہنماؤں کے قتل کی منصوبہ بندی کر رہی ہے، الزام

نیو یارک (این این آئی) سکھ فار جسٹس نے بھارت سے علیحدگی کے مطالبے کو مزید تقویت دیتے ہوئے 23 مارچ 2025 سے امریکا میں ایک ریفرنڈم شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سکھ رہنما گرپتونت سنگھ پنوں نے کہا کہ بھارتی حکومت خالصتان تحریک کے رہنماؤں کے قتل کی منصوبہ بندی کر رہی ہے اور مودی حکومت کا مقصد امریکا اور کینیڈا میں سکھ رہنماں کو ہلاک کرنا ہے۔ پنوں نے کینیڈا میں ہردیپ سنگھ نجار کے قتل کا حوالہ دیتے ہوئے مزید کہا کہ انہیں بھی امریکی سرزمین پر قتل کرنے کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں۔ گرپتونت سنگھ پنوں نے امریکا کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

لاہور: تعطیل کے روز فیملیاں باغ جناح کی سیر کیلئے آئی ہوئی ہیں

محکمہ وائلڈ لائف نے اندرون شہر میں کارروائی کر کے حنوط شدہ جانور برآمد کر لئے

مگرمچھ، باز، شیر، جیکال، سانپ، کچھوے، کینگروز، جنگلی بلیاں، انڈیا چھپکلیاں برآمد

لاہور (این این آئی) محکمہ وائلڈ لائف پنجاب نے اندرون شہر میں کارروائی کر کے حنوط شدہ جانور برآمد کر لئے۔ اندرون شہر لاہور میں اکبری دواخانہ پر چھاپہ مار کر مگرمچھ، باز، شیر، جیکال، سانپ، کچھوے، کینگروز، جنگلی بلیاں، انڈیا چھپکلیاں برآمد کی گئیں۔ ترجمان کے مطابق دواخانہ حنوط شدہ جانوروں کا تیل نکال کر فروخت کرتا تھا، حنوط شدہ جانوروں کو جلو پارک میں منتقل کر دیا گیا، دواخانہ مالک کے خلاف قانونی کارروائی کو مکمل کر دیا گیا۔ محکمہ وائلڈ لائف نے کرول گھاٹی میں کتوں کی مدد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 56)

سانگلہ ہل میں پینے کا صاف پانی نایاب ہوگیا

بچوں اور بزرگوں میں ہیپاٹائٹس جیسی مہلک بیماریاں پھیلنے لگیں

ننکانہ صاحب (این این آئی) سانگلہ ہل میں پینے کا صاف پانی نہ ہونے کی وجہ سے لوگ ہیپاٹائٹس جیسی مہلک بیماریوں کا شکار ہونے لگے ہیں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال سانگلہ ہل میں ہیپاٹائٹس کے مریضوں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ بچے اور بزرگ صاف پانی نہ پینے کی وجہ سے ہیپاٹائٹس جیسی مہلک بیماری میں مبتلا ہو رہے ہیں جس کے لئے ضروری ہے کہ عوام پانی کو ابال کر استعمال کریں اور اگر بچے یا بزرگ پیٹ درد میں مبتلا ہو جائیں تو فوری طور پر ڈاکٹر سے رجوع کریں تاکہ اس مہلک بیماری سے محفوظ رہا جا سکے بعد ازاں سانگلہ ہل کے عوام میں اس امر کی گہری تشویش پائی جاتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 57)

انسپکٹر رینک پر ترقی پانے والے 24 افسران کو رینک لگانے کی تقریب کا انعقاد

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے تقریب پروموشن پانے والے انسپکٹر احمد بخش کی نابینا بچیوں سے منسوب کر دی، ترجمان پنجاب پولیس

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے سینئر افسران اور زیر تربیت اے ایس پیز کے ہمراہ انسپکٹرز کو پروموشن رینک لگائے

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر سنٹرل پولیس آفس میں انسپکٹر رینک پر ترقی پانے والے 24 افسران کو رینک لگانے کی تقریب منعقد کی گئی۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ آئی جی پنجاب نے تقریب پروموشن پانے والے انسپکٹر احمد بخش کی نابینا بچیوں سے منسوب کردی۔ فیصل آباد کے انسپکٹر احمد بخش کی دونوں نابینا بیٹیوں نے والد کی پروموشن پر جذبات و تاثرات سے آگاہ کیا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے سینئر افسران اور زیر تربیت اے ایس پیز کے ہمراہ انسپکٹرز کو پروموشن رینک لگائے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور، سینئر پولیس افسران نے ترقی پانے والے انسپکٹرز اور ان کے اہل خانہ کو مبارکباد دی۔ اس موقع پر 51 ویں کامن کے زیر تربیت اے ایس پیز نے ترقی پانے والے انسپکٹرز کے ہمراہ مشاورتی سیشن، رورل و اربن پولیسنگ امور اور تجربات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور و دیگر سینئر افسران کا زیر تربیت اے ایس پیز اور انسپکٹر رینک پر پروموٹ ہونے والے افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

سانگلہ ہل مسلم لیگ ن کے زیر اہتمام 5 فروری کو یوم یکجہتی کشمیر منایا جائیگا

سابق وفاقی وزیر چوہدری برجیس طاہر، یوتھ ونگ کے سابق ضلعی صدر علی طارق چیمہ خطاب کریں گے

ننکانہ صاحب (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے زیر اہتمام 5 فروری کو یوم یکجہتی کشمیر منایا جائیگا، سابق وفاقی وزیر چوہدری محمد برجیس طاہر کے پبلک سیکرٹریٹ میں جلسہ منعقد ہوگا، جس میں سابق وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان چوہدری محمد برجیس طاہر، مسلم لیگ ن کے صوبائی جوائنٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

مقررین کانفرنس کا کشمیریوں کے حق خودارادیت کی حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ

ہفتہ یکجہتی کشمیر کے آغاز کا اعلان کیا گیا، برطانیہ میں 2 فروری سے 11 فروری تک منایا جائے گا

اولڈہم (این این آئی) جموں وکشمیر تحریک حق خودارادیت انٹرنیشنل کے زیر اہتمام ایک کانفرنس میں مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو روکنے کے لیے بھارت پر سفارتی دباؤ بڑھانے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق تحریک حق خودارادیت انٹرنیشنل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)

ٹرمپ اور صدر عبدالفتاح السیسی کے درمیان مثبت اور تعمیری بات چیت

غزہ میں جنگ بندی کو مستحکم کرنے کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا، ترجمان مصری ایوان صدر

قاہرہ (این این آئی) مصری ایوان صدر نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے مصری ہم منصب سے بات کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مصری ایوان صدر کے سرکاری ترجمان سفیر محمد الشناوی نے کہا کہ اس کال میں دونوں صدور کے درمیان مثبت بات چیت ہوئی۔ گفتگو میں غزہ میں جنگ بندی معاہدے کے پہلے اور دوسرے مرحلے پر عمل درآمد جاری رکھنے اور غزہ میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

لاہور: پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ سے صدر انجمن تاجران مقصود بٹ ملاقات کر رہے ہیں

دھند کے باعث حد نگاہ کم ہونے سے زمینی، فضائی آمد و رفت متاثر، متعدد پروازیں تاخیر کا شکار

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب کے میدانی علاقے شدید دھند کی لپیٹ میں رہے، جس کے باعث زمینی اور فضائی آمد و رفت متاثر رہی، دھند کی وجہ سے متعدد پروازیں بھی متاثر ہوئیں۔ دھند کی وجہ سے موٹروے ایم 2 لاہور سے کوٹ مومن تک اور لاہور سیالکوٹ موٹروے ایم 11 کو بند رکھا گیا موٹروے حکام کے مطابق شدید دھند کے باعث کئی دیگر بڑی شاہراہیں بھی بند کی گئیں جس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

امریکی صدر ٹرمپ نے غزہ کے لوگوں کو مصر منتقل کرنے پر بات کی ہے، ذرائع کی تصدیق

قاہرہ (این این آئی) ایک ذریعے نے بتایا ہے کہ ٹرمپ نے ہفتے کے روز اپنے مصری ہم منصب کے ساتھ غزہ کی پٹی کی تعمیر نو کے لیے فلسطینیوں کو غزہ سے مصر اور اردن منتقل کرنے کے اپنے خیال پر بات کی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک امریکی اہلکار نے کہا کہ غزہ پر ٹرمپ کے بیانات بڑے پیمانے پر تباہی اور تعمیر نو کی بڑے پیمانے پر کوششوں کی ضرورت سے جڑے ہوئے ہیں۔ گذشتہ اتوار کو ٹرمپ نے مصر اور اردن کا حوالہ دیتے ہوئے فلسطینیوں کو غزہ سے بعض پڑوسی عرب ممالک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

پنجاب کی ترقی دیکھ کر حسد کرنیوالے اپنے صوبوں کی عوام کیلئے کام کر کے دکھائیں' احسن افضل کھوکھر

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما ملک احسن افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ پنجاب کی ترقی دیکھ کر حسد کرنے والے اپنے صوبوں کی عوام کے لئے کام کر کے دکھائیں، امن واستحکام کے بغیر ترقی ممکن نہیں، 2025 پاکستان کی مزید کامیابیوں کا سال ہوگا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ نواز شریف کی حکومت کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

ترکیہ ایکسپو میں غیر معمولی پذیرائی ہوا کا تازہ جھونکا ہے' پی سی ایم ای اے

ایکسپو میں شرکت کرنے والے برآمد کنندگان نے رپورٹ پیش کی، آئندہ سال کیلئے تجاویز زیر غور آئیں

41 ویں عالمی نمائش کیلئے رواں ہفتے ٹڈیپ کو مجوزہ تاریخوں سے آگاہ کرینگے' وائس چیئرمین کی زیر صدارت اجلاس

لاہور/کراچی (این این آئی) پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن نے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی پاکستان کی جانب سے ترکیہ میں حال ہی میں منعقد ہونے والی "کارپٹ ایکسپو" کیلئے بھرپور معاونت پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی نمائش میں پاکستان کے ہاتھ سے بنے قالینوں کی غیر معمولی پذیرائی اور بڑے پیمانے پر برآمدی سودے طے پانا مشکلات سے دوچار صنعت کیلئے ہوا کا تازہ جھونکا ہے، رواں سال (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

مکانات اور خیمے بنانے کے لیے بھاری سامان اور مشینری غزہ لے جانے کی اجازت

ساحلی پٹی میں خاص طور پر شمال میں مکانات اور خیموں کی تعمیر کے لیے ملبے کو ہٹانا پڑے گا، ذرائع

غزہ (این این آئی) غزہ کی پٹی اور مصر کے درمیان رفح بارڈر کراسنگ کے دوبارہ کھلنے کے ساتھ ذرائع نے انکشاف کیا ہے کہ ثالث ممالک مصر، قطر اور امریکہ کی کوششوں سے طے پائے جنگ بندی معاہدے کے بعد آنے والے دنوں میں بھاری ساز و سامان اور کھدائی کرنے والی بھاری مشینری غزہ کی پٹی میں داخل کرنے کی اجازت دی جائے گی۔ ذرائع نے عرب ٹی وی کو اس بات کی بھی تصدیق کی کہ ساحلی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)

لاہور: تعطیل کے روز بچے چائنہ چوک میں نصب جہاز کے ساتھ کھیل رہے ہیں

آئی جی پنجاب کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا دعویٰ محض دعویٰ

سانگلہ ہل شہر بھر اور گردونواح میں سکیورٹی اداروں کی ناک کے نیچے منشیات فروشی عروج پر پہنچ گئی

ننکانہ صاحب (این این آئی) آئی جی پنجاب کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا دعویٰ محض دعویٰ۔ سانگلہ ہل شہر بھر اور گردونواح میں سکیورٹی اداروں کی ناک کے نیچے منشیات فروشی عروج پر پہنچ گئی۔ سماجی تنظیموں کے نمائندگان کا ڈی پی او ننکانہ سمیت آئی جی پنجاب اور وفاقی وزیر انسداد منشیات سے سختی سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ سانگلہ ہل شہر بھر اور گردونواح کے دیہاتوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 68)

ننکانہ صاحب پرائس کنٹرول مجسٹریٹ کی مبینہ ملی بھگت پرائس لسٹوں پر عملدرآمد نہ ہوسکا

خود ساختہ قیمتوں پر اشیا خورد و نوش سبزیوں اور پھلوں کی فروخت کا سلسلہ دھڑلے سے جاری

ننکانہ صاحب (این این آئی) ننکانہ صاحب پرائس کنٹرول مجسٹریٹ کی مبینہ ملی بھگت پرائس لسٹوں پر عملدرآمد نہ ہوسکا۔ خود ساختہ قیمتوں پر اشیا خورد و نوش کی فروخت کا سلسلہ دھڑلے سے جاری۔ رپورٹ کے مطابق شاہ کوٹ، سانگلہ ہل، ننکانہ صاحب و گردونواح میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری پرائس کنٹرول لسٹ بری طرح نظر انداز ہونے لگی غریب عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 70)

فیصل آباد: سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان حلقہ این اے 97 کے دورہ کے موقع پر لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

غزہ معاہدے کے دوسرے مرحلے کے لیے مذاکرات آج ہونگے، اسرائیلی وزیراعظم

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل نے اعلان کیا کہ وہ غزہ میں جنگ بندی کے معاہدے کے دوسرے مرحلے کے حوالے سے تین فروری کو حماس کے ساتھ بالواسطہ مذاکرات دوبارہ شروع کرے گا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو کے دفتر نے ایک بیان میں کہا کہ انہوں نے ہفتے کی شام امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مشرق وسطی کے لیے خصوصی ایلچی سٹیو وٹ کوف سے بات کی۔ انہوں نے مزید کہا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 66)

ٹیکس نظام کو پیپر لیس، آٹومیشن پر لائے بغیر اہداف حاصل نہیں ہوسکتے' ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ ٹیکس نظام کو پیپر لیس اور آٹومیشن پر لائے بغیر ریونیو گروتھ اور ٹیکس بیس کو بڑھانا مشکل ہے، ایف بی آر کو صرف اپنے اہداف پورے کرنے سے غرض رہی ہے، اصلاحات نہ ہونے کی وجہ سے 77 سالوں میں آبادی کے لحاظ سے صرف 0.7 افراد اپنے گوشوارے جمع کراتے ہیں اور ٹیکس ٹو جی ڈی پی 8 فیصد کی حد عبور نہیں کرسکا۔ ایسوسی ایشن کے صدر میاں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 67)

ٹرانسفارمیشن کے ذریعے ادارے کی کارپوریٹ طرز پر بنیاد رکھنے کیلئے عملی پیشرفت جاری ہے' علی ارشد رانا

لاہور (این این آئی) پنجاب سیڈ کارپوریشن کے مینیجنگ ڈائریکٹر علی ارشد رانا نے کہا ہے کہ ٹرانسفارمیشن کے ذریعے ادارے کی کارپوریٹ طرز پر بنیاد رکھنے کیلئے عملی پیشرفت کر رہے ہیں، مختلف بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت اور زیادہ پیداواری صلاحیت کے حامل بیجوں کی تیاری اولین ترجیح ہے، جس کیلئے ریسرچ پر توجہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 69)

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 ایاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور